جملہ حقوق محفوظ
الٰہی غنچۂ امید بکشائی
عملیات جہانگیری
ملنے کا پتہ
جہانگیر بک ڈپو لاہور نولکھا بازار
پرنٹر پریس شیراز نوری

عملیات تعویذات کی آزمودہ اور نایاب کتاب
عملیات جہانگیری
مصنفہ۔ عامل باعمل حضرت صوفی شرف الدین احمد صاحب وارثی میرٹھی صابری نظامی قلندری چشتی نقشبندی سہروردی
کتاب کیا ہے ایک بے بہا خزانہ ہے اگر آپ کسی قسم کی مشکلات میں اسیر ہوں اور کامیابی کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو۔ تو اس کتاب سے فائدہ اٹھائیں۔ اس کتاب کا کوئی عمل کوئی تعویذ کوئی وظیفہ ایسا نہیں جس کے ذریعے آپ اپنی مراد حاصل نہ کر سکیں۔ جو چاہو گے وہی ہوگا۔ اور ہو کر رہیگا۔ اگر آپ کتاب میں درج شدہ ہدایات پر عمل کریں گے۔
انہوں نے کتاب میں درج شدہ عملیات تعویذات اور وظائف کی عام اجازت دے رکھی ہے۔ آپ اس کتاب کو ضرور خریدیں۔
ہدیہ 40 روپے
منگوانے کا پتہ
جہانگیر بک ڈپو اردو بازار لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط

اللہ تعالیٰ کی حمد اور حضرت سید الاصفیاء، خاتم الانبیا سرور دارین جد الحسن والحسین علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نعت شریف اور حضرات صحابہ کبار رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی منقبت کے بعد اپنے مالک و وارث کی آستاں بوسی عالم تصور میں کرتا ہوں۔ جن کے کرم و تصرف نے ہر موقعہ پر میری دست گیری فرمائی ہے۔ ناظرین والاتمکین! برسوں بزرگان کرام کی خدمات اور ہزاروں میل کی سیاحت اور ممالک اسلامیہ کی زیارت کے بعد جو بے بہا جواہرات مجھے حاصل ہوئے ہیں۔ وہ صرف اس بنیاد پر کہ دنیائے فانی آنی جانی ہے۔ کہیں ایسا نہ ہو۔ کہ یہ انمول خزانہ پردہ اخفا میں رہ جائے۔ حوالہ قلم کر رہا ہوں۔

چونکہ حسب دستور زمانہ ایک سے دوسرے کو ہمیشہ فیض حاصل ہوتا ہے۔ بنا بریں یہ گذارش بھی غیر موزوں نہ ہوگی۔ کہ جو حضرات اس گنج بے بہا سے مستفیض ہوں۔ وہ مجھ ذرہ بے مقدار کے لئے دعائے خیر ضرور فرمائیں۔ یہ کتاب اس سلسلے میں میری دوسری تصنیف ہے۔ شاہد غیبی یعنی مجربات صوفی جو پہلے چھپ چکی ہے۔ اور عوام وخاص میں مقبولیت حاصل کر چکی ہے۔ اب اگرچہ اس کا ملنا دشوار ہے۔ پھر بھی میں نے اس کتاب میں تمام ضروری ہدایات عاملوں کے لئے لکھ دی ہیں۔ مجھے یقین ہے۔ کہ ان صفحات کی موجودگی میں انشاء اللہ کسی دوسری کتاب کی احتیاج باقی نہ رہے گی۔ اور اپنی اپنی منشا کے مطابق ہر شخص اس کتاب سے استفادہ حاصل کر سکے گا۔ درخواست ہے۔ کہ جو صاحب اس کے کسی عمل سے مستفید ہوں۔ وہ مجھے ضرور دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔ اس لئے کہ

ہستی را نمے بینم بقائے

صوفی وارثی میرٹھی لاہور

ہر عامل کو سب سے پہلے علم الاعداد سے واقفیت حاصل کرنے کی ضرورت ہے اس لئے ہم ذیل میں اعداد حروف لفظی قمری۔ شمسی۔ جفری۔ انگریزی درج کئے دیتے ہیں۔ وقت ضرورت اس واقفیت سے بڑی مدد ملے گی۔

حروف	اعداد ملفوظی	اعداد قمری	اعداد شمسی	اعداد جفری
الف	۱۱۱	۱	۱	۱
با	۳	۲	۲	۲
پے	۳	۲	۲	۲
تا	۴۰۱	۴۰۰	۳	۴
ٹے	۴۱۰	۴۰۰	۳	۴
ثا	۵۰۱	۵۰۰	۴	۵
جیم	۵۳	۳	۵	۳
چے	۱۳	۳	۵	۳
حا	۹	۸	۶	۸
خا	۶۰۱	۶۰۰	۷	۶
دال	۳۵	۴	۸	۴
ڈال	۳۵	۴	۸	۴
ذال	۷۳۱	۷۰۰	۹	۷
را	۲۰۱	۲۰۰	۱۰	۲
ڑے	۲۱۰	۲۰۰	۱۰	۲
زا	۸	۷	۲۰	۷
ژے	۱۷	۷	۲۰	۷
سین	۱۲۰	۶۰	۳۰	۶
شین	۳۶۰	۳۰۰	۴۰	۳

صاد	۹۵	۹۰	۵۰	۹
ضاد	۸۰۵	۸۰۰	۶۰	۸
طا	۱۰	۹	۷۰	۹
ظا	۹۰۱	۹۰۰	۸۰	۹
عین	۱۳۰	۷۰	۹۰	۷
غین	۱۰۶۰	۱۰۰۰	۱۰۰	۱
فا	۸۱	۸۰	۲۰۰	۸
قاف	۱۸۱	۱۰۰	۳۰۰	۱
کاف	۱۰۱	۲۰	۴۰۰	۲
گاف	۱۰۱	۲۰	۴۰۰	۲
لام	۷۱	۳۰	۵۰۰	۳
میم	۹۰	۴۰	۶۰۰	۴
نون	۱۰۶	۵۰	۷۰۰	۵
واؤ	۱۳	۶	۸۰۰	۶
ہا	۶	۵	۹۰۰	۵
یا	۱۱	۱۰	۱۰۰۰	۱

حروفِ ابجد انگریزی

۱	A·Y·I·J·Q	۶	V·W·X·U
۲	B·C·K·R	۷	Z·O
۳	G·S·E	۸	F·P·H
۴	D·M·T	۹	L
۵	E·N	۱۰	~~~

اصطلاحات عاملین

اساس۔ ا۔ب۔ج۔د۔ھ۔و۔ز۔ح۔ط۔ی۔ک۔ل۔م۔ن یہ حروف اساس کہلاتے ہیں۔

نظیرہ۔س۔ع۔ف۔ص۔ق۔ر۔ش۔ت۔ث۔خ۔ذ۔ض۔ظ۔غ یہ نظیرہ کہلاتے ہیں۔

۱۔ اکائی کی بجائے دہائی۔ دہائی کی جگہ سینکڑہ اور سینکڑہ کے بدلے غین لینا۔ اور ایک ہزار کے لئے دو غین لینے کو کہتے ہیں۔ (ترفع عددی)

۲۔ حروف کے مزاج کو بدلنا یعنی الف کو بے سے بے کو تے سے کہلاتا ہے۔

(ترفع مزاجی)

۳۔ نام مطلوب معہ مادر کے نام کے لکھو۔ اور پھر نام طالب معہ مادر کے دونوں میں جس نام کے حروف زاید ہوں۔ زاید حروف الگ لکھ لو۔ پھر ایک طالب کے نام کا حرف لکھو۔ اور ایک مطلوب کے نام کا۔ حروف زاید اگر طالب کے ہوں۔ تو سب شروع میں لکھو۔ ورنہ آخر میں اسے کہتے ہیں۔ (ملسبط تمازج)

۴۔ ک کے اعداد بیس ہیں۔ اور بقاعدہ ابجد شمار میں گیارھواں حرف ہے۔ اعداد کو شمار سے ضرب دیا۔ تو دو سو بیس ہوئے۔ یہ عدد کہلاتا ہے۔ (مستحصلہ)

۵۔ اعداد کو اعداد سے ضرب دینا۔ جیسے کاف کو کاف کے اعداد سے ضرب دیا۔ تو چار سو ہوئے۔ یہ کہلاتا ہے۔ (جذر)

۶۔ کلوؔ کا مسیّب واؤ ہے۔ چوں کہ واؤ کے اعداد کا دگنا کوئی حرف نہیں۔ اس لئے ی اور ب لے گئے ہیں۔ اسے کہتے ہیں۔ (ملسبط تضعیف)

۷۔ استنطاق اگرچہ سطری میزان دینے کو کہتے ہیں۔ مگر عاملین کی اصطلاح میں اُس کی مثال یہ ہے۔

ا	ہ	ط	م	ف	ش	ز	ب	و	ی	ن	ص	ت	ض
ج	ز	ک	س	ق	ت	ظ	د	ح	ل	ع	ر	خ	غ

گویا صوفی کا استنطاق بنا۔ صرح فق یل

۸۔ اسمائے حسنہ کے شروع کا لفظ کہلاتا ہے (زبور ریہ) جیسے رقیب کی ر
آخر کا حرف مبینہ کہلاتا ہے۔ جیسے رقیب کی ب

۹۔ مدخل کبیر اعداد مکتوبی کو کہتے ہیں۔

۱۰۔ مدخل صغیر جفری اعداد کو کہتے ہیں۔

۱۱۔ تخلیص۔ مکرر سہ کرر حروف کے سقوط کو کہتے ہیں۔

تکسیر جفری کی مثال

تکسیر میں ایک حروف اوّل ایک آخر کا لے کر چند سطروں میں زمام نکالنے کو کہتے ہیں مثلاً

ع م ر	د د و د	ب ک ر
ر ع ک	م ب ر د	و و د
د ر و	ع د ک د	م ر ب
ب د ر	ر م و د	ع ک د
و ب ک	ر ع ر د	د و م
م و د	ب ر ک و	د ر ع
ع م ر	د د ء د	ب ک ر

یہ نیچے کی سطر زمام کہلاتی ہے

۱۲۔ کسی اسمِ الٰہی کی دعوت ادا کرنے سے ان سب ناموں کی دعوت ادا ہو جاتی ہے۔ جو دعوت ادا کیئے ہوئے نام کے پہلے حروف سے شروع ہوں مثلاً اگر باسط کی دعوت ادا کر دی۔ تو ان سب ناموں کی دعوت بھی ہوگئی۔

باقی باعث بدیع باطن بصیر برّ باری

نحس تاریخیں

ان تاریخوں میں اگر کسی کام کی ابتداء نہ کریں تو مناسب ہے اگرچہ کُلَّ یَوْمٍ ھُوَ فِی شَان صحیح ہے

جنوری ۱-۲-۴-۶-۱۱-۱۲-۲۰	فروری ۱-۲-۱۷-۱۸	مارچ ۱۴-۱۶
اپریل ۱۰-۱۷-۱۸	مئی ۷-۸	جون ۱۷
جولائی ۱۷	اگست ۱۰-۱۷	ستمبر ۱۰-۱۸
اکتوبر ۶	نومبر ۶-۱۰	دسمبر ۶-۱۱-۱۵

مُبارک ساعتیں

عاملوں کو بالخصوص ان ساعتوں کا خیال رکھنا چاہیئے ہم ہر دن کی پہلی ساعت جن کاموں کے لئے مناسب ہے۔ انہیں لکھے دیتے ہیں۔

پیر کی پہلی ساعت نکاح کے لئے	منگل کی پہلی ساعت بغض کے لئے
بُدھ کی پہلی ساعت کسی کو بیمار ڈالنے کیلئے	جمعرات کی پہلی ساعت فتوح کے لئے
جمعہ کی پہلی ساعت تسخیر کے لئے	ہفتہ کی پہلی ساعت تندرستی کے لئے
اتوار کی پہلی ساعت محبّت کے لئے	

جہاتِ رجال الغیب

جب یہ سامنے ہوں۔ اور سیدھی طرف تو ہرگز کوئی کام شروع نہ کرو۔ اکثر لوگ اعمال میں کامیاب نہیں ہوتے وہ بغیر واقفیت کے جب چاہے عمل شروع کر دیتے ہیں۔ اور ناکامی کا منہ دیکھ کر عملیات سے بدعقیدہ ہو جاتے ہیں۔ لہٰذا انضباط شرط ہے۔ ہم تاریخ وار رجال الغیب کے رُخ کی تفصیل ذیل میں لکھے دیتے ہیں۔

۱-۲-۱۶-۲۴ مابین شرق و جنوب	۲-۱۰-۱۷-۲۵ مابین غرب و جنوب
۳-۱۱-۱۳-۲۶ جنوب	۴-۱۲-۱۹-۲۷ مغرب

۵-۱۸-۲۰	غرب وشمال	۶-۲۱-۲۸	شرق وشمال
۷-۱۴-۲۹	مشرق	۸-۱۵-۲۳-۳۰	مغرب

مہینوں کی تفصیل

اکثر عملیات میں مہینوں کی شرط ہوتی ہے۔ کہ ثابت مہینہ ہو۔ یا منقلب (وغیرہ) ذیل میں مہینوں کی تفاصیل بھی درج ہے۔ تاکہ ضرورت میں کام دے۔

ثابت مہینے۔ اگھن۔ پھاگن۔ جیٹھ۔ بھادوں منقلب مہینے۔ کاتک۔ ماہ۔ بیساکھ۔ ساون

ذوجعدین مہینے۔ کنوار۔ پوس۔ چیت۔ اساڑھ

حروف ابجد کی قسم

آبی حروف۔ ج۔ ز۔ ک۔ س۔ ق۔ ث۔ ظ خاکی حرف۔ د۔ ہ۔ ل۔ ع۔ ر۔ خ۔ غ

بادی حرف ب۔ و۔ ی۔ ن۔ ص۔ ت۔ ض آتشی حرف ا۔ ح۔ ط۔ م۔ ف۔ ش۔ ذ

کن حروفوں کا کون سے ستارے سے تعلق ہے۔ اور وہ کون سے دن کونسی رات سے تعلق رکھتے ہیں۔ ذیل کے نقشے میں یہ تفصیل ہے۔ اور کس کس کام سے مناسبت رکھتے ہیں۔

حروف	ستارہ	کام	دن	رات
ا۔ ب۔ ج۔ د	زحل	دفع شر کے لئے	ہفتہ	منگل
ہ۔ و۔ ز۔ ح	مشتری	تسخیر کے لئے	جمعرات	اتوار
ط۔ ی۔ ک۔ ل	مریخ	وسعت رزق کے لئے	منگل	جمعہ
م۔ ن۔ س۔ ع	شمس	ترقی و بہبودی کے لئے	اتوار	بدھ
ف۔ ص۔ ق۔ ر	زہرہ	ترقی درجات کے لئے	جمعہ	پیر
ش۔ ت۔ ث۔ خ	عطارد	لکھنے پڑھنے کے لئے	بدھ	ہفتہ
ذ۔ ض۔ ظ۔ غ	قمر	مغلوبی دشمن کے لئے	پیر	جمعرات

بارہ برجوں کی تفصیل اور اُن کے موکلوں کا نام

ان کا مزاج اور ان کے صدقہ کا نظام

برج	اسد	سرطان	حمل	عقرب	جوزا	سنبلہ	قوس	حوت	ثور	میزان	جدی	دلو
مزاج	آتشی	آبی	آتشی	آبی	بادی	خاکی	آتشی	آبی	خاکی	بادی	خاکی	بادی
صدقہ	چاندی	سرخ کپڑا	ارہر	چاول	چنا	ارد	سیاہ کپڑا	سبز کپڑا	مونگ	باجرہ	سونا	خاکی کپڑا
موکل کا نام	سرائیل	قہقائیل	اسرافیل	صرائیل	نطرائیل	سکہیل	مطائیل	فبثائیل	عزرائیل	سراکیل	سمعائیل	صحکائیل

ابجد حروف کے موکلوں کے نام

الف	ب	ت	ث	ج	ح	خ	د	ذ	ر	ز	س	ش
اسرافیل	جبرائیل	عزرائیل	میکائیل	کلکائیل	تنکفیل	مہکائیل	اہراطیل	دردائیل	اموکیل	شرفائیل	ہموکیل	ہمرائیل
ص	ض	ط	ظ	ع	غ	ف	ق	ک	ل	م	ن	و
اہجمائیل	عطکائیل	اسماعیل	اوزائیل	لوعائیل	لوفائیل	سرحکائیل	عطرائیل	دفدائیل	طلطائیل	ددیائیل	جولائیل	رفمائیل

اپنے نام کا موکل بنانے کا ایک طریقہ

مثال کے طور پر شرف الدین نام کے ۶۷۵ اعداد ہوتے ہیں۔ ان اعداد کو ان ہی اعداد سے ضرب دیا۔ ۶۷۵ × ۶۷۵ : ۴۷۷۶۲۵

اب ہر ہندسہ کا حرف لیلیا اور آگے آئیل لگا دیا۔ ہ ب و ز ز د } ہوززدائیل

اپنے نام کی روحانیت نکالنے کا طریقہ

سبحانک کا حرف آخر الگ کیا۔ تو سبحان رہا۔ جس کے اعداد ۱۲۱ ہوتے ہیں۔ ان کا لفظ بنایا۔ تو لصا ہوتا ہے۔ جو کاف سبحانک کا الگ کیا تھا۔ وہ لصا کے شروع میں لکھو۔ تو کلصا ہوا۔ آگے آئیل لکھو۔ کلصائیل۔ یہ نام کی روحانیت کہلاتی ہے۔

خدا کے ہر نام کی خلوت کا طریقہ

اعدا نام کو انہی اعداد سے ضرب دو۔ اور اتنے ہی دن اتنی مرتبہ روزانہ پڑھنے کا نام گویا خلوت ہے مثلاً وہاب کے اعداد ۱۴ ہوتے ہیں۔ ۱۴ اسے ہی ضرب دو۔ ۱۹۶ ہوئے۔ ایک سو چھیانوے بار روزانہ پڑھنا ایک سو چھیانوے دن تک۔ یا وہاب کی خلوت ہے۔

موکلات

ہر اسم کے پہلے حروف سے موکل وابستہ ہوتا ہے۔ چوں کہ ستاروں کے موکل بھی علیحدہ علیحدہ ہیں ہر ستارہ کا مقام موکل و نام علیحدہ علیحدہ درج کیئے جاتے ہیں۔ ملاحظہ کیجئے۔

آسمان اول	قمر	کافور اس کا بخور ہے	تقویل موکل کا نام
〃 دوم	عطارد	تج سرخ 〃 〃	ہمیائیل
〃 سوم	زہرہ	صندل سفید 〃	آئیل
〃 چہارم	آفتاب	دار چینی 〃 〃	اسمعو
〃 پنجم	مریخ	عود یا زعفران 〃	کلیمنا
〃 ششم	مشتری	لوبان 〃 〃	بخراد
〃 ہفتم	زحل	گوگل 〃 〃	روقائیل

فہرست اشیائے جلالی

بعض عملوں میں پرہیز ہوتا ہے۔ جلالی و جمالی اشیاء۔ کا اس لئے اس کا بھی لحاظ ضرور رکھا جائے گھی گوشت مچھلی انڈا شکار شہد مشک۔ چرمی سامان یا اس کی اشیاء میں رکھی ہوئی شئے ریشمی یا اُونی پارچہ حیوانات سے تعلق رکھنے والی اشیاء جماع مسور سرکہ۔ پیاز مولی ہینگ نمک میوہ عنبر کا بستر سلا ہوا کپڑا۔ پتا توڑنا بدن سے خون نکلنا۔ سواری پر سوار ہونا۔ روزہ لازمی رکھنا پڑتا ہے۔

اشیائے جمالی

گوشت مچھلی بسر کا لہسن پیاز۔ دہی جماع البتہ نمک لاہوری استعمال کرنے کی اجازت ہے

پتھروں کو جن ستاروں سے نسبت ہے

ہیرا	یاقوت	یشب	نیلم	بلور	لال	لاجورد	فیروزہ	زہر مہرہ	عقیق	دہان فرنگ
شمس	شمس	شمس	شمس	مریخ	مریخ	عطارد	زحل	زحل	زحل	مشتری

حصار

جو ہر عمل میں حفاظت جان کے لئے کیا جاتا ہے۔ پہلے درود شریف پڑھے پھر والشمس والقمر والنجوم مسخرات بامرہٖ الا لہ الخلق تبارک اللہ تعالےٰ رب العالمین گرد من خانہ من گرد فرزندان من گرد دستان حصار شو دیخبردار باشی بحق سلیمان بن داؤد علیہ السلام بحق اشراھیا بحق علیفگا انت تعلم وبحق ما فی قلوبھم وبحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ وبحق یا مومن یا مھیمن پھر درود شریف پڑھے اور دستک دے۔ نیز کالے ریشمی تاگے پر دم کر کے اپنے چاروں طرف تاگے کا حصار کر لے موکلات ہرگز نقصان نہ پہنچا سکیں گے۔

گھر سے نکلتے وقت کیا کھا کر نکلنا چاہئے

ہفتہ کو مچھلی کھا کر نکلنا چاہئے ۹ بجے صبح۔ اتوار کو پان کھا کر نکلنا چاہئے ۶ بجے صبح

پیر کو الائچی 〃 ۶ بجے صبح۔ منگل کو دھنیا 〃 ۹ بجے صبح

بدھ کو دہی 〃 ۶ بجے صبح۔ جمعرات کو گڑ ۶ بجے صبح

جمعہ کو دودھ پینا چاہئے بعد دوپہر

شب قدر کا تعین

قرآن پاک میں لیلۃ القدر کا نام سورۂ قدر میں تین مرتبہ آیا ہے۔ اور لیلۃ القدر میں نو حرف ہیں

نو تئیے ستائیس ہوتے ہیں۔ اسلئے علماء صوفیا کا اتفاق ہے۔ کہ ستائیسویں شب قدر کی ہے۔ بعض بزرگوں کا یہ بھی مقولہ ہے۔

شب یک شنبہ شب قدر بود در آفاق
بعد از نصف ماہ رمضان در شب طاق
ہفدم و نوزدم و بست یکم بست سوم
بود ازیں ہر سہ شب طاق بود اے مشتاق

اگر کسی کا عمل بگڑ جائے اور اسے رجعت ہو جائے تو اس کے دفعیہ کے لئے ایر سا سا سار سا سور سا دم کر کے پانی پلاؤ۔

زکوٰۃ حروف تہجی کی ۔ ۴۴۴۴ بار روزانہ ۸ ادن تک پڑھنے سے ادا ہو جاتی ہے۔

وظائف میں وقت۔ اور اعمال میں ستارے کی پابندی کرنی لازمی ہوتی ہے۔

اسماء حسنیٰ میں طاق حروف والے برائے تفریق اور جفت حروف والے برائے ملاپ مؤثر ہیں۔

خاص راز۔ ہم اعداد نام خود نام الٰہی پڑھنا اہل اللہ کا خاص راز ہے۔

۲۔ خدا کے ناموں میں سے کسی نام کے عدد نکال کر تین کے اعداد اور ملا کر جتنی تعداد ہو۔ تعداد کے مطابق اُتنے ہی دن پڑھنا عاملین کا خاص راز ہے۔

بغض اور محبت کے اعمال میں ہمیشہ شمسی اور قمری اعداد دئیے جاتے ہیں۔ نیز حُب کے نقوش انار کی لکڑی سے لکھنے زود تاثیر ہیں۔ نیز اعمال میں پیدائشی نام کے اعداد لینے چاہئیں۔ اعمال میں عمل کثیر سے مراد اکثر ۸۳ عدد سے ہوتی ہے۔

حروف نورانی و ظلماتی۔ منقوط اور غیر منقوط حروف کو کہتے ہیں۔

مؤکل اگر طالب و مطلوب کے ناموں کے مخالف ہوں۔ تو بجائے زبور یہ کے حروف بینہ لے لو۔ یہ تفصیل گذر چکی ہے۔

مسحور یعنی سحر زدہ کو۔ نقش ہمیشہ شیشے پر لکھ کر پلانے چاہئیں۔

علم جفر کی رو سے اگر کسی سوال کا جواب لینا ہو

تو اعداد نام سائل اعداد ساعت یوم سن عیسوی کے اعداد اور ۸۶، کل جمع کر لو۔ اور

نین پر تقسیم کرو۔
ایک باقی رہے تو جواب موافقت کا پہلو لئے ہے دو باقی بچیں۔ تو جواب تذبذب و کشمکش کا پہلو لئے ہوئے ہے۔ پورا تقسیم ہوجائے۔ تو جواب صاف انکار قطعی۔ اگر پر دیسی کے متعلق ہو۔ تو پہلی صورت میں آئے۔ دوسری صورت دیر میں آئے تیسری میں نہ آئے۔

مسئلہ یا تل کا منشاء

پس تو یہ ہے۔ کہ مسہ خوش نصیب آدمی کے ہوتا ہی نہیں۔ اللہ ماشاء اللہ۔ رہا تل یا گر سیدھی طرف ہو۔ تو خوش نصیبی ہے۔ عورت کی کنپٹی پر ہو۔ تو زبان درازی کا نشان ہے۔ بائیں کان کی لو پر ہو۔ تو درازئ عمر کی علامت ہے۔ آنکھ کے پپوٹوں پر ہو۔ تو دائم المرض ہو۔ گردن پر ہو تو مالداری کا نمغہ۔ دونوں نتھنوں پر ہو۔ تو زیادہ عمر سفر میں گذرے۔ رخسار پر ہو۔ تو متوسط الحال ہو حسین ہو۔ ہونٹوں پر ہو۔ حریص ہو۔ ٹھوڑی پر ہو۔ تو ہر دلعزیز ہو۔ کاندھوں پر ہو۔ تو محنتی ہونے کی دلیل ہے۔ کہنی پر ہو۔ تو متلون مزاج ہو ہتھیلی پر تل ہمیشہ شاد کام آدمی کے ہوتا ہے۔
بغل میں ہو۔ تو ناگہانی موت کا شکار ہو۔ داہنی چھاتی پر ہو۔ تو عمر بھر میں کبھی نہ کبھی غربت سے ضرور دوچار ہو۔ چھاتیوں کے درمیان ہو۔ تو شاعر ہو۔ پسلیوں پر ہو۔ تو مزدور ہو۔ پیٹ پر تل شکم پرور کے ہوتا ہے۔ ران پر دولت مند کے۔ بائیں ران کا تل منحوس ہوتا ہے۔
واللہ اعلم بالصواب

صدقہ دیا رد بلا یہ مقولہ ہرگز غلط نہیں۔ بالکل ٹھیک ہے۔ صاحب لطائف المعارف صدقہ کی بڑی فضیلت لکھتے ہیں۔ ذیل میں تین قسم کے صدقات درج ہیں کسی مصیبت کے وقت اگر کوئی شخص ان میں سے کوئی صدقہ دے دے گا۔ تو یقین رکھے۔ کہ اس کی آئی ہوئی بلائیں خدائے رب العزت ٹال دے گا۔ اور وہ ہر بلا سے محفوظ رہے گا۔

صدقہ ہفت روزہ

جمعہ کے دن بچوں کو کھیر کھلائے۔ ہفتہ کے دن سات قسم کا اناج اور تیل خیرات کرے۔

اتوار کے دن کسی کو حلوا کھلائے۔ پیر کے دن چیونٹیوں کو شکر کھلائے۔
منگل کے دن مونگ سالم حلال خور کو دے۔ بدھ کے دن پھل بچوں کو تقسیم کرے۔
جمعرات کے دن چیلوں کو گوشت کھلائے۔
سخت مصیبت کے وقت یہ صدقہ دے مشکل آسان ہو گی۔

صدقہ ابو العباسیہ اندھیرے کمرے میں بکری ذبح کرے۔ خون بہنے نہ دے بلکہ گڑھا کھود کر دبا دے جس کی طرف سے صدقہ ہو۔ ذبح کرتے وقت اس کا نام ضرور لیا جائے۔ گوشت غربا کو تقسیم کیا جائے۔ مگر کسی عیال دار کو نہ دیا جائے۔

رقعہ صدقہ ۔ یہ رقعہ ہاتھ میں لے کر سر سے اونچا اٹھالے۔ اور اس کی برکت سے دعا مانگے۔ اللہ تعالیٰ قبول فرماتا ہے۔ دعا مانگ کر رقعہ کوئیں میں ڈال دیا جاتا ہے۔ اور موسمی پھل حسب توفیق تقسیم کئے جائیں جس مقصد کی خاطر یہ عمل کیا جائیگا۔ انشاء اللہ فوراً ہو گا۔ رقعہ صدقہ یہ ہے۔

صعہ صحر صلی ۹۹۹ معہ خلصہ فالاماے وہ صصہ ریرہ دبی کے ۱۹۲۳۱۸ لالا رہی حصے مارہیم مرہ ۹ ۱۲۱۲ فاستجنبالہ ونجیناہ من الغم وکذالک ننجی المومنین

توشہ اصحاب کہف

گوشت بکری ۵ ثار گھی ایک ثار آٹا ۵ ثار پراٹھے اور قورمہ پکایا جائے۔ سات آدمیوں کی دعوت کردی جائے۔ اور کسی کتے کی بھی دعوت کردی جائے۔ جب کوئی کتا ملے اس سے کہہ دیا جائے کہ آج آپ کی ہمارے یہاں دعوت ہے۔ اول تو کتا آتا ہے۔ ورنہ اس کا کھانا کسی جانور کو کھلا دیا جائے۔ کھانے والے پکانے والے سب صوم و صلوٰۃ کے پابند ہوں۔ کھانے پر اصحاب کہف کی نیاز دلائی جائے۔

نام حضرات اصحاب کہف یہ ہیں ملیخا، مکسلمینا، کشفوطط، طبیونس، کشافطیوس، اذرخطیوس، یونس، یوانس (قطمیر)

حضرت احمد عبد الحق کا توشہ تجربہ شاہد ہے۔ کہ جس کام کیلئے کیا گیا کبھی ناکامی کا منہ نہیں دیکھنا پڑا۔ یہ وہ چیزیں ہیں جنہیں مشائخ عام طور پر نہیں بتاتے۔ ضرورت مند حضرات یقین اور اعتقاد سے کریں گے۔ تو مراد پائیں گے۔ ترکیب یہ ہے۔ کہ میوہ گھی سوجی شکر سب

برابر کے ہوں۔ اور مرد نمازی حلوا تیار کرے۔ باوضو ہو۔ کھانے والے بھی نمازی ہوں۔ حقہ پینے والے نہ ہوں۔ بعد تیاری حضرت صاحب کی نیاز دلائی جائے۔ اور اس جگہ کھانے والے آگو کھائیں خدا نے چاہا۔ مراد بر آئے گی۔

نقش حاجت روا

خدا کے فضل سے آج تک یہ نقش بیکار نہیں گیا۔ حل المشکلات ہے شرط یہ ہے۔ کہ اس نقش کو باوضو لکھ کر آٹے میں گولی بنا لی جائے۔ صاحب مراد خود جا کے ڈالنے دریا میں۔ بگر جب جائے۔ توڑ ڈالنے کے وقت کسی سے کلام نہ کرے۔ اگر راستے میں کسی سے بولے گا۔ تو کام ہونے میں شک ہے۔ ورنہ صاحب نقش فرماتے ہیں۔ کہ یہ عمل کرنے کے بعد اگر آدمی اپنے مقاصد جائز میں ناکام ہو۔ تو کل قیامت کے دن دامن گیری کرے۔ اور خدا سے فریادی ہو مصنف کتاب نے بارہا اس کا تجربہ کیا۔ کام نہیں ہوتا تو تعویذ ڈالنے والا راہ میں بول پڑتا ہے۔ ورنہ پھر کام بننے میں دیر نہیں لگتی۔ نقش یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم بسم اللہ الملک الحق المبین لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم من العبد الذلیل یہاں اپنا نام لکھے الی المعلی الجلیل مسنی الضر وانت ارحم الراحمین

نقش سرکاری بغرض جمیع مشکلات و مہمات

١٠٤٩ ٧٨٦

٢٣٧	٢٣١	٢٣٩
٢٣٨	٢٣٦	٢٣٣
٢٣٢	٢٤٠	٢٣٥

باوضو ہو کر لکھ کر ایک چاندی کے ورق میں لپیٹ کر پاس رکھے۔ خدا تعالیٰ اس کی برکت و طفیل سے ہر بگڑا ہوا کام سنوار دے گا۔ مشکلات میں آسانی ہوگی۔ رزق میں برکت ہوگی۔

نمازیں

نماز اول تو ویسے ہی فرض ہے۔ پھر دیکھیئے کہ اس قدر ضروری چیز ہے۔ کہ حضرت سیدنا امام حسین علیہ السلام وقت شہادت بھی کربلا کے میدان میں سر سجدہ تھے۔ پھر ہمارے حضور خاتم الانبیا صلی اللہ علیہ وسلم بھی اپنی عمر نمازوں میں ہی گذارتے تھے۔ بزرگان و پیران سلسلہ سے بھی اکثر نمازوں کا سلسلہ ملتا ہے۔ کاش ہم مسلمانوں میں اللہ تعالیٰ نمازوں کا شوق دے۔ پھر ذیل میں جن نمازوں کا

ذکر ہے۔ وہ نور علیٰ نور ہیں۔ اللہ تعالیٰ جس کو بھی توفیق دیدے۔ وہ ان نمازوں میں سے کسی نماز کو پڑھے گا۔ تو اس کے فوائد و برکات سے بھی انشاءاللہ محروم نہ رہیگا۔ بعض نمازیں حل المشکلات بھی ہیں۔

صلوٰۃ الصلوٰۃ یہ نماز صلوٰۃ التسبیح کے طریقہ پر پڑھی جاتی ہے۔ فرق صرف اس قدر ہے کہ نعت میں بجائے صلوٰۃ التسبیح کے صلوٰۃ الصلوٰۃ کہنا پڑتا ہے۔ اور سبحان اللہ والحمد للہ واللہ اکبر کی بجائے درود پاک پڑھنا پڑتا ہے۔ اسی تعداد مقررہ پر اور نماز ختم کردی جاتی ہے۔ اس نماز کے پڑھنے سے محبت رسولِ پاک کی دل میں پیدا ہوتی ہے۔ اور آپ کی زیارت سے پڑھنے والا مشرف ہوتا ہے۔

صلوٰۃ بدل تہجد اگر کبھی تہجد قضا ہو جائے۔ تو حسب دستور مشائخ آنکھ کھلنے پر دو رکعت نفل پڑھ لینی چاہئے جس میں بعد فاتحہ آٹھ آٹھ بار سورۃ اخلاص پڑھنی چاہئے۔ تہجد کی نماز کے ثواب کا مستحق ہو جائے گا۔

صلوٰۃ العشق چار رکعت نماز پڑھی جاتی ہے۔ ہر رکعت میں بعد قراۃ یا اللہ یا رحمن یا رحیم یا ودود سو سو بار پڑھا جاتی ہے پھر سلام پھیرا جاتا ہے۔ ازدیاد محبت الٰہی کیلئے اکسیر کا اثر رکھتی ہے،

صلوٰۃ کن فیکون۔ دو رکعت پڑھی جاتی ہیں۔ پھر ذرا قبلے سے دائیں طرف کو رخ کر کر یا رب دو دو سو بار پڑھا جاتا ہے۔ پھر سجدے میں جا کر دعا مانگی جاتی ہے۔ تجربہ ہے کہ دوسرے ہی دن اللہ تعالیٰ مراد پوری کر دیتا ہے۔

صلوٰۃ العشاق پہلی ہی رکعت میں اہدنا الصراط المستقیم پر جب پہنچے۔ تو اس قدر پڑھے۔ اس قدر کھڑا رہے۔ کہ بیہوش و بیخود ہو کر گر پڑے۔ نتیجہ کیا ہوگا۔

لطف مے تجھ سے کیا کہوں زاہد — ارے کمبخت تو نے پی ہی نہیں

صلوٰۃ اویسیہ ۳ رجب کو ۲ رکعت نفل پڑھی جاتی ہیں۔ بعد سلام لا الٰہ الا اللہ الملک الحق المبین لیس کمثلہ شیٔ وھو السمیع العلیم ۱۰۱ مرتبہ پڑھا جاتا ہے۔ اس نماز کے پڑھنے سے خوف رسوائی قیامت تک جاتا رہتا ہے۔ اور غیبی طور پر مغفرت کی خوشخبری ملتی ہے۔

صلوٰۃ الصوفیہ۔ چار رکعت بایں طور پڑھے۔ پہلی رکعت میں بعد فاتحہ آیۃ الکرسی ۳۰ بار

دوسری رکعت میں قلیا ۳۰ بار تیسری میں اخلاص ۱۱ بار۔ چوتھی میں استغفار ۱۱ بار پڑھ کر سلام پھیرو اور دعا مانگو۔ نماز کا ثواب حضور آقائے دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کی نذر کرو۔

ہر جمعرات کو یہ نماز پڑھی جاتی ہے۔ سات جمعرات نہیں گذرتیں۔ کہ زیارت حضور خواجہ کائنات سے نواز لیا جاتا ہے۔

صلوٰۃ معینیہ چار رکعت پڑھی جاتی ہے۔ قاضی الحاجات ہر حل المشکلات ہے۔ پہلی رکعت میں بعد فاتحہ رب انی مسنی الضر انت ارحم الرحمین ۱۰۱ بار۔ دوسری میں بعد فاتحہ لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین ۱۰۱ بار تیسری میں بعد فاتحہ افوض امری الی اللہ ان اللہ بصیر بالعباد ۱۰۱ بار۔ چوتھی میں بعد فاتحہ حسبی اللہ و نعم الوکیل ۱۰۱ بار

بعد سلام سجدے میں جائے اور کہے اے روشن کنندہ ہمہ تاریکیاں اور اے آساں کنندہ ہمہ دشواریاں جاجنہاتے ما را آسان فرما

نماز کا ثواب روح اطہر حضرت خواجۂ خواجگاں اجمیری کی نذر کرے۔

صلوٰۃ غوثیہ ہر رکعت میں حسب رواج پڑھ کر سلام پھیرے۔ چار رکعت پڑھے۔ اور سلام کے بعد ایصال ثواب حضرت غوث اعظم کی روح پر فتوح کو کرے۔ پھر سجدے میں جا کر یا شیخ عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ ۱۱ بار کہہ کر دعا مانگے۔

اُسے فضل کرتے نہیں لگتی بار نہ ہو اُس سے مایوس اُمید وار

صلوٰۃ العید حضرت سلطان محبوب الٰہی فرماتے ہیں۔ کہ شب عید کو ۳ سلاموں سے ۱۲ رکعت پڑھو۔ بعد الحمد للہ قل ہو اللہ پڑھو پانچ پانچ دفعہ۔ سال بھر تک ثواب ملتا رہے گا۔ اور بعد مرنے کے درجہ شہادت کا پائیگا۔ بفضلہ دعائیں بھی قبول ہوں گی۔

صلوٰۃ المعکوس یہ نماز کوئیں میں الٹا لٹک کر پڑھی جاتی ہے۔ اور متاخرین میں بجز حضرت بابا گنج شکر رحمت اللہ علیہ کے کسی بزرگ نے نہیں پڑھی۔ ہے بھی غضب کا مجاہدہ۔ ہر اک کا کام نہیں ہے۔ جسے خدائے رب العزت توفیق دے۔ وہی پڑھ سکتا ہے۔

ایں سعادت بزور بازو نیست
تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

حروف تہجّی کے خواص

یہ الف ب تے ثے دیکھنے میں تو حروف ہی ہیں۔ مگر ہر حرف باطنی اثرات قیامت کے رکھتا ہے۔ عاملین کرام و ماہرین کلام نے بڑے بڑے خواص تحریر کیئے ہیں۔ اکثر تجربات میں ہی آئے ہیں۔ اسلئے ناظرین کرام کی تفنن طبع کیلئے درج کئے جاتے ہیں۔ جو کرےگا۔ پائے گا۔

ا۔ شرف شمس میں اتوار کے دن الف لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ امن وامان میں رہے۔

ب سنیچر کے دن ۱۲ ب لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ اگر قید ہو خلاصی ملے۔ ورنہ قید غم سے چھٹے۔

ت پتیل کی انگوٹھی پر کندہ کرا کر پہنے۔ ڈوبنے سے محفوظ رہے۔

ث۔ چاندی کے ظرف میں دس ث لکھ کر دھو کر پلائے۔ زہر کا اثر فوراً جائے۔

ج۔ دسوں ناخنوں پر دس جیم لکھ لے۔ پھر حاکم کے سامنے جائے۔ تو مہربان ہو۔

ح۔ ۸ مرتبہ لکھ کر پاس رکھنے سے پیاس کم لگے۔ بلکہ نہ لگے۔

خ انگوٹھی جس پر خ کندہ کرالی جائے۔ پہننے سے دردزہ کی تکلیف سے نجات ملے۔

د۔ چار عدد دال لکھ کر ناریل کے تیل سے دھو کر جلے ہوئے کے لگاؤ شفا ہو۔

ذ۔ سات دن تک ذ لکھ کر دھو کر پینے سے بلغم کی بیماری سے نجات ملے۔

ر۔ دوسو لکھ کر مرغ کے گلے میں باندھ دو۔ جائے دفینہ پر ہی کھڑے ہو کر اذان دے گا۔

ز۔ تالیف قلوب العوام کیلئے ۱۱ عدد ز لکھ کر پہننے سے ہر اک مہربان ہو۔

س۔ خاک کھیت گندم سے س بنا کر گھر میں لٹکا دو۔ مکھیاں نہ رہیں گی۔

ش۔ اتوار کے دن جب آفتاب برج حمل میں ہو۔ ۳۰ ش لکھ کر عنبر سے ٹوپی میں رکھنے سے ہیبت نمایاں ہو۔

ص۔ جمعہ کے دن لکھ کر ہرن کی جھلی پر بندوق میں باندھ لے۔ بہت شکار ملے۔

ض۔ بکری کی کھال پر ۱۵ ض لکھ کر جس گھر میں دفن کر دو سب گھر والے پریشان ہوں۔

ط منگل کے دن سینے پر لکھ کر دوسری طرف جنتری میں سے دیکھ کر مریخ کی شکل بناؤ۔ اور خالی جگہ میں دشمن کا نام لکھ کر ایک خنجر کی تصویر چبھو دے۔ دشمن پریشان ہوں۔

ظ۔ ۱۸ ظ لکھ کر عنبر کی دھونی دے کر اپنے پاس رکھے۔ علم حاصل ہو۔

ع ۔ علیم ۔عزیز ۔علی ۔عفو ۔عظیم ۔عدل ۔علام کی مداومت سے علم کے چشمے جاری ہوں۔
غ ۔ ۷ ، اغین لکھ کر خوشبو لگا کر اپنے پاس رکھے ۔غیب سے رزق ملے ۔
ف ۔ کسی منحوس ساعت میں بیس ف لکھ کر گھر میں دفن کرو ۔گھر ویران ہو جائے گا ۔ سیسے پر سانپ بچھو کی شکل بنا کر بیچ میں ف لکھ دو ۔اور دفن کرو ۔ گھر میں سانپ بچھو نہ نکلیں۔
ک ۔ ہم ک لکھ کر تلی پر بیس دن رکھو ۔صحت ہو۔
ل ۔ ۳۳ لام لکھ کر رانگ کی لوح پر پاس رکھو ۔کافی المہمات ہے۔
م ۔ لکڑی پر کھدوا کر گلے میں ڈالو ۔کبھی قولنج کا دورہ نہ پڑے ۔
ن ۔ تین نون لکھ کر مریض کی پیشانی پر ایک دفعہ سورۃ فاتحہ پڑھ دو مرض سے صحت ہو۔
و ۔ شرف مشتری میں رانگ کی تختی پر لکھ کر منہ میں رکھو ۔پیاس نہ لگے ۔
ھ ۔ مربع میں لکھ کر بندھوانا امراض صبیان کے لئے نافع ہے ۔
لا ۔ ۱۱ عدد کندہ کرا کر تانبے پر ۔پہنو دافع نظر بد ہے ۔
ی ۔ دس عدد لکھ کر پاس رکھو ۔حاکم مہربان ہو۔
الف سے لے کر ی تک تمام حروف لکھ کر اپنے پاس رکھو ۔تو دوسروں پر ہیبت قائم ہو ہر جگہ وقار ہو ۔عزت پائے ۔چلنے میں تھکن نہ محسوس ہو ۔خواب میں نہ چونکے ۔
ہر قسم کی بلاؤں سے محفوظ رہے ۔حرفوں کی زکوٰۃ کی تعداد ۴۴۴۴ ہے ۔جو پہلے ذکر آ چکا ہے ۔

وَلِلّٰہِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی فَادْعُوْہُ رَبُّ الْعَالَمِیْن

پڑھنے میں شروع دن کی ساعت کا لحاظ رکھو ۔ہر روز اسی وقت ہمیشہ پڑھو ۔اور اسم جلالی منگل سے مشترک بدھ سے جمالی جمعرات سے پڑھنا شروع کرو ۔روزانہ غسل کرنا بھی بہتر ہے ۔

نام	عدد	صفت اسماء الحسنیٰ	موکل کا نام (بادی)	نام	عدد	صفت اسماء الحسنیٰ	موکل کا نام
متعالی	۵۵۱	مشترک	طاطائیل	سلام	۱۳۱	جمالی	روحائیل
قابض	۹۰۳	جمالی	عطرائیل	باسط	۷۲	جمالی	جبرائیل
رافع	۳۵۱	″	سرجائیل	مجیب	۵۵	″	کلکائیل

	نام	عدد	خاصیت	موکل کا نام		نام	عدد	خاصیت	موکل کا نام
۷	شہید	۳۱۹	مشترک	عطرائیل	۸	والی	۴۷	مشترک	ایفتمائیل
۹	صبور	۲۹۸	جمالی	اہجائیل (آبی)	۱۰	قدوس	۱۷۰	جمالی	ہزائیل
۱۱	معطی	۱۲۹	〃	لومائیل	۱۲	مانع	۱۴۱	〃	رومائیل
۱۳	ضار	۱۰۰۱	〃	اجمائیل	۱۴	نافع	۲۰۱	〃	حولائیل
۱۵	نور	۲۵۶	مشترک	اہراطیل	۱۶	ہادی	۲۰	〃	دردائیل
۱۷	باقی	۱۱۳	جمالی	عطرائیل	۱۸	وارث	۷۰۷	جلالی	میکائیل
۱۹	ستار	۶۶۱	جلالی	ہموائکیل (خاکی)	۲۰	ملک	۹۰	مشترک	رومائیل
۲۱	متکبر	۶۶۳	جلالی	اہرائیل	۲۲	خالق	۷۳۱	جلالی	حوائیل
۲۳	قہار	۳۰۶	〃	عطرائیل	۲۴	وہاب	۱۴	جمالی	رقمائیل
۲۵	علیم	۱۵۰	جمالی	لومائیل	۲۶	بصیر	۳۰۲	〃	ہمرجائیل
۲۷	حکیم	۷۸	جلالی	تنکفیل	۲۸	حکم	۶۸	〃	خزرائیل
۲۹	غفور	۱۲۸۶	جمالی	لوطائیل	۳۰	شکور	۵۲۶	〃	ہزائیل
۳۱	علی	۱۱۰	〃	سرکطائیل	۳۲	حفیظ	۹۹۸	〃	سرہمکیل
۳۳	وکیل	۶۶	〃	طاطائیل	۳۴	ولی	۴۶	〃	رفتمائیل
۳۵	حمید	۶۲	〃	تنکفیل	۳۶	واجد	۱۴	〃	کلکائیل
۳۷	ماجد	۴۸	〃	رومائیل	۳۸	واحد	۱۹	〃	تنکفیل
۳۹	صمد	۱۳۴	〃	رحمائیل	۴۰	موخر	۸۴۶	مشترک	میکائیل
۴۱	باطن	۶۲	مشترک	رفتمائیل	۴۲	ظاہر	۱۱۰۶	〃	اسمائیل
۴۳	بر	۲۰۲	جمالی	ہمرائیل	۴۴	منعم	۱۷۰	جمالی	حلائیل
۴۵	نعیم	۱۷۰	〃	حولائیل	۴۶	رووف	۲۹۳	〃	اہراطیل
۴۷	رب	۲۰۲	〃	جبرائیل	۴۸	جامع	۱۱۴	مشترک	کلکائیل
۴۹	بدیع	۸۶	مشترک	لومائیل	۵۰	رشید	۵۱۴	〃	ہمرائیل

آتشی، نام	عدد	خاصیت	موکل کا نام	نام	عدد	خاصیت	موکل کا نام
۵۱ مومن	۱۳۶	جمالی	رومائیل	۵۲ مہیمن	۱۴۵	جمالی	کلکائیل
۵۳ عزیز	۹۴	″	عزرائیل	۵۴ جبار	۲۰۶	جلالی	عطرائیل
۵۵ باری	۲۱۳	مشترک	کلکائیل	۵۶ مصور	۳۳۶	جمالی	اجمائیل
۵۷ غفار	۱۲۸۱	جمالی	لوخائیل	۵۸ رزاق	۳۰۸	″	اسرافیل
۵۹ فتاح	۴۸۹	″	سرخائیل	۶۰ خافض	۱۴۸۱	″	عطکائیل
۶۱ سمیع	۱۸۰	″	ہمرائیل	۶۲ عدل	۱۰۴	مشترک	طاطائیل
۶۳ لطیف	۱۲۹	″	اسمائیل	۶۴ خبیر	۸۱۲	جمالی	میکائیل
۶۵ رقیب	۳۱۲	″	عطرائیل	۶۶ واسع	۱۳۷	″	رحمائیل
۶۷ ودود	۲۰	″	زفتائیل	۶۸ اعظم	۱۰۱۱	″	لومائیل
۶۹ کبیر	۲۳۲	″	اذرائیل	۷۰ مقیت	۵۵۰	″	رومائیل
۷۱ حسیب	۸۰	مشترک	جمرائیل	۷۲ جلیل	۷۳	جلالی	نورائیل
۷۳ کریم	۲۷۰	جمالی	کلکائیل	۷۴ مجید	۵۷	مشترک	زمائیل
۷۵ باعث	۵۷۳	مشترک	جبرائیل	۷۶ حق	۱۰۸	″	عطرائیل
۷۷ قوی	۱۱۶	جلالی	عطرائیل	۷۸ متین	۵۰۰	جلالی	عزرائیل
۷۹ محصی	۱۴۸	جمالی	رحمائیل	۸۰ مبدی	۵۶	″	دردائیل
۸۱ معید	۱۲۴	جلالی	حرکطائیل	۸۲ محی	۵۸	جمالی	تنکفیل
۸۳ ممیت	۴۹۰	″	رومائیل	۸۴ حی	۱۸	″	عطرائیل
۸۵ قیوم	۱۵۶	″	عطرائیل	۸۶ احد	۱۳	″	وردائیل
۸۷ قادر	۳۰۵	″	عطرائیل	۸۸ مقتدر	۷۴۴	جلالی	عطرائیل
۸۹ مقدم	۱۸۴	مشترک	عزرائیل	۹۰ اول	۳۷	مشترک	طاطائیل
۹۱ آخر	۸۰۱	″	اہرائیل	۹۲ تواب	۴۰۹	جمالی	عزرائیل
۹۳ غنی	۱۰۶۰	″	حولائیل	۹۴ عفو	۱۵۶	″	لومائیل

نام	عدد	خاصیت	موکل کا نام	نام	عدد	خاصیت	موکل کا نام
۹۵ مالک الملک	۲۱۲	جلالی	خروائیل	۹۶ ذوالجلال والاکرام	۱۱۰۰	جلالی	طاطائیل
۹۷ مقسط	۲۰۹	"	کنفائیل	۹۸ مغنی	۱۱۰۰	جمالی	دردائیل
۹۹ معزّ	۱۱۷	جمالی	بورائیل				

اللہ اسم ذات ہے۔ ۶۶ اعداد ہیں۔ اس کے علاوہ یہ نام بھی ہیں۔

غالب	احسن الخالقین	خیرالراحمین	خیرالرازقین	حافظ	فاطرالسموات والارض
۱۰۳۳	۹۴۱	۱۲۰۰	۱۲۰۹	۹۸۹	۱۸۶۶

سبحٰن	الرحم الراحمین	احکم الحاکمین	رب المشرقین والمغربین	جل جلالہٗ وعم نوالہٗ
۱۲۱	۵۸۹	۲۳۹	۲۲۷۲	

اذکار

فنا بقا یا دوالحیتین ذکر نفی اثبات کو کہتے ہیں۔ یعنی لا الٰہ الا اللہ

ذکرِ نارہی اللہ کی اک ضرب دل پر لگائی جاتی ہے۔ اک آگ پر جو سامنے ہوتی ہے۔

ذکرِ ابدالی دل کے پاس سے لاکھینچے مٹھیاں بھینچ کر اوپر لے جائے۔ اور کھولے۔ پھر دل پر ایک ضرب لگائے۔

ذکرِ مرشدی آسمان کی طرف دیکھ کر اپنے مرشد کے نام کی ضرب دل پر لگائے۔

ذکرِ قلندری وہی ہے یہی ہے۔ دائیں بائیں ضرب لگائے۔

ذکرِ اسدی شیر کی نشست یعنی دوزانو بیٹھ کر ہو ہو کی ضرب دل پر لگائے۔

ذکرِ نظر بر قدم ہر قدم پر اللہ کہے۔

ذکرِ سلطان نصیرا اندر کے سانس پر اللہ باہر کے سانس پر ہو کہے۔ زبان سے نہ کہے خیال سے کہے

ذکر کشف القرآن قرآن پاک گود میں رکھ کر داہنے بائیں اللہ کی ضرب لگاؤ۔

ذکر چشمی ہر پلک لگنے پر لفظ اللہ دل ہی دل میں کہے۔

ذکر دوازدہ تسبیح جو سلسلوں کے معمولات میں ہے۔ بعد تہجد کرتے ہیں نفی اثبات ۲ تسبیح

یعنی لا الہ الا اللہ اثبات مجرد ۴ تسبیح یعنی الا اللہ ۶ تسبیح اسم ذات یعنی اللہ کی مراقبہ کہتے ہیں۔ شیخ کا تصور کرتے ہوئے آیت کے معنی میں گم ہو جانے کو یہ چند آیات ہیں مراقبہ کی۔ ہو اللہ احد (وہ اللہ ایک ہے) اینما تولوا فثم وجہ اللہ (اللہ ہر طرف ہے) الم یعلم بان اللہ یریٰ (اللہ دیکھ رہا ہے اور سب کچھ جانتا ہے) اللہ من وراءھم محیط (اللہ ہر سمت گھیرے ہوئے ہے) یہ آیتوں کا لفظی ترجمہ نہیں ہے۔ بلکہ مفہوم ہے۔

ذکر قادریہ کلاں

یہ ذکر سلسلہ قادریہ عالیہ کے ماننے والے کیا کرتے ہیں۔ مبتدیوں کو بہت مفید ہے۔ بہت جلد منزلیں طے ہوتی ہیں۔

۱	لا الہ الا اللہ	۱۱۱ بار	۸	انت الہادی انت الحق لیس الہادی الا ہو	۱۱۱ بار
۲	ہا ہو ہی حی	۱۱۱ بار	۹	یا منان یا منان یا دیان یا سبحان	۱۱۱ بار
۳	یا علیم یا کبیر یا حکیم یا قدیر	۱۱۱ بار	۱۰	یا سمیع یا بصیر یا لطیف یا خبیر	۱۱۱ بار
۴	یا فتاح یا رزاق یا کریم یا وہاب	۱۱۱ بار	۱۱	یا عزیز و یا غفار یا جلیل یا جبار	۱۱۱ بار
۵	یا رفیع یا بدیع یا ہادی یا رشید	۱۱۱ بار	۱۲	یا رب یا نور یا حق یا مبین	۱۱۱ بار
۶	یا احد یا صمد یا وتر یا مولےٰ	۱۱۱ بار	۱۳	یا حیّ یا بدوح یا دائم یا اللہ	۱۱۱ بار
۷	ہو ہو یا من ہو	۱۱۱ بار	۱۴	اللہ اللہ اللہ اللہ (بغیر ہ کے)	۱۱۱ بار
۱۶	اللہ اللہ اللہ (بسکون ہ)	۱۱۱ بار	۱۵	اللہ اللہ اللہ اللہ (باظہار ہ)	۱۱۱ بار
۱۷	حسبی اللہ نعم الوکیل نعم المولیٰ و نعم النصیر	۳ بار		پھر دعا مانگے۔	

ختم شریف غوثیہ

جو حل المشکلات ہے۔ بڑی سے بڑی مصیبت کو رد کرتا ہے۔ شیرینی منگوا کر فاتحہ غوث پاک کی دلا کر کئی آدمی اس ختم کو پڑھ سکتے ہیں۔

سورہ فاتحہ ۱۱۱ بار سورہ الم نشرح ۱۱۱ بار سورہ اخلاص ۱۲۵ بار آیتہ الکرسی ۱۲۵ بار

الم نشرح ۱۱۱ بار سورہ فاتحہ ۱۱۱ بار

یہ ختم اندھیرے میں پڑھا جاتا ہے۔ اور بڑا سریع الاثر ہے۔ بارہا کا آزمودہ ہے۔

مسبعات عشر

برائے جمیع امور و مشکلات پڑھی جاتی ہیں۔ بہت تیر بہدف ہے۔ سورہ فاتحہ، بار۔ سورۂ ناس، بار۔ سورۂ فلق، بار سورہ کافرون، بار آیۃ الکرسی، بار۔ کلمۂ تمجید سبحان اللہ والحمد للہ و لا الٰہ الا اللہ و اللہ اکبر و لا حول و لا قوۃ الا باللہ العلی العظیم عدد ما علم اللہ و زنۃ ما علم اللہ تبرأت من حولی و قوتی و الحاجات الی حول اللہ و قوتہ فی جمیع اموری و صل اللہ علی النبی الامی و اٰلہ و سلم پڑھ کر دعا مانگے۔

نقش کیمیا اثر حروفِ نورانی

۲۹۰	۲۸۳	۲۸۸
۲۸۵	۲۸۷	۲۸۹
۲۸۶	۲۹۱	۲۸۴

یہ عمل جن بزرگ کا ہے۔ وہ فرماتے ہیں۔ کہ میں نے اسے اس لیے ترتیب دیا ہے۔ کہ بے مراد اپنی مراد کو پہنچیں۔ بے کار کام سے لگیں۔ بدنصیب خوش نصیب ہو جائیں۔ مگر پہلے سوا لاکھ مرتبہ لکھ کر دریا میں ڈالا جاتا ہے۔ اس کے بعد یہ نقش لکھ کر گلے میں پہنا جاتا ہے۔ نقش اوپر درج ہے۔

نقش مربع سرکاری

بے روزگاری کی حالت میں باندھنے سے غیب سے مدد ہوگی۔ اور روزگار لگ جائے گا۔ اور کمائی میں برکت ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۷۶	۱۷۹	۱۸۳	۱۶۹
۱۸۲	۱۷۰	۱۷۵	۱۸۰
۱۷۱	۱۸۵	۱۷۷	۱۷۴
۱۷۸	۱۸۳	۱۷۲	۱۸۴

۱۲ ربیع الاول کا نقش

۷۸۶

۲۵۰	۲۵۳	۲۵۶	ہوالنافع
۲۵۵	۲۴۴	۲۴۹	۲۵۴
۲۴۵	۲۵۸	۲۵۱	۲۴۸
۲۵۲	۲۴۷	۲۴۶	۲۵۷

کسی خاص مقصد کے لئے ۱۲ ربیع الاول کو بعد عشا غسل کرو اور دو رکعت نفل پڑھو۔ جن میں بعد الحمد ۱۲ دفعہ قل ہواللہ پڑھو۔

ایصال ثواب بروح پر فتوح سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کرو۔ اور درود پڑھ کر زعفران ومشک سے یہ نقش لکھ کر باندھو۔ مرادے از غیب بروں آید و کارے بکند

نقش حل المصائب

	فاطمہ	وصل اللہ علی قبر محمد فی القبور وصل اللہ علی روضۃ فی الریاض	علی	
بسم اللہ الرحمن الرحیم	اشہد ان لا الٰہ الا اللہ واشہد ان محمد رسول اللہ	روضہ انور	لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ	بسم اللہ الرحمن الرحیم
	حسین	نبی آخر الزمان نبی المحراب خیر الانام	حسن	

بعد نماز عشا درود تاج ۴۱ بار پڑھ کر شیرینی پر نیاز حضرت خواجہ اجمیری کی دے کر نقش لکھا جاتا ہے۔ اور ہرے پتے میں لپیٹ کر باندھا جاتا ہے۔ تمام مصیبتیں دور ہو جاتی ہیں۔ فضل مولا شامل حال ہو جاتا ہے۔

نقش ۱۴ شعبان یعنی شب برات

۷۸۶

۲۷۶	۲۶۸	۲۷۴
۲۷۰	۲۷۳	۲۷۵
۲۷۲	۲۷۷	۲۶۹

پندرھویں شب شعبان کو بعد غسل یٰسین شریف ۱۰ مرتبہ پڑھ کر ۷ بار یاحی یاقیوم بفضل رحمتک یا مستغیث پڑھے۔ دعا مانگے۔ اور یہ نقش لکھ کر کسی درخت میں لٹکا دے۔ انشاء اللہ تعالے تمام سال رزق بے فکری سے پائے گا۔ مشکلات میں غیب سے مدد ہو گی۔

نقش یا وہاب

۷۸۶

۱	۱۰	۳
۵	بحق یا وہاب	۹
۸	۴	۲

۱۴ دن تک ۱۴ نقش روزانہ بوقت طلوع آفتاب لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر آب رواں میں ڈالے۔ برائے فتوحات نہایت مجرب المجرب ہے۔

۹۲

۸۸۸	۸۸	لالالا
۸	لا	۸

دیگر

برائے ہر مقصد و ہر مشکل بازو پر لکھ کر باندھے۔

۷۰۷ کا کرشمہ جس درخواست پر جس خط پر تم یہ عدد لکھو گے۔ وہ انشاء اللہ منظور ہو گی۔ یہ اعداد کے کرشمے ہیں۔

شادی کا عمل

زین سے بالعباد تک (آل عمران رکوع ۲) پڑھے۔ بعد عشا اول و آخر درود پڑھے۔ کھڑے ہو کر پڑھے۔ دونوں ہاتھ بغل میں دے لے۔ منہ میں سبز پتہ رکھ لے۔ اور ۲۱ دن تک پڑھے۔ نہایت مجرب ہے۔

دیگر حروف صوامت یعنی اح د ر س ص ط ع ک ل م ہ ان سب کے اعداد میں اعداد نام مطلوب اور ۱۳ اعداد اور شامل کر کر تین مثلث لکھو۔ (مثلث لکھنے اور بنانے کی ترکیب آئینہ نقوش نویسی کے تحت میں درج ہے) پھر ایک نقش پھاڑ کر مردہ کی قبر کی خاک شامل کر کر اس جماعت پر ڈالو۔ جسے مسخر کرنا ہو۔ دوسرا نقش اندھیرے میں کہیں دبا دو۔ تیسرا دھو کر خود پی لو۔ اور قدرت خدا کا تماشہ دیکھو۔

اور رفتار نقش کی یہ ہو گی

۳	۷	۵
۴	۲	۹
۸	۶	۱

شادی کا مؤثر چٹکلہ

مطلوب کے نام کا پہلا حرف اگر ان گیارہ حرفوں میں سے ہو۔ تو یہ عمل تمہارے کام آسکے گا۔ ورنہ نہیں۔ اس لئے کہ دس حرف دس خانوں میں لکھے جاتے ہیں۔ اور گیارھواں حرف بیچ کے خانے میں لکھا جاتا ہے۔ جو مطلوب کے نام کا پہلا حرف ہوتا ہے۔

حروف یہ ہیں۔ گ ع ل ہ ا و س ح م ط ص

اور یہ نقش طالب اپنے بازو پہ باندھ لے اور پھر اثر ملاحظہ کرے۔

حکام کی تسخیر کے لئے نہایت زود اثر نقش

جمعہ کی پہلی ساعت میں کافور اور مشک سے معہ بسم اللہ کے سورہ فاتحہ آمین سمیت لکھو اور دھو کر رکھ لو۔ وقت ضرورت و ملاقات اپنے چہرہ پہ وہ پانی مل کر ملاقات کرو۔ حکام اثر پذیر ہوں گے۔ اور مہربان ہوں گے۔

کسی خاص مقصد کیلئے نقش خالی البطن

۲۷ رجب کو یا نوچندی، جمعرات کو لکھو۔ درمیان میں اپنا مقصد لکھ دو۔ اور پیڑ میں باندھ دو۔ تاکہ ہوا لگتی رہے۔ خدا کے فضل سے مقصد بر آری ہوگی۔

(نوٹ) نقش سے باہر جو ہندسے لکھے ہوئے ہیں۔ یہ رفتار نقش لکھنے کی ہے۔

	۳	۸	۱	
	۱۵	۴۶	۵	
۷	۴۱		۴۵	۵
	۱۰	۲۰	۳۶	
	۲	۴	۶	

سورۂ مزمل شریف کا نقش

برکت کاکاروبار اور حصول ملازمت کیلئے بازو پر باندھا جاتا ہے۔ بڑا سریع الاثر ہے۔ نقش سامنے ہے۔

۳۷۹۴۶	۳۷۹۴۹	۳۷۹۵۲	۳۷۹۳۹
۳۷۹۵۱	۳۷۹۴۰	۳۷۹۴۵	۳۷۹۵۰
۳۷۹۴۱	۳۷۹۴۵	۳۷۹۴۷	۳۷۹۴۴
۳۷۹۴۸	۳۷۹۴۳	۳۷۹۴۶	۳۷۹۵۳

ہر مصیبت سے خلاصی کیلئے نادر روزگار عمل

چار سیر پانی آگ پر گرم کرنے کے لئے رکھو۔ اس میں قارون۔ فرعون۔ ابلیس۔ شداد اور نمرود لکھ کر ڈال دو۔ پھر بیٹھ کر ہزار مرتبہ پڑھو۔ باوضو انا ارسلنا الیکم رسولاً شاھداً علیکم کما ارسلنا الی فرعون رسولا پھر دعائے خلاصی مانگو۔ اور پانی کو کسی گڑھے میں ڈال دو۔

برائے بستن خواب

جس کا خواب باندھنا ہو۔ اس کے نام کے اعداد کے مطابق یہ آیت پڑھے۔ یاایھا الناس قد جاءکم برھان من ربکم وانزلنا الیکم نوراً مبینا اور لکھو کہ بستم خواب۔ فلاں بن فلاں۔ فلاں بن فلاں کی جگہ نام۔ اس کی والدہ کا نام لو۔ اور ایک چھڑی زمین میں گاڑ دو۔ جب تک چھڑی زمین میں گڑی رہے گی معمول نہیں سو سکتا۔

برائے بستن شر

ذیل کی آیت لکھ کر پرانی قبر میں دفن کرے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ والطور وکتاب مسطور فی رق منشور بحق کھیعص وبحق حمعسق وبحق علی ابن طالب بستم آب در نشیت فلاں بن فلاں علے فیہ فلاں بن فلاں۔ فلاں بن فلاں کی جگہ نام فریقین معہ والدہ کے لکھے۔ اور خدا کی قدرت کا تماشہ دیکھے۔

برائے بندی بارش

اگرچہ خلاف منشائے قدرت ایسے اقدام نامناسب ہیں۔ مگر پھر بھی وقت ضرورت بارش روکنی ہو۔ تو ۴۶ عدد ق چار لائن میں لکھے۔ اور ایک سیٹھ جیر کر اس میں رکھ کر قبل کی طرف رخ کر کے رکھ دو۔ انشاء اللہ بارش ضرور رک جائے گی۔ بغیر ضرورت ہرگز نہ کریں۔

لوح حضرت یوسف علیہ السلام برائے جاہ مراتب

یہ نقش لکھ کر بازو پر باندھے۔ ہر قسم کی تکلیف سے نجات حاصل ہو جائے۔ دشمن سے کسی قسم کا نقصان نہ پہنچے۔ بیمار کے سرہانے رکھنے سے آرام نصیب ہو۔

اللہ کریم ۲۹ ۲۹ ۱۵ ۱۵

اللہ محی

اللہ وارث — جبرائیل — انما ہذا ملک الکریم — اسرافیل فلما رائینہ اکبرنہ

عاشا با سما ہذا — میکائیل — وقطعن ایدیھن — عزرائیل — اللہ حافظ

اللہ معین

۷۰۷

نقش عصائے موسوی برائے ہیبت و اقتدار

شرف شمس میں گلاب و زعفران سے ہرن کی جھلی میں لکھ کر عصا میں رکھو۔ ہر جگہ کامیابی نصیب ہوگی۔

انما تکونو آیات لکم اللہ جمیعاً و ہو علی جمعہم اذا یشاء قدیر

اخب توکلا ما خطام نداہ الاستمار

۱۳۹ ۱۵ ۱۳ ۹۹ ۹۹ ۹۹

۱۴۹ ۱۶۱۴ ۹۹۳۶

امتحان میں کامیابی کیلئے

اس نقش کو زعفران سے لکھے۔ دھو کر پیئے اور ایک نقش سرہانے رکھ کر سوئے۔ خواب میں کوئی پرچے امتحان کے دکھا دے گا یا وہ مضمون امتحان میں آئے گا۔ جو ازبر ہو گا۔ نیاز حضرت غوث پاک حسب توفیق ضرور دلادے۔ اور محنت بھی کرنی چاہئے۔

۷۸۶

۱۶۲۲	۱۶۲۵	۱۶۲۹	۱۶۱۵
۱۶۲۸	۱۶۱۴	۱۶۲۱	۱۶۲۶
۱۶۱۷	۱۶۳۱	۱۶۲۳	۱۶۲۰
۱۶۲۴	۱۶۱۹	۱۶۱۸	۱۶۳۰

وضع حمل کے لئے

درد زہ میں وضع حمل کے لئے زچہ کو لکھ کر دکھایا جائے۔

مگر بعد وضع حمل فوراً سامنے سے ہٹا لیا جائے۔ نقش سامنے ہے۔

دیگر اڑ ببھیری ساون آیا۔ یا (یا گڑ پڑھ کر دے) گڑ پر یا تو یہ پڑھ دے۔ سات مرتبہ کہ۔
گڑ پر یہ پڑھ دے۔ تین دفعہ کہ

زن دہقاں اگر نہ آید مزا دہ مرا جا شد خرم رلا جائے شد

کسی سے مکان خالی کرانے کے لئے

سورۃ القارعہ ۴۱ مرتبہ سیاہ مرچوں پہ دم کر کے مکان میں ڈلوا دو۔ انشاء اللہ بہت جلد مکان خالی ہو جائے گا۔ ورنہ نقصان اٹھائے گا۔

برائے منسوخی تبادلہ

اگر کسی کا تبادلہ منشا کے خلاف ہو۔ تو وہ ۳۱۳ بار تین دن تک باوضو بعد نماز عشاء حسب ذیل آئتیں پڑھے۔ خدا چاہے گا۔ تو تبادلہ رُک جائے گا۔

الیومَ تبدّلُ الارض غیر الارض انا للہِ وانا الیہِ راجعُون

کسی کو سفر سے روکنا منظور ہو

تو سمت سفر کی خاک پر سات مرتبہ معہ نام سفر کرنے والے کے پڑھ کر کوئیں میں ڈال دو۔ یا موسیٰ انا لن ندخلہا ابداً ما داموا فیہا فاذھب انتَ فاذھب انتَ وربُّکَ فقاتلا انا ھاھنا قاعدون اور شیرینی پر حضرت خضر کی نیاز دلا کر تقسیم کر دے۔

حل المشکلات وقاضی الحاجات عمل

سخت سے سخت مشکل کڑی سے کڑی مصیبت میں خود ہی آدمی یہ عمل کرے۔ خدا تعالیٰ فضل فرمائے گا۔ بعد عشا پہلے ۱۲ رکعت پڑھو۔ پھر قرآن پاک سر پر رکھ کر ۲۳ مرتبہ درود درود پڑھ کر ایک سو مرتبہ یہ شعر پڑھو۔

سہّل یا الٰہی کُلّ صعب بحق سید الابرار سہّل

پھر ۳۳ مرتبہ درود شریف پڑھو۔ اور ایک سو مرتبہ یہ شعر پھر ۳۳ مرتبہ درود شریف پڑھو۔ اور ایک سو مرتبہ یہ شعر پڑھو۔ پھر تہجد کی نماز پڑھ کر صبح تک مثل ما اوتی رسل اللہ پڑھو۔ پھر دعا مانگو۔ پھر اللہ اعلم حیث یجعل رسالتہ پڑھو۔ سات دن تک ایسا کرو۔ کیسی ہی مشکل اور سخت مصیبت کیوں نہ ہو۔ انشاء اللہ آسان ہو جائے گی۔

دیگر

جمعہ کی رات غروب سے ہی کسی سے نہ بولو۔ بعد عشا جب وتر پڑھو۔ تو آخری رکعت کے سجدے میں ایک سو مرتبہ یا اللہ یا رب یا حی یا قیوم بک استغیث یا اللہ۔ پڑھو۔ پھر بخشوع خضوع دعا مانگو۔ اور یقین استجابت رکھو۔

ورد خضری

حضرت خضر علیہ السلام سے بہرہ اندوز ہونے کے لئے مشائخ کا قول ہے۔ کہ ۵ دن شب کے وقت ۱۲ ہزار مرتبہ آیت ذیل پڑھے۔ اور دعا سجدہ کر کر مانگے۔ سجدہ سے سر اٹھیگا۔ کہ حضرت خضر سے ملاقات میسر ہوگی۔ آیت یہ ہے۔

وَلَقَدْ مَکَّنَّاکُمْ فِی الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَکُمْ فِیْهَا مَعَایِشَ قَلِیْلًا مَّا تَشْکُرُوْن

سوکن پر فتح پانے کے لئے

ہر روز شوہر کو لکھ کر اور دھو کر پلائے۔ کلا اذا دکت الارض دکا دکا شوہر کا نام علے حب کے بعد اپنا نام وجاء ربک والملک صفا صفا شوہر رام ہو جائے گا۔

برائے تکرار باشندگان خانہ

۷۸۶

۱۱	۶	۱۴
۱۳	۱۰	۸
۷	۱۵	۹

جس گھر کے رہنے والوں میں باہم تکرار کرانا ہو۔ ۳۱ کا مربع لکھ کر ایک سی کے کانٹے پر لپیٹ کر ڈالو۔ خوب جنگ مچے گی۔ مگر ایسا نہ کرنا چاہیئے۔ مربع یہ ہے۔

نقش عجیب و غریب

۷۸۶

۲۵۴	۲۵۷	۲۶۰	۲۴۶
۲۵۹	۲۴۷	۲۵۳	۲۵۸
۲۴۶	۲۶۲	۲۵۵	۲۵۲
۲۵۶	۲۵۱	۲۴۹	۲۶۱

قیدی بازو پر باندھے۔ رہائی پائے۔ مکان خوفناک ہو جائے۔ امن پیئے۔ مسحور دھو دھو کر پیئے۔ شفا پائے مجنوں و دیوانہ کو دھو کر پلاؤ۔ دیوانگی کافور ہو۔ محتلم گلے میں باندھے کبھی احتلام کی شکایت نہ ہو۔ مگر شرط یہ ہے۔ کہ یہ نقش جمعرات کو ہی لکھا جاتا ہے۔ اور بڑا زود اثر ہے۔

طریقہ دعوت سورہ مزمل بطور خاص

۵۰ روز تک ۴۰ بار روزانہ باوضو پڑھے۔ ترک حیوانات لازمی ہے۔ درمیان یا آخر میں چار سیاہ پوش آ کر عہد لیں گے۔ ڈرے نہیں۔ اور ان سے خود عہد لے لے۔ کہ وقت ضرورت وہ مدد کریں گے۔

نقش برائے تسخیر عوام

ال ف ل ام ہ ا شرف قمر میں انگوٹھی پر کندہ کرا کر پہنے۔

(نوٹ) شرف ہر ساعت کا اس کی پہلی ساعت میں ہوتا ہے۔ چنانچہ شرف قمر پیر کے دن پہلی ساعت میں ہوتا ہے۔

ہٹی گھوڑے یا ضدی اولاد کیلئے

یا تو کانوں میں پڑھ کر پھونکے۔ یا لکھ کر گولی بنا کر کھلا دے۔

افغیر دین اللہ یبغون ولہ من اسلم من فی السمٰوات والارض طوعا و کرھا و الیہ یرجعون۔

برائے خوش بسری ایام زندگی

(۱۳-۱۴-۱۵ رجب کا مجرب عمل)

۱۳ رجب اور بقیہ دونوں تاریخوں پر بعد عشاء وضو کرے۔ اور ۱۲۵ بار لا الٰہ الا اللہ الملک الحی القیوم لیس کمثلہٖ شیءٌ وھو السمیع العلیم پڑھے پھر ۶۶،۱۱۴ مرتبہ اللہ الصمد پڑھے تیسرے دن ۶۶۸،۱۱۴ مرتبہ پڑھے۔ اور پھر دعا مانگے۔ اس عمل کے پڑھنے کے بعد انسان میں ایسا استغنا پیدا ہو جاتا ہے۔ کہ بایدو شاید اور فتوحات بے شمار ہوتی ہے عجیب نعمت الٰہی ہے جس کا شکریہ ادا نہیں کیا جا سکتا۔

چوپایوں کے تمام امراض کیلئے ایک ہی نقش

۵۲۷	۵۳۰	۵۳۳	۵۲۰
۵۳۲	۵۲۱	۵۲۶	۵۳۱
۵۲۳	۵۳۵	۵۲۸	۵۲۵
۵۲۹	۵۲۴	۵۲۲	۵۳۴

سورۂ تبت یدا ابی لہب پر سات مرتبہ پڑھ کر کھلا دو۔ یا یہ نقش لکھ کر باندھ دو۔

سحر اتارنے کی ترکیب

مریض کو چت لٹا کر پاؤں مشرق کی طرف کرا دو۔ اور عامل جنوب رو ہو اور حٰمٓ کہہ کہہ کر سر پاؤں دہنے بائیں آسمان زمین کی طرف چھری سے اشارہ کرے۔ اور ۱۱ دستک دے۔ پھر سورۂ والشمس زعفران سے لکھ کر پلا دے۔

سحر زدہ کے کان میں پھونکنے کا عمل

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَیْمٰنَ وَاَلْقَیْنَا عَلٰی کُرْسِیِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ، مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔

دیگر۔ معوذتین پڑھ کر سوت میں گیارہ گرہ دے کر گنڈہ بندھواؤ۔ انشاء اللہ شفا ہو گی

سحر زدہ کو چھٹاؤ

گھی سے برتن پر لکھ کر یہ چٹا دو۔ مَن یخرج من بیتہٖ مہاجراً الی اللہ و رسولہٖ ثمّ یدرکہ الموت فقد وقع اجرہٗ علی اللہ زندگی بھر سحر کا اثر نہیں ہوگا۔

فلیتہ جنات و آسیب

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

جس شخص پر آسیب کا شبہ ہو۔ اُسے یہ فلیتہ جلا کر سنگھا دے۔ فوراً بھاگ جائے گا۔

دیگر۔ یا کڑوے تیل پر شرنبت ۷ دفعہ پڑھ کر اور اس میں اجوائن جلا کر کان میں ڈالو۔

یا سورہ الم ترا کیف مٹی کے برتن پر لکھ کر گھر میں دفن کردو۔

یا۔ اصحاب کہف کے نام لکھ کر مکان میں چسپاں کرادو۔ یا اذان باآواز بلند مکان میں دلواؤ۔ یا تیل پر بغیر بسم کے سورہ والناس پڑھ کر بیسوں ناخنوں پر لگواؤ۔

حاضرات

صاف جگہ ہو۔ بچے کو نہلا کر انگوٹھا سیاہ کر کے بادشاہ یوم کی نیاز دلوا کر ملواؤ۔ بکرا بھی کسی بڑے کام کے لئے ذبح کیا جاتا ہے۔ اور پلاؤ پکوا کر بادشاہ یوم کو کھلایا جاتا ہے عزیمت سب سے پہلے پڑھی جاتی ہے۔ ۴۱ دن تک ۴۱ مرتبہ پڑھنے سے دعوت عزیمت ادا ہو جاتی ہے

عزیمت یہ ہے: عزمت علیکم یا بادشاہ بکتانوش ملک الحبش و العرب و العجم الوحا الوحا الوحا الوک الوک الوک طہرک طہرک طہرک جبرک جبرک جبرک ازل ازل ازل تحریر تحریر تحریر تحریر یا نازل مملول برحمتک یا ارحم الراحمین بحق سلیمان بن داؤد علیہ السلام بحق تابع بدوح حاضر شو حاضر شو حاضر شو بحق لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بحق توریت و بحق زبور و بحق انجیل و بحق فرقان لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

مسحور و آسیب زدہ کے لیئے یہ نقش بھی باندھنے مفید ہیں۔

سورۂ جن لکھ کر بازو پر بندھواؤ۔

طریقہ نقش نویسی

جس قدر خانوں کا نقش بھرنا ہو جتنے اعداد ہوں۔ ایک کم کر کے نصف کر لو اور نصف کا لائن کے خانوں کی تعداد سے حاصل ضرب کر لو۔ اصل تعداد طرح دینے سے نقش بھر لو۔ جس قسم کا نقش بھرو گے۔ پہلا خانہ اسی مزاج کا ہوگا۔ پہلا آتشی دوسرا بادی تیسرا آبی چوتھا خاکی۔ پانچواں پھر آتشی ہوگا۔

مثلث بھرنے کی ترکیب۔ اعداد مطلوبہ کو خانہ بسطر کی تعداد میں (۳) پر ۱۲ کم کر کے تقسیم کرو۔ پورا تقسیم ہو۔ تو خیر ورنہ کسر کے لئے ایک کی خانہ ہفتم اور دو کی کسر کے لئے خانہ چہارم سے کام لو۔

مربع میں ۳۰ کم کر کے ۴ پر طرح دو۔ پھر اول خانے سے ایک ایک کا اضافہ کرو۔

ایک کی کسر کے لئے تیرھواں خانہ۔ دو کی کسر کے لئے نواں خانہ ہے۔ اور تین کی کسر کے لئے خانہ پنجم ہے۔ رفتار نقش یہ ہوگی۔

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳ ا کی کسر کیلئے	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹ ۲ کی کسر کیلئے	۶
۱۰	۵ ۳ کی کسر کیلئے	۴	۱۵

ہر چہار مثلث کی قسم

آتشی

۸	۱	۶
۳	۵	ا کی کسر کیلئے
۴ ۲ کی کسر کیلئے	۹	۲

بادی

۲	۷	۶
۹	۵	۱
۴	۳	۸

آبی

۶	۹	۲
۱	۵	۷
۸	۳	۴

خاکی

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

تسخیر ہمزاد کا نادر اور بے نظیر عمل

بعد عشاء اک چراغ خوشبودار تیل کا بس پشت جلاتے۔ اور ۳۸۲ مرتبہ ذیل کی عزیمت پڑھ کر اسی جگہ سو جائے۔ اگر ہمزاد آئے۔ تو خالی بوتل جو پہلے سے پاس رکھی ہوئی ہو۔ اس میں اتر نے کو کہے۔ جب اُتر آئے۔ تو ڈاٹ لگا کر اسی سے اس کے بلانے کی ترکیب پوچھے اور عہد و قسم لے کر کھول دے۔ عزیمت یہ ہے۔

عزمت علیکم یا معشر الجن و الانس الارواح بحق حضرت سلیمان بن داؤد علیہ السلام احضر احضر احضر یا قوم ہمزاد حاضر شو بحق یا حی یا قیوم برحمتک یا ارحم الراحمین

مفرور و گریختہ کو واپس بلانے کیلئے

قل اعوذ سے لرب العالمین تک (واذا سمعو ۵) پرانی مشک پہ دائرہ پر لکھو۔ دائرہ کے باہر نام مفرور لکھو۔ اور کسی سنسان جگہ دفن کر دو۔ انشاء اللہ ضرور پلٹ آئے گا۔

دیگر۔ یہ نقش لکھ کر کسی درخت میں بندھوا دو۔ انشاء اللہ مفرور واپس آنے کے لئے بے چین ہو جائے گا۔

	جبرائیل	
لا تنفذو	یعقوب	الا سلطان
نام	اسرافیل	گریختہ

(نقش کے اوپر: ۹۰ ...)

بارہا کا آزمودہ مفرور کیلئے عمل

ایک چیڑے کے گلے میں ۶۶ کاغذ پر لکھ کر گلے میں باندھ کر قبلہ رو مکان مسکونہ مفرور سے چھوڑ دو تین دن میں مفرور یقینی پلٹ آئے گا۔

دیگر۔ فرددنٰہ الی امہ کے تقر عینہا و لا تحزن و لتعلم ان وعد اللہ حق ولکن اکثرھم لا یعلمون۔ لکھ کر چرخہ میں باندھ کر ۴ دن تک ۶۰۔۶۰ الٹے چکر دو۔ مفرور واپس آ جائے گا۔ اور بغیر اجازت کے نہ جائے گا۔

گریختہ کیلئے بڑا ہی زودِ اثر نقش

مفرور کے نام کے ہر حرف کو ق وس کے درمیان ایک سطر میں لکھو۔ اور آخر میں طرو لکھو۔ اسی طرح ۵، نقش لکھو۔ ۱۲ دریا میں ڈال دو۔ اور ۲۱ آگ میں جلاؤ۔ ۲۱ درخت میں باندھو۔ ۲۱ اندھیرے میں دباؤ۔ بہت جلد گریختہ واپس آجائے گا۔ نیاز حضرت خواجہ عثمان ہارونی کی حسبِ توفیق دلادو۔

چھوٹے گم شدہ بچوں کے لئے

اکثر بچے کھیلتے کھیلتے گم ہو جاتے ہیں۔ یہ نقش ان کے لئے تیر بہدف زود اثر ہے۔ نقش لکھ کر بیچ کے نقطہ میں سوئی چبھو کر کسی برتن سے ڈھک دو۔ کچھ بھی وقفہ نہیں گذرے گا۔ جو پتہ لگ جائے گا۔

جب پتہ لگ جائے۔ حضرت خضر کی نیاز دلا کر بچوں کو تقسیم کردو۔

کشادگی ذہن کیلئے

جو بچے غبی ہوتے ہیں۔ یا جن لوگوں کا ذہن کند ہوتا ہے۔ وہ یہ آیت روزانہ سات مرتبہ پڑھ لیا کریں۔ ان کا ذہن کھل جائے گا۔

رب اشرح لی صدری و یسر لی امری واحلل عقدۃ من لسانی ہ

آگ بجھانے کیلئے سات کنکروں پر سورۂ الم نشرح پڑھ کر جہاں آگ لگ رہی ہو۔ ڈال دو پھر قدرت ایزدی دیکھو۔ کہ کتنی جلدی آگ پر قابو حاصل ہوتا ہے۔ ساتھ ہی الم نشرح کے یہ بھی پڑھو۔

لاصحبت فی امان اللہ واصبحت فی جوار اللہ دامجیت فی امان اللہ واصبحت فی جوار اللہ

حملہ سگ کے دفعیہ کیلئے جب کتا کاٹنے کو دوڑے۔ پڑھ کر اس کی طرف پھونک دو۔ محفوظ رہو گے۔ کلبھم باسطٌ ذراعیہ

گیدڑوں کا بولنا بند کرنے کیلئے یا عزیزُ سات مرتبہ انگشتِ شہادت پر دم کر کے دانتوں میں دباؤ۔ فوراً ان کا بولنا بند ہو جائے گا۔

تسخیر عطارد کے لئے عمل

عامل عطارد کو فتوحات خوب ہوتی ہے۔ لکھنے پڑھنے میں خوب دل لگتا ہے۔ اور وقت ضرورت موکل اس کی امداد کرتے ہیں۔ یہ عمل سبز چادر اوڑھ کر سبز تہمد باندھ کر سبز مصلے پر بیٹھ کر ۴۴ بار روز ۱۲ دن تک پڑھا جاتا ہے۔ بخور لوبان جلایا جاتا ہے۔ بدھ کی صبح کو عروج ماہ میں شروع کرے جب موکل آئے۔ تو اس سے کچھ بطور نشانی مانگے۔ وقت ضرورت جب پڑھے گا موکل حاضر ہوگا۔ عمل یہ ہے۔ قسمت علیکم یا برقان ابو العجائب یا میکائیل بحرمت یا کبیر احضر احضر احضر العجل الساعۃ

عمل چہل کاف برائے جمیع مہمات

حضرت شیخ عبد القادر جیلانی کا یہ عمل نہایت جلالی ہے۔ پڑھنے میں بھی احتیاط لازم ہے۔ بغیر مرشد کی نگرانی کے نہ پڑھے۔ ترک حیوانات سے پڑھا جاتا ہے۔ احرام باندھ کر وقت مقررہ پر۔ اثرات اس کے بہت ہیں۔ اس کا عامل بڑے درجہ پر پہنچ جاتا ہے۔ اور دنیا سے بے نیاز ہو جاتا ہے۔ روزہ دار رہے۔ حصار کر کے پڑھے۔ اول و آخر درود بھی پڑھے۔ وقت مقررہ پر پڑھے۔ ایک ہفتہ تک ۴۱ دفعہ روز

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اہیا سرنیا سبیاً اخیراً ہیا اللہ یا اللہ یا اللہ قل اعوذ برب السبعۃ من کل عقرب وحیۃ لفاک ربک کم بکیفیت و الکفتہ کفکا فہا کفاتیک بحق کنکا تیل لکہیعٓ کان من کلکا بحق یا ہمرائیل تکرت لت لکر کلکرا الکرا بحق یا زوردائیل فی کبد می بحق مشکشکۃ بحق یاروطائیل کل لک الکلکا بحق یا دردائیل کفکاک مالی لقاک الکاف کرونینۃ یا کوکبا کان بحق یا لوطائیل بحکی کوکب

الفلک بحق اھواکیل بحق یا اھراکیل بحق شیخ عبدالقادر جیلانی محبوب سبحانی شیئاً للہ یا حکیم یا کریم یا حافظ یا رقیب یا وکیل بحق کہیعص بحق حمعسق حصار کردم بحق لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ برحمتک یا ارحم الراحمین یا بدیع العجائب بالخیر یا شیخ صلاح الدین سفید فیل سوار برہنہ تیغ۔

سورۂ کوثر کا عمل

تانبے کا چراغ بنوا کر یہ نقش کندہ کراؤ۔ پھر کھدر مینڈک کے خون میں تر کرو۔ اور نوچندی جمعرات کو وقت عشاء روشن کرو۔ بچوں کو شیرینی بانٹو۔ اور سورۂ کوثر ۳۵ دفعہ پڑھو موکل آئے تو اس سے عہد لو۔ کہ جو کہیں گے۔ وہ کیجیو۔

نقش جو چراغ پر کندہ ہوگا۔ یہ ہے۔

انا	اعطیناک	الکو	ثر
فصل	لربک	کا	وانحر
ان	شانئ	ک	ہو
ا	ل	اب	تر

نقش برائے امساک

کمر سے لکھ کر باندھو۔ جب تک نہ کھولو گے۔ انزال نہ ہوگا۔ سورۂ لم یکن الذی زعفران سے لکھ کر دھو کر پینے سے بھی یہی فائدہ دیتی ہے

کمر سے باندھنے کا نقش یہ ہے۔

علی عو ۳۱ x ۱۱۱۱ ام ط ا ۱۱۱ ط ۱۱۱ د ۱۱۱ ع

۸ ا ل ث ع ۱۱۱ ط ۱۱۱ ع ا ۱۱۱۱ ص

نیند سے حسب منشا بیدار ہونے کیلئے

ان الذین آمنو سے آخر سورۂ کہف تک پڑھ کر یہ کہہ کر سو رہو۔ کہ فلاں وقت مجھے جگا دینا۔ انشاء اللہ اسی وقت آنکھ کھلے گی۔

ناد علی

خوف کے وقت پڑھنے سے طبیعت کو اطمینان حاصل ہوتا ہے خطرے کے وقت غیبی امداد حاصل ہوتی ہے۔ مشائخ کا معمول ہے۔

نادِ علیاً مظہر العجائب تجدہ عوناً لک فی النوائب کل ھم وغم سینجلی بولایتک یا علی یا علی یا علی۔

تکبیر عاشقاں

یہ معمول مشائخ میں سے ہے۔ اس کا پڑھنے والا بے خوف رہتا ہے۔ دشمن مغلوب ہوتے ہیں۔ اس کا ورد کرنے سے غیبی مدد شامل حال رہتی ہے۔ گھر میں جنگل میں تنہائی میں اطمینان حاصل ہوتا ہے۔ کسی قسم کی دہشت نہیں معلوم ہوتی۔ عجیب شغل ہے۔ بعض اثرات ایسے بھی ہیں۔ کہ جو سینہ بسینہ بتائے جاتے ہیں۔ ہر اک اس کا اہل نہیں۔ ایک مرتبہ روزانہ بھی پڑھ لینا کافی ہے مگر پڑھتے وقت باادب ہو کر پڑھے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ بسم اللہ خیر الاسما انبیاء را اولیاء را زہاد را ابدال را اوتار را سالکاں را محباں را محبوباں را مجذوباں را مجذوب سالک را سالک مجذوب را اصحاب تمکین را ارباب تلوین را اہل سکر را اہل صحو را تشنگاں را گنج سلامت را راہرواں کوے ملامت را قلندراں سرمست را صوفیاں زبردست را سلسلہ طبقہ حیدریاں را غلغلہ محباں را شاہاں عرب را سرداران عجم را بندگاں را امیران خراساں را سلطان سندھ را خلفائے ہند را چابک سواران بدخشاں را عاشقان عوز را مشتاقان ماوراء النہر را واصلان بر و بحر را شہیدان دشت کربلا را ہر کہ در حاجات ظاہری و باطنی اندر بدرگاہ شفیع آوردم۔ برائے برآمدن حاجات و مہمات دینی و دنیوی ہر کہ در آید بر آید۔ ہر کہ دگر کند جگر خورد در ہر کہ مارا بد گوید و بد خواہد ضربت لا الٰہ الا اللہ برجان او ذوالفقار علی برگردن او دگرز امیر حمزہ در پشت او و عصائے موسیٰ کلیم اللہ بر جگر او و آرہ زکریا بر سر او و کرم ایوب در بطن او و تیغ رجال الغیب در قتل او و قہر خدا در مقہوری او بحق یا بدوح یا بدوح یا بدوح اللہ اکبر اللہ اکبر لا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر اللہ اکبر وللہ الحمد صلی اللہ تعالیٰ سیدنا محمد وعلیٰ آلہ واصحابہ اجمعین۔

وردِ مشکل کشا ان تستفتحوا فقد جاءکم الفتح انا فتحنالک فتحا مبینا نصر من اللہ و فتح قریب۔ ۷ بار ہر نماز کے بعد پڑھ لینے سے کوئی مشکل اٹکی نہیں رہتی معمولات مشائخین سے ہے۔

ارشاد حضرت خواجہ قطب الاقطاب

آپ کا ارشاد ہے۔ کہ بعد نماز مصلے پر اپنا سیدھا ہاتھ رخسار پر رکھے۔ اور ہاتھ دہنے گھٹنے پر اور سات مرتبہ یہ پڑھے عجیب کیفیات چند روز میں مشاہدہ میں آئے گی۔

آمد کہ عہد ہا تازہ کنم شدآنچہ شد اے صنم گذشت آنچہ گذشت

دعائے کفیل المہمات

عجیب پرتاثیر اور زود اثر ہے۔ بہت ہی جلد اپنا اثر دکھاتی ہے۔ اور مخلوق سے بے نیاز کر دیتی ہے۔ ہر نماز کے بعد پڑھا کرے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللہ الکافی قصدت الکافی وجدت الکافی لکل کافٍ کافی کفانی ولنعم الکافی وللہ الحمد

آیت قطب

قرآن پاک کی یہ آیت خاندان صابریہ چشتیہ کے مخصوص نادرات میں سے ہے۔ روزانہ بطلوع آفتاب کے وقت بسوئے مشرق منہ کر کے پڑھی جاتی ہے۔ ۲۰ دفعہ روزانہ پڑھنے سے خدا تعالےٰ اس آیت پاک کی برکت سے انوار سرمدی سے فائز فرماتا ہے۔

ثم انزل علیکم من بعد الغم امنۃ نعاسا یغشی طائفۃ منکم وطائفۃ قد اھمتھم انفسھم یظنون باللہ غیر الحق ظن الجاھلیۃ یقولون ھل لنا من الامر من شیء قل ان الامر کلہ للہ یخفون فی انفسھم ما لا یبدون لک یقولون لو کان لنا من الامر شیء ما قتلنا ھھنا قل لو کنتم فی بیوتکم لبرز الذین کتب علیھم القتل الی مضاجعھم ولیبتلی اللہ ما فی صدورکم ولیمحص ما فی قلوبکم واللہ علیم بذات الصدور

نیز اس کے ورد سے دین و دنیا کی مشکلات میں بھی آسانی ہوتی ہے۔

دعائے قضائے حاجت

جب کسی کو کوئی مشکل پیش آئے۔ حضرت خواجہ بہاؤ الدین نقشبند فرماتے ہیں۔ کہ اس دعا کو اپنا معمول بنائیے۔ یہ دعا میرے دوست حاجی اعجاز احمد صاحب لاہوری سے مجھے ملی تھی۔ بعد میں اس کی سندات معلوم ہوئیں بعد ہر نماز آدمی اپنا معمول بنالے ہر مشکل حل ہوگی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم لا الٰہ الا اللہ الحلیم الکریم سبحان اللہ رب العرش العظیم والحمد للہ رب العالمین اسئلک موجبات رحمتک وعزائم مغفرتک و النعیمۃ من کل بر والسلامۃ من کل اثم لا تدع لی ذنبا الا غفرتہ ولا ھما الا فرجتہ ولا حاجۃ من حوائج الدنیا والآخرۃ ھی لک قضیتھا یا ارحم الراحمین۔ آمین یا رب العالمین

دعوت سورۂ اخلاص

ترک حیوانات کے ساتھ محصور یعنی حصار سے احرام باندھ کر لوٹا پانی چاقو عطر پاس رکھ کر ختم عمل پر حصار کاٹ کر باہر آئے۔ حصار ہر چہار قل و آیت الکرسی کا کرے۔ بعد نماز تہجد پڑھے آنکھ کان بند ہوں۔ ۲۰ مرتبہ بہ ایں طور سورہ پڑھے۔ اٹھتے بیٹھتے بھی سورہ اخلاص کا ورد رکھے۔ تا چہل یوم پرہیز رکھے۔ اور پڑھے۔ جب موکل آئیں۔ تو ان سے عہد فرمانبرداری لے لے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم قسمت علیکم یا جبرائیل بحق قل ھو اللہ احد عزمت علیکم یا اسرافیل بحق اللہ الصمد قسمت علیکم یا میکائیل بحق لم یلد ولم یولد عزمت علیکم یا عزرائیل بحق لم یکن لہ کفوا احد سخر لی عبدہ عبد الرحمن و عبدہ عبد الواحد خدام ہذہ سورۃ بحق لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

عملیات ونقشیات فتوحات وغیرہ

۲۹۳	۲۵۵	۸۵۹	
۱۲۶۵	ہوالرزاق	۲۸۲	
۱۶۶۹	۱۱۷۹	۵۸۶	

نقشِ ذیل ۱۷ عدد روزانہ علے الصبح لکھے۔ تسخیرِ عام کے لئے بے نظیر ہیں۔ ساتویں دن اثرات نمایاں ہوں گے۔

آفتابی عمل

نوروز آفتاب پر غسل کرے۔ بجانب مشرق کھڑا ہو۔ اور کہے۔ کہ اے آفتاب عالمتاب جو کچھ تمہارے طلوع و بزرگی کا اثر ہے۔ وہ مجھے دو۔ پھر بیٹھ کر صندل جلائے۔ اور پچاس دفعہ کہے۔ ابرصا صبرسا۔ سارسا۔ سبورسا

اور سفید کاغذ پر زعفران سے نقش ذیل لکھے۔ پھر سونے کے ورق میں لپیٹ کر سرخ ریشم سے باندھ کر کہے۔ اے نیر اعظم میرا مقصد (جو کچھ ہو) یہ ہے۔ مجھے میری مراد کو پہنچا۔ بہت جلد بہت جلد۔ پھر والشمس کی سورۃ پڑھے۔ اور خود پہ دم کرے۔ طلوع سے غروب تک سورج کو سوائے نماز کے پشت نہیں کرے۔ نقش بھرتے وقت بھی سورج بجانب راست ہو۔ نقش کو موم جامہ پر لپیٹ کر بازو پر باندھے۔

۷۸۶

۱۸۱ ابرصا	۹۴	۹۱	۸۸ صبری
۹۲	۸۷	۸۲	۹۳
۸۶	۸۹	۹۶	۸۳
۹۵ سارسے	۸۴	۸۵	سورج ۹۰

فتوح جمعراتی

۴۱ جمعرات برابر یہ عمل کرنا پڑتا ہے۔ دو رکعت نماز پڑھ کر ثواب شیخ عبدالشکور کی روح کو پہنچا دے۔ اور دو رکعت نماز پڑھ کر حضرت خواجہ بہاؤالدین نقشبند کو ثواب پہنچا دے۔ پھر درود شریف) اور والشمس تجری لمستقر لہا ذالک تقدیر العزیز الحکیم ۱۲۰۰ مرتبہ پڑھے۔ اور ایک روپیہ مٹھی میں لے کر ۱۱۰۰ مرتبہ المغنی المغنی پڑھے۔ پھر ۱۲ دفعہ درود پڑھ کر دم کرے۔ اور اس روپیہ کو خرچ نہ کرے۔ پھر خدا کی قدرت کا تماشہ دیکھے

نقش فتوح

۱۸۰ دن تک ۱۸۰ نقش روزانہ زمین صاف پر کھجور کی لکڑی سے لکھے اور زبان سے یا بدوح یا بدوح پڑھتا جائے۔ بوقت ضرورت نقش لکھ کر زیر بستر رکھے۔ اللہ تعالیٰ قاضی الحاجات ہے۔ اس کے نام کی برکات نمایاں ہوں گی۔

خاکستر غیب

عجیب وغریب نقش ہے۔ اگر تقدیر میں ہوگا۔ تو عمل بلا ناغہ پورا ہو جائے گا۔ ورنہ ناغہ ہو جائیگا۔ ۱۳۴ نقش روزانہ لکھو۔ ۱۳۴ دن تک۔ اور روزانہ ایک گڑھے میں جلاتے رہو۔ مگر راکھ نہ ضائع ہو۔ گڑھے ہی میں رہے۔ نقش ایک ایک کر کے جلاؤ۔ ۱۳۴ دن کے بعد درود پڑھ کر راکھ میں ہاتھ ڈالو۔ جو قدر ہو گا مل جائے گا۔ اور پھر اسی قدر ہر روز ملتا رہے گا۔ مگر عمل جاری رکھو البتہ راکھ ۱۳۴ دن کے بعد کم کر سکتے ہو۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

ایک ہفتہ میں دست غیب ہو جائے

ایک اناج ایک ترکاری سات دن تک کھائے۔ اور نماز صبح کے بعد جمعرات عروج ماہ سے ۴۰ بار روزانہ پڑھے۔ یا فرید یا خبیر یا شہید یا رب یا لطیف یا غالب یا جبار فعال لما یرید یا خلاق یا حافظ۔ آٹھویں دن نقش لکھ کر زیر جائے نماز رکھ کر ایک ہزار بار یا فعال لما یرید یا خلاق پڑھے۔ پھر جائے نماز اٹھائے۔ جو کچھ ملے۔ ہتھیلی میں رکھ لے۔ جب کچھ نکالے۔ یا وہاب فعال لما یرید پڑھ کر نکالے۔ سب نہ نکالے۔ عمر بھر انشاء اللہ

۳	۱۰	۱
۹	بحق یا وہاب	۵
۲	۴	۸

۷۸۶

کسی کی محتاجی نہ ہوگی۔ نقش سامنے ہے

پڑھا ہوا روپیہ بعد نماز عشاء غسل کرو۔ اور ایک روپیہ منہ میں لو۔

ایک پاؤں کے نیچے رکھو۔ اور دو رکعت پڑھو۔ قبل الحمد ۱۱ بار۔ درود پاک پھر الحمد و اخلاص سات سات دفعہ پڑھو۔ منہ والے پر ۱۱ مرتبہ ہل اتی پڑھ کر منہ میں رکھو۔ پاؤں والے پر ۱۱ دفعہ واللیل پڑھو۔ پھر رکوع و سجود کرو۔ ایسے ہی چالیس دن تک پڑھو۔ بعد کامیابی کے ۴ آنے روز خیرات کرنی ضروری ہے۔

عمل کے علاوہ منہ اور پاؤں کے روپیہ درود پڑھ کر بکس میں بند کر دیا کرو۔ اور اٹھتے بیٹھتے اللہ الصمد کا ورد رکھنا ضروری ہے۔ سجدہ کی جگہ یہ نقش جائے نماز کے نیچے لکھ کر رکھ لیا کرو۔ محمد اللہ

دست غیب خمس دینار کا

ایک سو گیارہ دن ۱۱۱ نقش ہر روز لکھے۔ شروع اتوار کے دن کرے۔ طلوع آفتاب کے وقت نقش لکھا کرے۔ اور روزانہ دریا میں گولیاں بنا کر ڈالتا رہے۔ ایک سو بارھویں دن سے صرف ۱۱ نقش روزانہ لکھے۔ اور روزانہ ۱۱ نقش ہمیشہ روزانہ لکھتا رہے۔ انشاء اللہ کامیاب ہوگا۔ اور غیب سے خمس دینار ملے گا۔ یہ عمل اک بزرگ سے پہنچا ہے۔ الا تجربہ میں نہیں آیا۔ مگر جو محنت کرے گا خدا اس کی محنت رائیگاں نہیں کرے گا۔ نقش سامنے ہے۔

۷۸۶

۹	۷۴۳	۲۷۶
۱۴۰	خمس دینار	۶۵۱
۵۵۹	۳۶۸	۱۸۴

سورۂ رحمٰن پڑھنے کا طریقہ برائے فتوحات غیبی

سورۂ رحمٰن وقت طلوع آفتاب رو بہ رو ہو کر روز پڑھے۔ چالیس دن تک ہر تکبیر بان پر

انگلی سے سورج کی طرف اشارہ کرتا ہے نیت زکواۃ کی ہو۔ چالیس دن کے بعد ایک دفعہ روزانہ پڑھے۔ اور جب کسی کے سامنے جائے۔ تو تین دفعہ فبایِ آلاءِ ربکما تکذبٰن پڑھ لیا کرے۔ ہر شخص سے مستفیض ہوگا۔

فتوح المجرب

کبھی یہ عمل خطا نہیں کرتا۔ دو روپیہ لو۔ ایک پر ع ئ ز دوسرے پر ن لکھو۔ یہ دونوں دہنے بائیں کے ہیں۔ چالیس دن تک مصلے کے نیچے قدموں کے پاس رکھو۔ اور ۵۰۰ مرتبہ روزانہ واللّٰہ یرزق من یّشاء بغیر حساب پڑھو۔ جگہ تبدیل نہ ہو۔ وقت مقررہ پر پڑھو۔ عجیب نعمت ہے۔ اگر تمہاری تقدیر یاور ہوگی۔ تو ضرور اس عمل کو پڑھ لوگے۔

فتوح خاص

الملک علیحدہ علیحدہ حروف میں لکھو۔ اور روزانہ دیکھتے رہا کرو۔ دیکھتے وقت ۴۰ مرتبہ آیت قطب پڑھ لیا کرو۔ بعد چالیس روز کے وہ کرشمہ دیکھوگے۔ کہ خوش ہو جاؤ گے۔ کسی قسم کی پابندی بھی نہیں ہے۔

عمل کشائش کاروباریقینی اور زود اثر

حضرت شاہ محمد غوث گوالیاری کا آزمودہ ہے۔ فرماتے ہیں۔ نہایت کارگر اور مؤثر ہے۔ بے کار ہو۔ تو کام پر لگ جائے۔ کاروبار تجارت مندہ ہو۔ تو خوب ترقی ہو۔

وظللنا علیکم الغمام وانزلنا علیکم المن والسلوٰی کلوا من طیّبٰت ما رزقنٰکم۔ یہ آیت اعداد کھیعص اور حمعسق کے مطابق حرفوں کے روزانہ اس طرح پڑھے۔

ک پہلے دن ۲۰ مرتبہ ع چوتھے دن ۷۰ مرتبہ م ساتویں دن ۴۰ مرتبہ
ہ دوسرے دن ۵ مرتبہ ص پانچویں دن ۹۰ مرتبہ ع آٹھویں دن ۷۰ مرتبہ
ی تیسرے دن ۱۰ مرتبہ ح چھٹے دن ۸ مرتبہ س نویں دن ۶۰ مرتبہ

ق دسویں دن ۱۰۰ مرتبہ

گیارھویں دن حضرت مجدد الف ثانی کی نیاز دلائیے کھیر پر۔ خود بھی کھائے اور مساکین کو بھی کھلائیے۔ کم ازکم تین مرتبہ یہ عمل کرے۔ اور اس کی شگوفہ کاری سے فائدہ اٹھائے زود اثر ہے۔ بے ضرر ہے۔ اور آسان ہے۔

حاجت دینی و دنیوی

کے درود تنجینا ستر بار پڑھی جاتی ہے۔ عجیب خیر و برکت کا عمل ہے۔ درود تنجینا یہ ہے۔

اللھم صل علی سیدنا محمد صلوٰۃ تنجینا بھا من جمیع الاھوال والافات وتقضی لنا بھا جمیع الحاجات وتطھرنا بھا من جمیع السیئات وترفعنا بھا اعلی الدرجات و تبلغنا بھا اقصی الغایات من جمیع الخیرات فی الحیات بعد الممات انک علی کل شئ قدیر

عملیات الحب والبغض

تمام عملیات کی کتابوں میں سب سے پہلے لوگ حب کا عمل تلاش کرتے ہیں حب کے شائقین بے انتہا ہیں۔ عاملوں کے پاس بھی اسی لئے لوگ جاتے ہیں۔ مگر حب کا عمل نہیں ملتا۔ اس کی کئی وجہ ہیں۔ اول تو یہ کہ کوئی عمل علوی طور پر ناجائز طور پر اثر نہیں کرے گا۔ پھر لوگ اپنی حیثیت کے خلاف خواہش کرتے ہیں۔ اور قرآنی آیتوں کو جھوٹا ٹھہراتے ہیں۔ حالانکہ قرآن پاک کی کوئی آیت بھی نعوذ باللہ بے اثر نہیں جب گلہائے دل پر اثر کرتی ہیں۔ تو آیتیں نہیں کریں گی۔ پھر بازاری کتابیں جن میں انٹ سنٹ عملیات لکھے ہوتے ہیں۔ کر گزرتے ہیں۔ اعمال کی شرائط کی پابندی نہیں کرتے۔ کسی صاحب مجاز بزرگ سے اجازت نہیں لیتے۔ کہتے پھر اثر کیوں کر ہو۔

ہم نے وہ عملیات جنہیں مخصوص اجازت کی شرط نہیں ہے۔ عام قرآنی اثرات

دکھانے کے لئے اور لوگوں کو قرآنی آیتوں کا قایل بنانے کے لئے ذیل میں چند اعمال حب کے اور بغض کے درج کر دئے ہیں۔ انشاء اللہ حسب ہدایت پابندی قیود اور ستاروں کی مطابقت کیساتھ کئے جائینگے۔ تو ضرور کامیابی ہوگی۔ کسی عمل کی ترکیب سمجھ میں نہ آئے۔ یا کوئی خاص دریافت طلب امر ہو۔ تو فقیر صوفی وارثی سے قرآنی شفاخانہ رام گلی نمبر ۶ لاہور آکر یا بذریعہ خط جوابی کے دریافت کرلے۔ والسلام علیٰ من اتبع الھدیٰ

عمل حب میں طلسم کشش

بدھ کے دن ثابت کے مہینے میں بساعت اول مشک و زعفران سے دہنی ہتھیلی پر یہ عمل لکھ لے۔ لوبان کی دھونی دے کر مٹھی بند کرلے۔ اور محبوب کے سامنے کھول کر اسے دکھا کر پھر مٹھی بند کر کے چلا آئے۔ پیچھے مڑ کر نہ دیکھے۔ اور کرشمہ دیکھے۔

ص۴ ع حسم سلد سر ھسدی × ۶ ع و ∴ حسب

محی ۶ ع ووھ ح ۶ ہر مہ ہ لا ۶ ر لاد ح ۶ ھ ۶ ×

صح صم صہ ۹ یسہ کہ محمد اوھ ۹ الا ع

حب کی بتی

سلم	ہو	سلم	بجد
او	سلم	ملاء	سلع
طلعہ	ملح	سلم	اسلم
۱۹۱	۶	۱۵	۷۹

ط ۹ ۵ ۱ ۹ ۷ ۹ ۴ ۲ ۹ ۱ ۹ ۱ ۸ ۱ ۰

ط اسمعہ ۱۲ ۱۹ ۷ ۵ × ×

چراغ کا رُخ سوئے خانہ مطلوب رہے۔ جب تک یا ودود کا ورد طالب کرے۔ چراغ میں تیل خوشبودار ہو۔ نیاز حضرت گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کی ضرور دلادے۔

نمبر حب

سا ۳۷		ع ۳ ر
۷	درحب فلاں	۱۲
۱۲ ۱۲		ک ۱۲ ام

بروز یک شنبہ پتھرسے یا بکرے کے خون سے لکھ کر ریشم سے کسی درخت میں لٹکائے۔ اور نیاز حضرت غوث پاک کی عمدہ بریانی پکوا کر دلائے۔

موئے محبت مطلوب کے سر کے بالوں پر تین مرتبہ قلبا پڑھ کر سرہانے رکھ کر سو جائے۔ مطلوب بے قرار ہو کر آئے گا۔ مگر توشۂ اصحاب کہف جس کی تفصیل اسی کتاب میں کسی دوسری جگہ درج ہے۔ ضرور ادا کرنا پڑے گا۔

نقش حب یقینی

پہلے یہ نقش زعفران سے سوا لاکھ مرتبہ لکھا جاتا ہے۔ اور دریا میں ڈالا جاتا ہے پھر لکھا جاتا ہے۔ مطلوب بے چین اور بے قرار ہو جاتا ہے۔ لیکن دوران نقش نویسی میں مطلوب کو ہرگز نہ دیکھے

حم	ق	س	ع ق ک
ع	حم	ق	حم
س	ع	حم	حم
۲۶۰	۹۲	۲۰۷	۵۵

فلاں ابن فلاں کی جگہ مطلوب اور فلاں کی جگہ طالب کا نام لکھو

فلاں ابن فلاں درحب فلاں بیقرار شود

حب کی الائچیاں

۱۷ الائچیوں پر ۱۲ مرتبہ پڑھ کر دم کرو۔ اور مطلوب کو کھلاؤ۔ اور قدرت کا تماشا دیکھو۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نستعین اللّٰھم اجعل محبوبی فی قلبی یا بدوح یا بدوح یا بدوح

حب سہ روزہ

نوچندی جمعرات سے عصر کے وقت ۰۰ ۱۰ مرتبہ آنکھیں بند کر کے یا ودود پڑھو تین دن تک شربت پر دم کر کے خود پی لیں۔ تصور محبوب سے شرط لازمی ہے۔ بعد تین دن کے زردہ پر فاتحہ حضرت خواجہ اجمیری دلا کر خود ہی کھالیں۔

حب تکسیری

نام طالب و مطلوب کے درمیان محبت لکھ کر نام نکالو۔ (نام نکالنے کا طریقہ پہلے درج ہو چکا ہے۔) اور سیسے پر لکھ کر کسی درخت کے نیچے گیلی جگہ دفن کر دو۔ یا روزہ پانی ڈالتے رہو۔ مجرب المجرب ہے۔

حب کا عمل سفلی جو سو فیصدی صحیح ہے

اس کا تجربہ خود نہیں کیا۔ البتہ ذریعہ یافت جو ہے۔ وہ مستند ہے۔ ہردوار کے ایک بزرگ کے ذریعہ سے (جو خود اس کے عامل تھے۔) ملا ہے۔ جو لوگ اس قسم کے عملوں کے شائق ہیں۔ وہ تجربہ کریں۔ اور مجھے بھی اطلاع دیں۔ کہ تجربہ پر یہ عمل ٹھیک اترا۔ یا نہیں۔ تاکہ آئندہ اشاعت میں ان کا تجربہ درج کیا جائے۔

ایک ڈبہ میں بارش کے پانی میں گندھی ہوئی راکھ بھر کر نصف ڈبہ زمین میں گاڑ دو۔ پھر مرغی کے انڈے پر ایک طرف نام طالب لکھو۔ اور بالعصاص عصعاس لکھو۔ دوسری طرف نام مطلوب اور مستب سباب لکھو۔ اسی طرح دو کاغذ کے پرزوں پر لکھو۔ جنگلی خشک اپلوں کی آگ جلاؤ۔ اور ڈبہ کے سامنے بیٹھ کر پڑھو۔ تریاق قسمت علیک لبش شا اُن یا شنستارن قسمت علیک بالعصاص عنصعاص قسمت علیک لسبب سباب احضر فی الحظورہ الکلوس المرید یا خطاف لم حل بصر العجل اخطف (یہاں نام مطلوب معہ والدہ کے لے) اجبث الیک المخابیۃ ان تکون ظہیرا اذہب الی (یہاں مطلوب کا نام معہ والدہ کے

ملے) وبفعل مضطر باؔ و مسحور آئی محبتی (انڈے پر دم کرو) اور ڈبے پر انڈہ رکھ دو۔ پھر دوسرا پرزہ لے کر رکھو۔ وہاں سے ہٹ جاؤ۔ غسل کرو۔ اور سو مرتبہ الگ بیٹھ کر آیۃ لقد جاءکم رسول من انفسکم عزیز علیہ ما عنتم حریص علیکم بالمومنین رؤف الرحیم۔ ایک سو ایک مرتبہ پڑھو۔ اور ہر دفعہ ڈبہ کی طرف اشارہ کرتے جاؤ۔ بعد ختم دیکھو۔ اگر انڈے کی زردی غائب ہے۔ تو عمل کامیاب ہوا اور جلد سے جلد تمہارا مطلوب بے قرار ہو کر تمہارے پاس آجائے گا۔ ورنہ سمجھ لو کہ مقدر میں ہی ہیں تمہارے مطلوب کا حاصل ہونا ہی نہیں۔

حب فلفلی ۱۱ سیاہ مرچ پر تین بار وانہ لحب الخیر لشدید پڑھتے جاؤ۔ اور مرچ آگ میں جو سامنے روشن ہے ڈالتے جاؤ۔ تصور مطلوب لازمی ہے۔

یہ عمل تین روز تک پڑھو۔ مطلوب کے بدن میں ایسی مرچیں لگیں گی۔ کہ اسے بغیر تمہارے پاس آئے سکون حاصل نہیں ہو گا۔

فلیتہ محبت پارچہ کہنہ مطلوب کا فلیتہ بناؤ۔ طلوع کے وقت اور اس میں یہ لکھ دو۔

۱۱ ۵ ۱۱۱ ۵ ۱۵ ۸ باسم نام مطلوب معہ مادر ۱۱۱۱ و ۱۱ ۴ ف ۱۱ عا رم ۷ ۸۶

یہ فلیتہ جلاؤ۔ منہ بتی کا سوئے خانہ مطلوب منہ رکھو۔ اور قدرت کی تجلیات دیکھو۔ کہ کتنی جلد قسمت جگمگانی ہے۔ کامیابی پر نیاز حضرت خواجہ نظام الدین اولیا کی دلا کر مٹھائی بانٹو

حب جفری

طالب و مطلوب کے ناموں کے اعداد میں ۳۱۲ جمع کرو۔ اور تین مثلث کرے۔ ایک خود باندھو۔ ایک جلا کر راکھ مطلوب پر یا اس کے راستے میں ڈال دو۔ یا اس پر چھڑک دو۔ ایک اندھیرے میں دفن کر دو۔ یہ نقش بارہا کا آزمودہ ہے۔ کبھی خطا نہیں کرتا مگر سوا روپے کی نیاز حضرت خواجہ جنید بغدادی کی ضرور دلائی جاتی ہے۔

انوار حب

طالب و مطلوب کے نام کے حروف اور نام ہم حرف خدا کے ناموں کی بتیاں بنا کر

مثلاً کسی کا نام احمد ہے اور مطلوب کا بیگم ہے ۔ تو بتیاں اس ترکیب سے بنیں گی ۔ اے باری بدوح بیگم کے بدن کو احمد کی محبت میں غرق کر دے ۔ بحق یا جبرائیل

اے یزدان بیگم کو یاد احمد میں غرق کر بحق یا جبرائیل

اے کریم بیگم کی گل کو احمد کی محبت میں سرشار کر ۔ بحق یا جبرائیل

اے مالک اے محی معین مصور ۔ ملک بیگم کے من کو احمد کی محبت دے ۔ بحق یا جبرائیل

گویا نام کے حرفوں کے موافق جتنے خدا کے نام ہوں ۔ سب لکھے اور اسی حرف سے شروع ہونے والے اعضا کا نام لکھے ۔ پھر علیحدہ علیحدہ ہر حروف کی بتیاں بنائے ۔ اور خوشبو دار تیل میں روز ایک بتی جلائے ۔ اور سامنے بیٹھ کر تصور مطلوب کے ساتھ درود شریف پڑھتا رہے ۔ بتیاں جلنی ختم نہیں ہوں گی ۔ کہ مقصد دلی حاصل ہو گا مطلوب بیقرار ہو کر دوڑا آئے گا ۔

محبت کی روٹی

کا ہ مبدع لا ع حمر حا حمہ اتوار کے دن گھی چپڑی روٹی کے ٹکڑے پر یہ طلسم لکھو گھی سے اگر مطلوب مرد ہو ۔ تو بیل کو ورنہ گائے کو کھلا دو ۔ یہ ایک ایسا چٹکلہ ہے ۔ کہ تعریف نہیں ہو سکتی ۔ جب آپ تجربہ کریں گے ۔ تو خود مداح ہو جائیں گے ۔

محبّت کے پھول

یہ عمل نہایت زود اثر اور کارگر ہے ۔ اکثر تجربہ میں صادق اترا ہے ۔ آپ بھی فائدہ اٹھائیں ۔ ستر خوشبودار پھولوں پر سات سات مرتبہ عزمت علیکم یا جبرائیل بحق اذا زلزلۃ الارض زلزالھا تزلزلو قلب (یہاں نام مطلوب معہ والدہ کے لے) بحق یا ودود یا علی یا عین یا عین پھر سورۃ مبارک ختم کرے ۔ اسی طرح تین دن متواتر کرے ۔ اور ڈبہ کو بند کر دے یہ کہہ کر کہ جب تک تم میری محبت میں سرشار ہو کر مجھ تک نہ آجاؤ گے ۔ اسی طرح ڈبے میں بند رہو گے ۔ اور پھر ڈبہ نہ کھولے ۔ دیکھئے پھر کتنی جلدی تقدیر کھلتی ہے ۔ کہ حیرت ہو گی ۔ دنیا کہتی ہے کہ عملیات میں اثر نہیں رہا ۔ ہم کہتے ہیں کہ اکل حلال ہی نہیں رہی ۔ کرنے

والے ہی نہیں رہے ۔ مذہب کا احترام ہی نہیں رہا۔ حرام و حلال کی تمیز ہی نہیں رہی زبانوں میں اثر آئے ۔ تو کیوں کر آئے۔

ع شوق دید اگر ہے تو نظر پیدا کر

ناراضی شوہر کیلئے ایک مجرّب عمل

وَمِنَ النَّاسِ مَن يَتَّخِذُ مِن دُونِ اللهِ اَندَادًا يُحِبُّونَهُم كَحُبِّ اللهِ وَالَّذِينَ آمَنُوا اَشَدُّ حُبًّا لِّلهِ ؕ وَلَو يَرَى الَّذِينَ ظَلَمُوا اِذ يَرَونَ العَذَابَ اَنَّ القُوَّةَ لِلهِ جَمِيعًا وَّاَنَّ اللهَ شَدِيدُ العَذَابِ۔ یہ آیت شیرینی پر ۱۱ مرتبہ دم کرے ۔ اور فاتحہ حضرت حافظ صاحب کی دلائے ۔ اور مساکین کو کھلائے شیرینی اپنے شوہر کو چائے وغیرہ میں کھلا دے ۔ کہنے میں ہو جائیگا ۔ اور خوش رہے گا۔

تالیف قلوب عام کیلئے

یہ نقش عجیب الخاصیت ہے ۔ زعفران سے لکھ کر جمعہ کے دن بازو پر باندھے لیجئے ۔ اور خدائی کلام کی تاثیرات کے کرشمے دیکھیے۔

۱۱۲۹۳

دالارض	السموات	نور	اللہ
اللہ	والارض	السموات	نور
نور	اللہ	والارض	السموات
السموات	نور	اللہ	والارض

ایک خاص عمل جسکے اثرات بھی عجیب ہیں

جو پڑھے گا وہ لطف اندوز ہو گا بات کہنے کی نہیں ۔ اسرار میں سے ایک سر ہے ۔
۴ تاریخ قمری سے ۱۱ دن تک ۲۱۳ بار یا بصیر پڑھے ۔ آخر روز ۱۰۲ مرتبہ درود پڑھے پاک نیاز دلائے ۔ حضور آقائے دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی رُوح پر فتوح کو ایصال ثواب کرے اور خود بھی کھائے۔

بغض اور دشمنی کے نقشیات اور عملیات

بغض کی مرچیں

۲۱ کالی مرچیں لو۔ ان پر شنبہ کے دن وقت طلوع ہر مرچ پر علیحدہ علیحدہ پڑھو۔ اور جلاتے جاؤ۔ تمہارے دشمن کے بدن میں ایسی مرچیں لگیں گی۔ کہ زندگی دشوار ہو جائے گی مرچ جلاتے وقت ہر بار یہ پڑھو۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم القارعۃ ما القارعۃ بحق اھیا شراھیا اضماوث بحق محمد صلی اللہ علیہ وسلم و چار یار رضوان اللہ علیہم اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین البغض (نام دشمن لے۔ اور پھر مرچ پر دم کر کے آگ میں ڈال دے۔

لوح دشمنی

سیسے کی جو دھات ہوتی ہے۔ اس کی لوح بنواؤ۔ اور اس پر یہ نقش لکھو۔ اور سرخ لہسن اور ہینگ کی دھونی دے کر آگ کے نیچے دبا دو۔ دشمن بیمار ہو جائے گا تکلیف پہنچے گی۔ مگر مرے گا نہیں جب اسے نکال لو گے تو تکلیف جاتی رہے گی۔

لیکن ان تمام عملوں کے متعلق ہماری رائے یہ ہے۔ کہ کرنے نہیں چاہئیں۔ کسی کو تکلیف پہنچانی مناسب نہیں۔ رسول پاک علیہ الصلوٰۃ والسلام تشریف لے جا رہے تھے۔ کہ راستے میں کوئی شخص حضرت ابو بکر کو برا بھلا کہہ رہا تھا۔ اور حضرت ابو بکر خاموش سن رہے تھے۔ آپ بھی کھڑے ہو گئے۔ جب حضرت ابو بکر نے دیکھا کہ حد ہو گئی۔ تو آپ نے اس کی سب و شتم کا سختی سے جواب دیا۔ آپ تشریف لے جانے لگے۔

حضرت ابو بکر نے عرض کیا۔ میرے ماں باپ آپ پر قربان جب تک اعرابی مجھے برا کہہ رہا تھا۔ آپ کھڑے سنتے رہے۔ اب میں نے جواب دینا شروع کیا۔ تو آپ تشریف

کہوں لے چلے۔ ارشاد ہوا۔ ابوبکر جب تک تم خاموش سن رہے تھے۔ تمہاری طرف سے حضرت جبریل اس اعرابی کو برا کہہ رہے تھے۔ اب تم نے جواب دینا شروع کر دیا۔ تو وہ چلے گئے۔ یہ کہہ کر کہ قضیۂ زمین برسرِ زمین ہی بھی جانے لگا۔ اس لئے ہمارا مشورہ یہی ہے۔ کہ اپنی ذات سے کسی کو تکلیف نہیں پہنچانی چاہیئے۔ مگر مجبوری میں انسان سب کچھ کرنے کو تیار ہو جاتا ہے۔ لوح یہ ہے۔

۷۸۶

بسم	اللہ	الرحمن	الرحیم	
اللہ	الرحمن	الرحیم		بسم
الرحمن	الرحیم	بن فلاں	بسم	اللہ
الرحیم	فلاں	بسم	اللہ	الرحمن
نام دشمن	بسم	اللہ	الرحمن	الرحیم

نفاق

دو ملاقاتیوں میں باہم نفاق ڈلوانے کے لئے یہ عمل نہایت مؤثر ہے۔ بہت جلد نفاق ہو جاتا ہے۔ جیڑواں بادام جس میں دو بیج ہوتے ہیں۔ لو اور گریاں نکال کر نحس ساعت میں بیٹھ کر پڑھو۔ اور چہرہ غضب آلود بنا کر چاقو سے گریوں کو مارتے جاؤ۔ اور دونوں ملاقاتیوں کا نام لیتے جاؤ۔ مَرَجَ الْبَحْرَیْنِ یَلْتَقِیٰنِ بَیْنَہُمَا بَرْزَخٌ لَّا یَبْغِیٰنِ

لفظ بینہما کی ہر مرتبہ سات دفعہ تکرار کریں۔ اور اکیس مرتبہ پڑھیں۔ یہ عمل تین دن تک کرو۔ پڑھتے وقت چھری یا چاقو باداموں کی گری پر مارتے جائیں۔ یہ عمل منہ میں نیم کا پتا لے کر پڑھا جاتا ہے۔ بعد کامیابی حضرت بو علی شاہ قلندر رحمت اللہ علیہ کی بالوشاہیوں پر نیاز دلوا کر تقسیم کرو۔

بربادیٔ دشمن کے انڈے

ایک انڈے پر نحس ساعت میں معمول کا نام لکھو۔ اور ذیل کا نقش لکھو۔ اور نیلے ڈورے میں لپیٹ کر آگ میں ڈال دو۔ اور قدرت کا تماشہ دیکھو۔ مگر پھر گذارش ہے۔ کہ ایسے عمل کرنے نہیں چاہئیں +

ا ل ربک و ان ح ر ـــــا
اعطین ان ش ان ر ک ـــــناک
الکوثر ھ و ال اب ت ر
فصـــــل

عمل یہ ہے۔

موت کا فرشتہ

یاعزرائیل

۳۲۲	۳۱۷	۳۲۴
۳۲۳	۳۲۱	۳۱۹
۳۱۸	۳۲۵	۳۲۰

یاعزرائیل یاعزرائیل یاعزرائیل

نقش ذیل بکری کا دل چیر کر اس میں رکھو اک موئی چبھو دو۔ کہ وہ شگاف بند ہو جائے۔ اور کسی پرانی قبر میں ڈلوادو۔ دشمن بیمار ہو جائیگا ذلیل ہوگا۔ ابتر ہوگا۔ جب تعویذ نکال لوگے تو (یہاں نام محمول لکھو) رنجور گردد پھر صحت ہو جائے گی۔ اس میں فرشتگان مقرب کو فاتحہ کا ثواب نذر کیا جاتا ہے۔

ہلاکی دشمن کے لئے

۱۰۰۰ نمک کی ڈلیاں لو۔ ان پر بغیر بسم اللہ کے ۱۰۰۰ بار سورۂ تبت یدا پوری پڑھو۔ اور صدقہ سورہ پاک کا دے کر بد دعا جس کے لئے کروگے۔ پوری ہوگی۔ پھر نمک دریا میں ڈال دو۔ دیکھو تیر چھٹنے کے بعد واپس نہیں ہوتا۔ اس لئے جو کچھ کرو۔ سوچ سمجھ کر کرو۔

ہلاکی دشمن کا دوسرا عمل سے کے کانٹے پر ۱۱ بار سورۂ اذا زلزلتہ پوری پڑھ کر کانٹا قبر میں دفن کرے۔ اور سنیچر کے دن بکری کی سری منگوائے۔ دشمن کے نام کے نقطے والے حروف الگ کرلو۔ بے نقطہ کے الگ۔ بے نقطہ کے حروف پر ایک ایک کیکر کا کانٹا چبھو دو۔ اور اوپر کے دانتوں میں باندھ دو۔ نقطے والے حروف نیچے کے دانتوں میں باندھ دو۔ ساتھ ہی حرفوں کے دشمن کا نام بھی لکھ دو۔ اور اس سب سامان کو کسی کپڑے میں باندھ کر کسی پرانی قبر میں ڈلوادو۔ پھر نہاؤ۔ اور کھیر پکوا کر حضرت خضر کو ایصال ثواب کرو۔ اور مسکینوں کو کھلادو خود بھی کھا سکتے ہیں۔

افتراق اور جدائی کا عمل

بعد نماز عشا اتوار کے دن ۱۲ رکعت تین دفعہ نیت باندھ کر پڑھو۔ ہر رکعت میں الحمد۔ الحمد بار آیت الکرسی اور قل اعوذ برب الفلق و قل اعوذ برب الناس پڑھو۔ اور اور بسم اللہ شریف عدد بسطی یعنی ۱۵۰۰ بار پڑھو۔ اور دشمنوں کے مابین جدائی کی بددعا مانگو۔ پھر وتر پڑھو۔ سات دن تک ایسے ہی کرو۔ آخری دن ختم کرتے وقت یہ کہو۔

یا خدام ھذاہ الاسماء جبیبو تکل لِصرع ھاؤ لاء اور انگلی سے اشارہ کرو۔

انشاء اللہ تین دن کے اندر دشمنوں میں جدائی واقع ہو جائے گی۔ مسجد میں نیاز کے نام کی صفیں بچھا دو۔ بغیر اشد ضرورت کے یہ عمل نہ کرو۔

برائے ویرانی مکان سورۂ نمل لکھ کر کسی جگہ رکھ دو۔ چند ہی روز میں مکان وغیرہ میں خاک اڑ جائے گی۔

بددعائے خاص

اس عمل کے کرنے سے دیکھا گیا ہے۔ کہ بددعا پوری ہونے دیر نہیں لگتی۔ کیوں کہ زبردست مشائخ کی ترتیب دادہ ہے۔ اس لئے ہم بری الذمہ ہیں۔ جو کرے گا۔ وہ عاقبت کے نتیجہ کا ذمہ دار ہوگا۔

بسم اللہ ۔۔۔ ۱۰ بار۔ الحمد للہ ۔۔۔ ۱ بار کلمہ شریف ۔۔۔ ۱ بار درود شریف ۔۔۔ ۱ بار۔ کلمات بددعا ۔۔۔ ۱ بار۔ پھر سجدہ کرے۔

ایک تیر ہے۔ جو کمان سے نکلتے ہی نشانے پر پہنچتا ہے۔ خطا ہی نہیں کرتا۔

جدائی و بربادی دشمن کا عمل

کل من علیہا فان ویبقٰی وجہ ربک ذو الجلال والاکرام ۱۱ کنکر و نیم ۱۲-۱۲-۱۲ مرتبہ ۱۲ دن تک پڑھو۔ اور ۱۲ دفعہ دشمنوں کا نام لے کر دیوار پر زور سے مارو۔ ادھر کنکریں دیوار

پر لگیں گی۔ اور ادھر دشمنوں پر اثر ہوگا۔ تجربہ شرط ہے۔ بعد کامیابی حضرت بابا فرید شکر گنج کی نیاز دلا دو۔

زوالِ محبت کا چٹکلہ

ہر وہ نام الٰہی جس کے آخر میں می ہو۔ لکھ کر ایک ہفتہ دھو کر پلاؤ۔ یا یہ حروف لکھ کر چٹاؤ۔ محبت کا نشان بھی نہیں رہے گا۔ اب ق ال ہ ول ور ک م ہ

عداوت کے لئے والقینا بینہم العداوۃ والبغضاء الی یوم القیامہ نیچے لکھ کر یہ نقش لکھ دو۔ اس جگہ دونوں مبغوضین کا نام لکھو۔ اور کسی پرانی قبر میں دفن کرا دو۔

تباہی مخالف کے لئے

قبل طلوع مسجد غیر آباد۔ قبرستان۔ مکان خالی۔ حمام۔ پزاوہ۔ جس مکان میں میت ہو۔ چوراہہ کی مٹی اٹھا کر۔ واضرب لہم سے نہر آمک ر ۱۵/۷ ۱۷۶ پڑھ کر کسی ایک دشمن کے گھر میں ڈلوا دو۔ اور قدرت کا تماشہ دیکھو۔

دشمن کی خواب بندی کا عمل

بارہ بجے شب کے کسی منحوس ساعت میں مٹی کے پیالے میں پانی بھر کر سات مرتبہ قلیا ایک مرتبہ والیل ایک دفعہ اذا زلزلت الارض پڑھو۔ اور کہو۔ بستم خواب ور خوار (یہاں نام لو) بحق (یہاں اپنا نام لو) تا من نہ کشایم نہ کشاید بحق این سورہ ہائے بزرگ اور پانی پر دم کر کر خود پی لو۔ پیالے پر ایک کچی اینٹ رکھ کر سرہانے رکھ کر سو جاؤ۔ صبح کو اینٹ معہ پیالے کے کھنڈ کر دفن کر دو۔ سات دن متواتر ایسا کرو۔ دشمن سونے سے ترس جائیگا۔ جب اینٹ نکال لو گے جب نیند آئے گی۔ اس عمل میں یہ شرط لازمی ہے۔ کہ ایک قرآن پاک خرید کر کسی غریب کو صدقہ کر دو یا مسجد میں رکھوا دو۔

ہلاکیٔ دشمن کیلئے مجرب عمل

دشمن کے کپڑے پر اس کا نام معہ ماں کے نام کے لکھے۔ اور ایک دائرہ کھینچے۔ دائرہ کے باہر یہ آیت لکھے۔

اولٰئِکَ الذین اشتروا الضلالۃ بالھدیٰ فما ربحت تجارتھم وما کانوا مھتدین۔ پھر دشمن کا نام لکھے۔ اور دائرہ کھینچ کر یہی آیات لکھے۔ پھر دشمن کا نام لکھے اور دائرہ کھینچو پھر آخر تجویزہ گلی میں دشمن کی چوکھٹ کے نیچے گاڑ دے۔ کہ وہ اس پر آتا جاتا رہے۔ مگر بغیر اشد ضرورت کے یہ عمل نہ کرے۔

قران پاک کی چار آیتیں

ایسی ہیں۔ جن میں دس دس کاف ہو۔ گویا مجموعہ چہل کاف ہوا نہیں آیات ضرب کہتے ہیں پہلی آیات الم ترا الی الملاء من بنی اسرائیل سے ظالمین تک (پ۲ ع ۱۶) دوسری لقد سمع اللہ سے الحریق تک (پ۴ ع ۱۰)۔ تیسری سورۂ نساء میں الم ترا الذین سے فتیلا تک (پ۵ ع ۱۸) چوتھی سورۂ مائدہ میں واتل علیھم سے المتقین تک) (پ۶ ع ۹) ان کی خاصیت یہ ہے۔ اگر کوئی شخص لکھ کر بازو پر باندھے۔ تو ہر معاملے میں فتحیاب رہے۔ دشمنوں پر غلبہ حاصل کرنے حکام کے سامنے جائے۔ تو وہ مہربان ہوں۔ اور اس نقش کا بازو پر باندھنے والا عوام و خاص میں عزت کی نظروں سے دیکھا جائے۔ مگر ایک جائے نماز مسجد میں بھجوا دے۔

نقش استخارہ

۷۸۶

خ	ب	ی	ر
۲۰۱	۲۰۰	۲۲۳	۸
۴	۶	۲۸	۹
۹۹	۳۵	۷	۵

۵۹

ہر مخفی بات معلوم کرنے کے لئے شرف عطارد میں لکھو۔ اور سرہانے رکھ کر سوؤ۔

چور معلوم کرنے کے لئے استخارہ

لیموں کے پتوں پر ایک طرف یہ لکھو۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ السارق والسارقۃ فا

قطعوا ایدیھما جزاءً بما کسبا نکالاً من اللہ۔ دوسری طرف مشتبہ اشخاص کا نام لکھو۔ اور اک اک پتہ آگ میں جلاؤ۔ چور کے پیٹ میں شدت سے درد ہو گا۔

چور کا نام پانی پر تیرے

قرق ااااا ق ن
مشتبہ نام

یہ ایک کام کے لئے ایک دفعہ ہی کیا جاتا ہے مشتبہ اشخاص کے نام اس ترکیب سے لکھے۔ پھر گولیاں مٹی میں بنا کر یا آٹے میں۔ پانی کے برتن میں ڈالے۔ ایک ایک کر کے نہیں۔ بلکہ اکٹھی ڈالے۔ سات مرتبہ یہ شعر پڑھے۔ ؎

راستی موجب رضائے خداست کس ندیدم کہ گم شد از راہ راست

جو گولی پھٹ کر اوپر آجائے۔ وہی چور ہے۔ مگر یہ واضح رہے۔ کہ الغیب عند اللہ

کسی کام کے کرنے نہ کرنے کیلئے استخارہ

بائیں ہاتھ پر لکھ کر سو جاؤ۔ غیب سے کوئی مطلع کر دے گا۔ کہ کام کرنا چاہئے یا نہیں۔

اص ۲۵	المطاہ ۳۵	مطاہ ۴۵	مطر ۵۵	اطلاہ ۶۰	رضواہ	وادہ
امر بکن ۹۵	عطر ۱۰۰	۷۰۰				

مجرب اور آزمودہ ہے۔

استخارۂ خوابی

یا کلکائیل بحق یا جیم ۹۵ مرتبہ پڑھ کر مطلب سوچ کر سو جاؤ۔ خواب میں جواب باصواب ملے گا۔

دیگر۔ درود شریف ستر بار پڑھو۔ ۱۲ بجے شب کے اور ستر بار آیہ مبارکہ لقد صدق اللہ ورسولہ الرؤیا بالحق کھڑے ہو کر پڑھو۔ اور چاروں طرف منہ کرتے جاؤ۔ پھر لیٹ کر پڑھتے رہو۔ حتٰی کہ سو جاؤ۔ خواب میں کوئی مطلع کر دے گا۔ کہ مناسب کیا بات ہے۔

قرآنی استخارہ

سبحنک لا علم لنا الا ما علمتنا انک انت العلیم الحکیم ۱۰۱ مرتبہ پڑھ کر اول و آخر درود پڑھ کر مطلب سوچ کر سو رہو۔ مردے از غیب بروں آید و مژدہ بدہد۔

لاجواب استخارہ

اس کے برابر کوئی استخارہ نہیں۔ بعد عشا تازہ وضو کر کے بستر پاک کر بیٹھ کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر تین بار درود تاج پڑھے۔ اور دس مرتبہ سورۂ فاتحہ گیارہ بار قل ہو اللہ احد۔ پھر تین بار درود تاج پڑھے۔ پڑھتے وقت تصور کو بھٹکنے نہ دے۔ اور قبلہ رو ہو کر سو رہے۔ انشاء اللہ تعالےٰ جو خواب دیکھے گا۔ وہ اس کی منشاء کے مطابق اس کے سوال کا جواب ہوگا۔ یہ عمل خاص اسرار بزرگان میں سے ہے۔ ہر ایک کو بتانے کا نہیں ہے۔ عام لوگ بہ سٹہ کا نمبر اور ریس کا گھوڑا معلوم کرتے ہیں۔ ایسے کام کبھی ان عملوں سے نہیں لینے چاہئیں

نسخہ کیمیا از بشارت دربار اجمیر شریف

میں سمجھتا ہوں کہ کیمیا و امیا و سیمیا کس نہ داند جز بذات اولیأ اور ہمیشہ یہی خیال رہا۔ کہ اس کے حصول کی دھن نہیں باندھنی چاہیئے۔ مگر سچ ہے کہ بے مانگے موتی ملے۔ مانگے ملے نہ بھیک۔ میں آستانۂ اجمیر شریف میں ٹھہرا ہوا تھا۔ عرس کی گہما گہمی کے دن تھے۔ ایک مجذوبہ جس کے متعلق معلوم ہوا۔ کہ پہلے طوائف تھی۔ تائب ہو کر فقیر ہو گئی۔ اور خواجہ صاحب کو دولہا کے لقب سے یاد کرتی تھی میرے پاس آئی۔ اور پان مانگا۔ میں نے پان پیش کیا۔ اس کے بعد کہا۔ لکھ۔ میں نے پوچھا کیا لکھوں کہا کہ لکھ۔ اور یہ نسخہ لکھوا دیا۔

اگرچہ اس سے ملتا جلتا نسخہ میں نے اکثر لوگوں سے سنا بھی تھا۔ مگر میں نے یہ نسخہ لکھ تو لیا۔ اور سمجھا۔ کہ یہ خواجہ صاحب کا عطیہ ہے۔ پھر خیال ہوا۔ کہ حضرت خواجۂ خواجگان

مجھے بلا واسطہ بھی تو لکھوا سکتے تھے۔ پھر واسطہ کی پخ کیسی؟

یہ سوچ رہا تھا۔ کہ وہ مجذوبہ پھر آئی۔ اور کہا کہ دولہا کو دق نہ کر۔ انہیں کے ارشاد سے تو میں آئی ہوں۔ میں نے کہا۔ حضرت میرے پاس پیسے نہیں۔ جو میں بناؤں۔ اور تجربہ کروں۔ تو فوراً دس روپیہ کا نوٹ دیا۔ اور کہا کہ لے بنالیجیو۔ میں نوٹ لے کر عجیب حیرت میں پھنس گیا۔ بہر حال عرس کے خاتمہ پر میں میرٹھ پہنچ گیا۔ اور نسخہ کو آزمانے کی نوبت نہیں آئی۔

جس کسی دوست نے سنا۔ اس نے تحریک بھی کی۔ کہ میاں بنا بھی لو۔ مگر جاتا تھا۔ ثواب طاعت و زہد۔ پر طبیعت ادھر نہ آتی تھی۔ خدا جانے کیوں۔ اور آج تک بھی اس طرف توجہ نہیں۔ اب اسے بدقسمتی کہئے۔ یا استغنائی۔ اور یہ کار وارث پاک کا کرم اب لاہور میں ہوں۔ اور زندگی مہاجرانہ بسر کر رہا ہوں۔ مگر اب بھی کبھی اس طرف خیال نہیں ہوتا ناظرین با تمکین کی ضیافت طبع کے لئے درج کئے دیتا ہوں۔ شاید کوئی صاحب نصیب اس سے مستفیض ہو جائے۔ نسخہ یہ ہے۔

پارہ کھرل کردہ ۲ تولہ جست گلا کر ملا لو ۲ تولہ۔ پھر گندھک ۱۳، ر زردی بیضہ مرغ ۳ عدد ملا کر گولی بنا لو۔

گولی پر گندھک کا لیپ کر دو۔ اور سایہ میں خشک کر لو۔ پھر ۱۳، ر کے سفید کنیر کے پھول گوندھ کر لیپ کرو۔ اور سایہ میں خشک کر لو۔ پھر کنج پرانے زمانے کی چوڑیوں کا لے کر پیسو۔ اور لیپ کر کے سایہ میں خشک کر لو۔ پھر کمہار کے چاک کی مٹی سے کپڑا وٹی کر دو۔ اور سایہ میں خشک کر دو۔ اسی طرح گویا سات لیپ کر دو۔ اور سایہ میں خشک کرو۔ اس کے بعد ۲۰ ثار اپلوں کی آگ دو۔ ٹھنڈا ہونے پر نکال لو۔ سفید سی چیز رہ جائیگی۔ جو ۱ سرخ ۱ تولہ مس کے لئے کافی ہے مقدر والے خدا پر بھروسہ کر کے تجربہ کریں۔

نسخہ کیمیا

از حضرت خواجہ بہاؤ الدین شاہ صاحب قادری مرشد آباد

حضرت مولانا بدر الہند کے رحمۃ اللہ علیہ سے مجھے نسبت عقیدت حاصل ہے۔ آپ کی

طرف سے بھی مجھے اجازت رشد و ہدایت حاصل ہے۔ ایک مرتبہ میرٹھ میں ایک مقام پر حضرت بدر الہند آرام فرما رہے تھے۔ میں حاضر تھا۔ کہ آپ بار بار اُٹھ کر دیکھتے تھے۔ اور پھر لیٹے لیٹے یہ دریافت کرنا شروع کیا۔ کہ کون کون بیٹھا ہے۔ میں بتاتا رہا۔

لوگ سمجھے کہ آپ تنہائی چاہتے ہیں۔ ایک ایک کر کے اُٹھنے شروع ہو گئے۔ اب جو آپ نے پوچھا کہ کون کون بیٹھا ہے۔ میں نے عرض کیا۔ سوائے خادم کے اور کوئی نہیں۔ بیٹھے ہوئے تندھارے کے درخت کی طرف دیکھ کر (جو صحن مکان میں کھڑا تھا) فرمایا۔ یہ کون سا درخت ہے۔ میں نے عرض کیا۔ حضور خوب جانتے ہیں۔ پھر فرمایا۔ میاں یہ تندھارہ ہے۔ اس ترکیب سے اس سے چاندی بنتی ہے۔ تم لکھ لو۔ کبھی وقت ضرورت بنا لیا کرنا۔ دو روپیہ آٹھ آنہ یومیہ سے زائد کی نہ بنانا۔

جو کچھ آپ نے فرمایا۔ ترکیب میں نے لکھ لی۔ مگر بد قسمتی کہ تجربہ اس کا ابھی نہیں کر سکا۔ ایک دوست کو بتایا بھی تھا۔ یہ نسخہ۔ مگر ان سے نہیں بنا۔ اور وہ یہ کہنے لگے۔ کہ شاید فقیر کا عطیہ آپ ہی کے لئے ہے۔ بہر حال نسخہ حاضر ہے۔ شاید عنقریب سفر آخرت ہو جائے اور یہ چیز پردۂ اخفا ہی میں رہ جائے۔ اس لئے میں حضرت مولانا بدر الہند رحمۃ اللہ علیہ کے سلسلے کے لوگوں اور دوسرے مسلمانوں کی خاطر اس نسخہ کو درج کئے دیتا ہوں۔ جس کی قسمت میں یہ نعمت ہو گی فیضیاب ہو گا۔ عدم کامیابی پر مورد طعن و تشنہ نہ ٹھہرا جاؤں۔ وما علینا الا البلاغ نسخہ یہ ہے۔

تندھارا کی شاخ کاٹ کر اس کے دودھ میں سفید سنکھئے کی ڈلی ڈال کر دودھ کا ماوا بنا لو۔ پھر اسی شاخ کے جوف میں رکھ کر دونوں طرف سے شاخیں ملا کر بقیہ دودھ بھی اسی میں بھر دو۔ اور دس سیر اپلوں کی آنچ دو۔ کپرمٹ اچھی طرح کر کر۔ اسرخ ا تولہ رانگ کے لئے کافی ہے۔

مگر دو پیسہ آٹھ آنہ یومیہ سے زائد کی نہ بنائی جائے۔

برائے زبان بندی مخالف تین بار پڑھ دم کر دو۔ کیسا ہی مخالف ہو۔ مرعوب ہو جائے گا اور تمہارے سامنے اس کی کچھ بھی نہ چل سکے گی۔

صُمٌّ بُکمٌ عُمیٌ فَہُمْ لَا یَرجِعُونَ خَتَمَ اللّٰہُ عَلٰی قُلُوبِہِمْ وَعَلٰی سَمْعِہِمْ عَلٰی اَبصَارِھِمْ غِشَاوَۃٌ
کٓہٰیٰعٓصٓ لَا یَتَکَلَّمُونَ حٰمٓعٓسٓقٓ لَا یَعقِلُونَ روبرو ہوکر دم کرو۔ اور تماشہ دیکھو۔

کسی شخص کو اسکے عہدہ سے معزول کرانے کیلئے

شب جمعہ کو بعد نماز عشا ہزار بار درود مبارک پڑھے۔ اللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمْ ہر سو بار کے بعد یہ کہے۔ یَا اللّٰہُ اَسْتَجِیْرُ بِکَ فلاں تَخْذُ لِی حَقِّی مِنْہُ فلاں کی جگہ اس شخص کا نام لے معزول ہوجائیگا۔ اور بادشاہ ہے۔ تو وبال نازل ہوگا۔ مگر ایسا کسی کے لئے سوچ سمجھ کر کرنا چاہیئے۔

سوتے آدمی سے اس کے دل کا راز معلوم کرنا

نابالغ دختر کا پہنا ہوا کپڑا لے کر پیر کی رات پانچ گھنٹہ مغرب سے ہوجانے کے بعد یہ آتیں کپڑے پر لکھے۔ واذا استسقٰی موسیٰ سے مفسدین تک (پ ۱ ع ۷) جو کچھ کیا ہوگا۔ سب بتاوے گی۔ یا جو دل میں ہوگا۔ وہ بھی بتاوے گی۔ کسی عورت کے سینہ پر رکھو۔

افزونی شیر گاؤ یا بھینس کے لئے

وَاِذْ اَخَذْنَا مِیْثَاقَکُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَکُمُ الطُّوْرَ خُذُوْا مَا اٰتَیْنٰکُمْ بِقُوَّۃٍ وَّاسْمَعُوْا قَالُوْا سَمِعْنَا وَعَصَیْنَا وَاُشْرِبُوْا فِیْ قُلُوْبِہِمُ الْعِجْلَ بِکُفْرِہِمْ قُلْ بِئْسَمَا یَاْمُرُکُمْ بِہٖٓ اِیْمَانُکُمْ اِنْ کُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ۰ یہ آیت لکھ کر پانی سے دھو کر جانور کو پانی پلادو۔ انشاء اللہ دو تین دن میں ہی دودھ زیادہ دینے لگے گی۔

سلب امراض کا طریقہ

مرد صاحب ہمت وقوت کے لئے یہ طریقہ ہے۔ کمزور آدمی اس عمل کو نہ کریں۔ ورنہ خود بیمار ہو جائیں گے۔ حضرت شاہ عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ کہ پہلے وضو کرے۔ اور خدائے پاک سے مریض کی صحت کے لئے دعا کرے۔ پھر بیٹھ کر یہ توجہ کرے۔ کہ مریض کا مرض مجھ میں آرہا ہے۔ اور مریض صحت یاب ہو رہا ہے۔ اور اپنے اوپر سے مرض کو زمین میں دفن کرنے کا تصور کرے مریض سامنے بیٹھا یا لیٹا ہو۔ تقریباً ۵۰۰ مرتبہ اللہ اللہ کہنے کے وقفہ برابر یہ توجہ کرے۔ انشاء اللہ مریض کو روز افزوں صحت حاصل ہوگی۔ کم از کم ایک ہفتہ اسی طرح کرے۔

اسم اعظم

اسم اعظم کی تلاش میں دنیا ماری ماری پھرتی ہے۔ اسم اعظم سینہ بسینہ کا علم ہے جسے مشائخ اہل دیکھتے ہیں۔ بتا دیتے ہیں۔ لیکن کتابوں سے مشائخ کی یہ پتہ چلتا ہے کہ اسم اعظم کے متعلق ۱۴ قول ہیں۔ کوئی کسی آیت میں بتاتا ہے۔ کوئی کسی آیت میں۔ کوئی رحمٰن ورحیم میں بتاتا ہے۔ کوئی حی وقیوم میں۔

میری ناچیز رائے یہ ہے۔ کہ اپنے نام کے اعداد نکالے۔ اور ان اعداد کے مطابق خدا کے ناموں کے اعداد معلوم کرے۔ جو اعداد اپنے اعداد سے مطابق ہوں۔ اس شخص کے لئے یہی اسم اعظم ہے۔ اگر اعداد موافقت نہ کریں۔ تو سمجھ لے۔ کہ میری قسمت میں اسم اعظم کا معلوم ہونا نہیں۔

امراض کے تعویذات و عملیات

میں لاہور میں قرآنی شفاخانے کے نام سے چھ سات سال ہو گئے۔ یہی کام کر رہا ہوں۔ اور بفضلہ روزانہ دو چار دس پانچ آدمی آکر بامراد و صحت یاب ہو کر جاتے ہیں۔ الا ماشاء اللہ اس لئے طبی روحانی قرآنی تجربات ذیل میں درج ہیں۔ خدا کے بندے استفادہ حاصل کریں۔ اور فقیر صوفی وارثی میرٹھی کو دعائے خیر سے یاد کریں۔

دعائیں نقش اور عمل سب میں اثر رب العزت ہی عطا فرماتا ہے۔ بغیر اس کے حکم کے پتہ نہیں ہلتا۔ ہمیں حکم ہے۔ کہ اسباب ظاہری کے طور پر تدبیر عمل میں لائیں۔ چنانچہ ہمارے آقا ہمارے مولا حضور خاتم الانبیا صلی اللہ علیہ وسلم پر بھی کسی کافر نے سحر کر دیا تھا۔ اور آپ کی طبیعت ناساز ہو گئی تھی۔ جب یہ معوذتین نازل ہوئیں حضرت جبریل نے بتایا۔ کہ انہیں پڑھ کر دم کیجئے۔ فلاں کوئیں میں سے بال نکلوائیے۔ جو کسی کافر نے سحر کر کے وہاں ڈال دئیے گئے ہیں جب جا کر آپ کو صحت ہوئی۔

آج کل دنیا سحر اور تعویذات کے اثرات ہی کی قائل نہیں۔ پانی میں کیڑوں کو تو تسلیم کر لیتے ہیں۔ اس لئے کہ سول سرجن کا کہنا ہے۔ مگر مدینہ منورہ کی روحانی ڈسپنسری کے طبیب اعلیٰ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات پر یقین مگر اعتماد نہیں۔ یہ سب انگریزی تعلیم کے اثرات ہیں۔ ہم دین سے بیگانہ ہیں۔
آئیے اور تجربہ کیجئے۔ کہ قرآنی آیات کا بزرگان دین کے ارشادات کا۔ آنکھیں روشن نہ ہوں۔ تو ہم جھوٹے۔ بشرطیکہ ہے۔ کہ آپ مقناطیس کی زد پر تو آئیں۔ تو پھر مقناطیس اپنی کشش نہ دکھائے تو ہمارا ذمہ۔ وما توفیقی الا باللہ العلی العظیم

نقش مجرب البحر برائے شفایابی ہر مرض

۷۸۶

۴۱۶۷۵	۴۱۶۸۸	۴۱۶۸۵	۴۱۶۸۲
۴۱۶۸۶	۴۱۶۸۱	۴۱۶۷۶	۴۱۶۸۷
۴۱۶۸۰	۴۱۶۸۳	۴۱۶۹۰	۴۱۶۷۷
۴۱۶۸۹	۴۱۶۷۸	۴۱۶۷۹	۴۱۶۸۴

شادی شدہ آدمی اپنی بیوی کو زر مہر دے کر اس میں سے ایک روپیہ واپس لے۔ اس کا شہد لائے۔ اور یہ نقش اس شہد سے دھو کر روزانہ پیئے۔ بخت سے سخت مرض سے شفا پائے گا۔

اولادی بے لونگوں پر ۷۔ بار او کظلمات فی بحر لجی یغشٰہ موج من فوقہ موج من فوقہ سحاب ظلمات بعضہا فوق بعض اذا اخرج یدہٗ لم یکد یرٰہا و من لم یجعل اللہ لہٗ نورا فما لہٗ من نور (۱۸۱۶۱۱) پڑھے اور سات دن برابر کھلائے۔ خدا کے فضل سے آغوش مراد پر ہو گی

شفائی فکلوہ ھنیأ مریأ۔ دین کے مہر کے پیسوں کا شہد لے کر اس پر ۱۱ مرتبہ مذکورہ

پڑھ کر کھلاؤ۔ انشاء اللہ مریض صحت یاب ہو گا۔

ہر قسم کے درد کو کھونے کیلئے ۔ وبالحق انزلناہ بالحق وما ارسلنک مبشراً ونذیراً ۳ مرتبہ پڑھ کر جائے ماؤف پر دم کرو انشاء اللہ صحت ہو گی۔

برائے استحاضہ و نکسیر بڑا مجرب عمل ہے۔ وما محمد سے انقلبتم تک دلن تنا ۲۶) لکھ کر ایک اگلی طرف ران دوسری میں پچھلی طرف باندھ دو۔ اور ایک زیر ناف باندھ دو۔ فوراً شفا ہو گی۔

درد کمر اور پنڈلی کے درد کیلئے اذا مس الانسان یعلمون تک (پارہ ۱۱ ع ۶) ایک مٹی کی رکابی پر لکھ کر تیل سے دھو کر مالش کرو۔ تین دن میں درد کا نام نہیں رہے گا۔

تپ و لرزہ کیلئے کہیعص۔ حمعسق تین پتوں پر لکھ کر چیٹاؤ۔ صحت ہو گی۔ یا قلنا یا نار کونی برداً وسلاماً لکھ کر بازو پہ باندھو۔ یا محیط کا مربع تعویذ لکھ کر گلے میں باندھو۔ پھر بخار نہیں آئے گا۔ یا روٹی پہ ۱۱ اور ۷ مرتبہ درود شریف پڑھ کر داہنے اور بائیں کا مین رکھ دو۔

خونی بادی بواسیر کیلئے

بسم اللہ لی اللہ ھو لوسع فی اللوح لکھ کر گلے میں باندھ دو۔ اور قدرت کا کرشمہ دیکھو۔ یا آب دست لیتے وقت ۳ دفعہ یہ کہو۔ خراسان کے مینی شاہ۔ خونی بادی دونوں جائیں۔

سر کے درد کیلئے انہ ھو البر الرحیم پڑھ کر دم کرو۔ یا یسمع سات مرتبہ پڑھ کر دم کرو۔

گنجے کیلئے وننزل من القرآن ما ھو شفاء ورحمت اللعالمین پڑھ کر تھتکارو۔ چند روز ایسا کرنے سے گنج خدا نے چاہا تو جاتا رہے گا۔

فالج زدہ کیلئے آخر سورۃ حشر کا رکوع دم کر کر شہد چٹائے۔ وتلک کلمتہ سے قرات تک (پ ۱۲ ع ۱۶) تین بار پڑھ کر تاگے میں تین گرہ دو۔ اور بندھواؤ

شفا ہو گی۔ اور پھر کبھی نہ ہو گا۔

خارش کے لئے فکسونا العظام سے خالقین تک (پ ۱۸ ع ۱) پڑھ کر تیل پر دم کرو۔ اور ملو۔

(دیگر) پانی کے گھڑے کے ٹکڑے پر تین بار الحمد پڑھو۔ اور پیس کر تیل میں ملا کر لگاؤ پھر گرم پانی سے نہالو تین دن ایسا کرو صحت ہو گی۔

چیچک کیلئے لکھ کر گلے میں باندھو۔ یا چیچک سے حفظ میں رہنے کے لئے سورۂ رحمٰن کا گنڈہ بناؤ۔ پڑھو اور تاگے میں ہر تکذبٰن پر گرہ لگاتے جاؤ۔ پھر بچے کے گلے میں باندھو۔ خدا کی ذات سے امید ہے۔ کہ وہ چیچک نکلنے ہی نہ دے گا۔

	۷۸۶
یاحفیظ	یاحفیظ
	۱۱ محمد
اللہ شافی	یاکافی

مرض جذام کیلئے یہ مرض بھی بڑا موذی مرض ہے۔ خدا محفوظ رکھے۔ کوڑھی کے جوں بھی نہیں ہوتی۔ اس کا خون پینے سے گریز کرتی ہے۔ مگر خدا کے کلام کی تاثیر دیکھئے۔ کہ وایوب اذ نادیٰ ربہٗ انی مسنی الضر وانت ارحم الراحمین تین تین دفعہ پڑھ کر سات دن تک تفتکارو۔ انشاء اللہ شفا ہو جائے گی۔

درد عرق النسا کیلئے کچے سوت پر تین مرتبہ معہ بسم اللہ کے پڑھو۔ اور گلے میں بندھواؤ شفا ہو گی۔ واذ قلتم سے تکتمون تک (پ ۱ ع ۸)

قرار حمل کیلئے جس عورت کو حمل نہ رہتا ہو۔ یہ پلاؤ۔ انشاء اللہ حاملہ ہو گی۔ اور بچہ ہو گا کلمہ ابجد سے لے کر ضظغ تک۔ جو شروع کتاب میں درج ہے۔ پانی پر دم کر کر پلاؤ۔ اور عورت کو بکری ذبحہ کر کر فاتحہ دے کر یخنی پلاؤ۔

آشوب چشم کیلئے اذ ھو بقمیصٍ سے بصیرا تک (پ ۱۳ ع ۴) لکھ کر گلے میں پہناؤ فوراً آرام آجائے گا۔

درد داڑھ یا دندان کیلئے ہم ایک تم تئیس ہمری تمری کون سی رلیں۔ پڑھ کر دم کرو۔

آدھسیسی کیلئے۔ قل من رب السموات والارض قل اللہ قل افاتخذتم من دونہٖ اولیاء

لا یملکون لا نفسہم نفعاً و لا ضرا پڑھ کر دم کرو۔ پڑھتے پڑھتے درد کافور ہوگا بفضلہ تعالے۔

امراض کان کیلئے تو سورۂ حشر کی آخری آیتیں پڑھ کر تیل پر دم کرے اور کان میں ڈلوائے۔

درد گردہ کیلئے لایلاف قریش کی سورہ دم کرنی اکسیر کا کام دیتی ہے۔

حبس پیشاب ہو واذا استسقٰے موسیٰ لقومہٖ فقلنا اضرب بعصاک الحجر فانفجرت منہ اثنتا عشرۃ عینا لکھ کر بازو پر بندھواؤ۔ یا چاندی کی چوڑی پر کندہ کرا کر ہاتھ میں پہنو۔ شفا ہوگی۔ اور پیشاب فوراً آئے گا۔

یرقان (کنول باؤ) میں سورہ اذا زلزلۃ الارض ایک رکابی میں لکھ کر دھو کر پلاؤ۔ سات دن تک متواتر مرض کافور ہو جائے گا۔

جسم بھر میں کسی جگہ درد ہو یا سارے جسم میں ہو سورہ الحاقہ (تبارک الذی) میں ہے۔ پڑھ کر دم کرو۔ اور پھر پڑھ کر تیل پر دم کرو۔ اور ملواؤ۔ فوراً انشاء اللہ شفایابی ہوگی۔

طحال (تلی بڑھنے کیلئے سورۂ ممتحنہ (پ ۲۸) تین دن لکھ کر پلاؤ۔ اور قدرت کا تماشہ دیکھو

پیچش بڑا موذی مرض ہے۔ انسان کو گھلا دیتا ہے۔ مگر ذرا سورۂ دخان (الیہ یرد) تو لکھ کر کسی مریض کے بندھوائے پیچش رہ جائے تو ہمارا ذمہ

شدید درد شکم کیلئے الم تر سے تکو زنک (اقل ما ۱۲۶) لکھ کر دھو کر پلاؤ۔ کیسا ہی شدید درد ہو۔ جاتا رہے گا۔ اور سکون حاصل ہوگا۔

ہر بیماری سے شفا پانے کا چٹکلہ مصری پر سوئی سے لکھ کر مصری گھول کر پلاؤ۔ پ ۱۱ رکوع ۱۵ ان مسیک سے رحیم تک۔

مرض دق کے لئے دق طبیب را دق مے کند۔ آج کل اس مرض میں بڑی جانیں ضائع ہوتی ہیں۔ مگر لوگ انگریزی علاج اور شفا خانوں میں ٹھوکریں کھاتے ہیں۔ بڑی بڑی فیس دیتے ہیں۔ اور خدائے لاشریک لہ کے کلام کی طرف توجہ نہیں کرتے۔ بزرگان کرام کا فرمودہ بھی گفتہ او گفتہ اللہ شود ہوتا ہے۔ ذرا کسی دق کے مریض

کو آپ انتظام کے ساتھ اکیس دن گلاب سے لکھ لو چہل کاف حضرت غوث اعظم کے۔ جو اسی کتاب میں کسی دوسری جگہ درج ہیں۔ پڑوائیے۔ اور اللہ کے محبوب بندوں کی دعاؤں کا تماشہ ملاحظہ فرمائیے۔ مایوس العلاج مریض بھی صحت یاب ہوں گے۔ ساتھ ہی آپ کو چار سیر مٹھائی یا چاول (پلاؤ) پکا کر مسکینوں کو کھلانا پڑے گا۔ یہ ضرور خیال رکھیئے۔

ناف ٹلنے کا نقش

۶۰	۰۶	۶
۰۶۰	۶	۶
۰۶۰	۶	۶۰

اگرچہ مردوں کے ناف نہیں ہوتی۔ ایک نس ہے۔ جو غلط کود پھاند سے یا کسی حرکت سے ذرا اپنی جگہ سے ہل جاتی ہے۔ رحم تو عورتوں کے ہوتا ہے مگر آج کل یہ شکایت نوجوانوں کو عام ہے۔ ویسے تو پاؤں کے انگوٹھوں میں تاگا باندھنے سے بھی یہ شکایت جاتی رہتی ہے۔ ورنہ یہ نقش ناف پر رکھ کر الٹا لیٹ جاتے۔ اور کسی کو اپنی پشت پر کھڑا کرے۔ ایسا سات دن تک کرے۔ اور بچوں کو شیرینی روز تقسیم کر دیا کرے۔ انشاء اللہ عمر بھر یہ شکایت نہیں ہوگی۔

برائے زندگی اولاد

جس عورت کے بچے ہو ہو کر مر جاتے ہوں۔ اُسے چاہیئے۔ کہ پیدا ہوتے ہی بچہ کے جسم پر پنڈول ۱۲ مرتبہ یا حافظ یا وارث یا باعین یا حسین یا علی پڑھ کر مل دینا چاہیئے

بخار دفع کرنیکا عجیب چٹکلہ

تسبیح دھو دھو کر پلانی چاہیئے۔ یا بادام کی گری پر "" لکھ کر کھلاؤ۔

سرکار عالم پناہ سیدنا حاجی صاحب قبلہ کا ارشاد

اگر کسی کے اولاد نہ ہوتی ہو۔ تو سوہن (راگ) بیوی کو سنواؤ انشاء اللہ ضرور اولاد ہوگی۔

کسی کا پاؤں سن ہو جائے یا سو جائے

تو وہ درود شریف پڑھے۔

پہ چوب چوتھیہ بخار (یعنی چوتھے دن کا)

ایک چوب لو۔ دونوں طرف یہ لکھ کر بندھواؤ۔ بازو پر جبرئیل میکائیل لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ شفا ہوگی۔

بچوں کے ہر مرض کیلئے

یہ نقش کیمیا اثر ہے گلے میں ڈلواؤ۔

محمد
اللہ
یا حی
یا محی محمد
اللہ

روزانہ احتلام کی شکایت ہو تو والسماء والطارق سورہ جو پارہ عم میں ہے۔ تاناجر پڑھ کر سویا کرے۔ کبھی نہانے کی حاجت نہیں ہوگی۔

ایک اور چٹکلہ بھی ہے۔ کہ یا تو کمر بند کی گرہ پیچھے لگایا کرے۔ یا تہمد اپنا پیچھے کو باندھا کرے

گلا پھولنا اکثر لوگوں کو گلا پھولنے کی شکایت ہوتی ہے۔ جنہیں گلھڑ کہتے ہیں۔ یہ نقش گلے میں باندھنا ایسے لوگوں کے لئے اکسیر اعظم ہے۔

یا علی مدد

یا علی مدد ۸۹ یا علی مدد

یا علی مدد

بدخوابی کی شکایت کیلئے تبارک الذی بیدہ الملک کی سورہ پوری گول دائرہ کی شکل میں ایک کاغذ پر لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں باندھے۔ ہر قسم کی بدخوابی کی شکایت رفع ہوگی۔

۷۸۶

۸۸۱۵	۸۲	۲	اللہ	اللہ
۸	دب	۳	۳	لا
اللہ	۳۳	کبرا	ل د	۱۶
۸۳۷	۱۳	۱۳	ل د	ع ا
۰	۰	۰	۰	۰

نقش خارش لیجئے کھجلی جیسے موذی مرض کے لئے بھی ہم آپ کی خدمت میں پیش کرتے ہیں۔ لکھ کر بائیں بازو پر باندھ لیجئے۔ مگر حضرت صابر علیہ الرحمت کی نیاز ضرور دلوا دیجئے۔ کھجلی کا پتہ نہ رہیگا۔

مسلسل بول جیسے موذی مرض کیلئے وانزلنا من المعصرات ماءً ثجاجا کپڑے پر لکھ کر ناف پر بندھواؤ۔ انشاء اللہ تعالیٰ روز بروز مائل بصحت ہوگے۔

الله الله الله

جب مریض کی امید زیست نہ رہے تو آخر وقت میں یہ عمل بھی کر دیکھو۔ شاید خدا تعالےٰ اسی کی برکت سے صحت عطا فرمائے۔ ایک مرغ کے خون سے یہ نقش لکھ کر بندھواؤ۔ بازو پر۔ گوشت صدقہ کر دو۔

بانجھ عورت کے لئے امید کی کرن جس عورت کے بچے نہ ہوتے ہوں۔ اسے انڈے پر یہ لکھ کر ابال کر کھلاؤ۔ والارض فرشنٰھا فنعم الماھدون

اسکے ساتھ مرد کو یہ انڈہ لکھ کر ابال کر کھلاؤ۔ والسماء بنیناھا باید وانا لموسعون۔ پھر دونوں میاں بیوی ہم بستری کریں۔

ہو جائے گا۔ مگر یہ واضح رہے۔ کہ اتنا سوئے کہ نماز قضا نہ ہو جائے۔ ورنہ غیبی امداد بند ہو جائے گی۔

دشمنوں سے امن میں رہنے کیلئے

سورۃ حشر کا ورد رکھنا چاہیئے۔ جو قد سمع اللہ کے پارہ میں ہے۔ اس کا پڑھنے والا ہر ظلم سے ظالموں کے امن میں رہے گا۔ حضرت مولا علی روزانہ پڑھا کرتے تھے۔ اور فرمایا کرتے تھے۔ کہ یہ سورہ مجھے آخرت یاد دلاتی ہے۔ اور دین و دنیا میں امن دینے والی ہے۔ ایک شخص کے کان میں کھجوری گھس گئی۔ سخت تکلیف تھی۔ کہ سورہ حشر پڑھ کر پانی پینے سے صحت ہو گئی۔ بعض صوفیا کہتے ہیں۔ کہ اس سورہ میں اسم اعظم بھی ہے۔

جلب غنا اور حصول رزق

کے لئے سورۃ واقعہ بڑی کارگر ہے۔ روزانہ بعد مغرب پڑھا کرے حضرت عبداللہ ابن مسعود فرماتے ہیں۔ جس کو افلاس کا ڈر ہو۔ مفلسی کا غم ہو۔ وہ ہمیشہ سورہ واقعہ کا ورد رکھے۔ حدیث مبارک میں آیا ہے۔ کہ اس سورۃ کے پڑھنے سے کو کبھی فاقہ نہیں ہوتا۔ اگر اہم بار ایک مجلس میں پڑھے گا۔ اور وہ حاجت رزق کے متعلق ہو گی۔ تو پھر مسرت ہی مسرت ہے۔ خوشی ہی خوشی ہے۔

دُعا قرض کی ادائیگی کی

اگر پہاڑ کے برابر بھی قرض ہو گا۔ تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔ کہ بعد ہر نماز فرض کے لوگ یہ دعا پڑھ لیا کریں چند ہی روز میں ادا ہو جائیگا دعا یہ ہے۔

اللھم اکفنی بحلالک عن حرامک واغننی بفضلک عمن سواک

سورۂ واقعہ

إِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ٥ لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ ٥ خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ ٥ إِذَا رُجَّتِ
الْأَرْضُ رَجًّا ٥ وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ٥ فَكَانَتْ هَبَاءً مُّنْبَثًّا ٥ وَّكُنْتُمْ أَزْوَاجًا ثَلٰثَةً ٥
فَأَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ٥ مَا أَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ٥ وَأَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ٥ مَا أَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ٥
وَالسّٰبِقُونَ السّٰبِقُونَ ٥ أُولٰئِكَ الْمُقَرَّبُونَ ٥ فِي جَنّٰتِ النَّعِيمِ ٥ ثُلَّةٌ مِّنَ الْأَوَّلِينَ
٥ وَقَلِيلٌ مِّنَ الْآخِرِينَ ٥ عَلٰى سُرُرٍ مَّوْضُونَةٍ ٥ مُّتَّكِئِينَ عَلَيْهَا مُتَقٰبِلِينَ ٥ يَطُوفُ عَلَيْهِمْ
وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُونَ ٥ بِأَكْوَابٍ وَّأَبَارِيقَ ٥ وَكَأْسٍ مِّنْ مَّعِينٍ ٥ لَّا يُصَدَّعُونَ عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُونَ
٥ وَفَاكِهَةٍ مِّمَّا يَتَخَيَّرُونَ ٥ وَلَحْمِ طَيْرٍ مِّمَّا يَشْتَهُونَ ٥ وَحُورٌ عِينٌ ٥ كَأَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُونِ ٥
جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ٥ لَا يَسْمَعُونَ فِيهَا لَغْوًا وَّلَا تَأْثِيمًا ٥ إِلَّا قِيلًا سَلٰمًا سَلٰمًا ٥ وَأَصْحٰبُ
الْيَمِينِ ٥ مَا أَصْحٰبُ الْيَمِينِ ٥ فِي سِدْرٍ مَّخْضُودٍ ٥ وَّطَلْحٍ مَّنْضُودٍ ٥ وَّظِلٍّ مَّمْدُودٍ ٥ وَّمَاءٍ
مَّسْكُوبٍ ٥ وَّفَاكِهَةٍ كَثِيرَةٍ ٥ لَّا مَقْطُوعَةٍ وَّلَا مَمْنُوعَةٍ ٥ وَّفُرُشٍ مَّرْفُوعَةٍ ٥ إِنَّا أَنْشَأْنٰهُنَّ
إِنْشَاءً ٥ فَجَعَلْنٰهُنَّ أَبْكَارًا ٥ عُرُبًا أَتْرَابًا ٥ لِّأَصْحٰبِ الْيَمِينِ ٥ ثُلَّةٌ مِّنَ الْأَوَّلِينَ ٥ وَثُلَّةٌ مِّنَ
الْآخِرِينَ ٥ وَأَصْحٰبُ الشِّمَالِ ٥ مَا أَصْحٰبُ الشِّمَالِ ٥ فِي سَمُومٍ وَّحَمِيمٍ ٥ وَّظِلٍّ مِّنْ يَّحْمُومٍ ٥ لَّا بَارِدٍ
وَّلَا كَرِيمٍ ٥ إِنَّهُمْ كَانُوا قَبْلَ ذٰلِكَ مُتْرَفِينَ ٥ وَكَانُوا يُصِرُّونَ عَلَى الْحِنْثِ الْعَظِيمِ ٥ وَكَانُوا يَقُولُونَ
٥ أَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا أَإِنَّا لَمَبْعُوثُونَ ٥ أَوَآبَاؤُنَا الْأَوَّلُونَ ٥ قُلْ إِنَّ الْأَوَّلِينَ
وَالْآخِرِينَ ٥ لَمَجْمُوعُونَ ٥ إِلٰى مِيقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُومٍ ٥ ثُمَّ إِنَّكُمْ أَيُّهَا الضَّالُّونَ الْمُكَذِّبُونَ ٥ لَآ
كِلُونَ مِنْ شَجَرٍ مِّنْ زَقُّومٍ ٥ فَمَالِئُونَ مِنْهَا الْبُطُونَ ٥ فَشٰرِبُونَ عَلَيْهِ مِنَ الْحَمِيمِ ٥ فَشٰرِبُونَ
شُرْبَ الْهِيمِ ٥ هٰذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ الدِّينِ ٥ نَحْنُ خَلَقْنٰكُمْ فَلَوْلَا تُصَدِّقُونَ ٥ أَفَرَأَيْتُمْ مَّا
تُمْنُونَ ٥ ءَأَنْتُمْ تَخْلُقُونَهُ أَمْ نَحْنُ الْخٰلِقُونَ ٥ نَحْنُ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ الْمَوْتَ وَمَا نَحْنُ
بِمَسْبُوقِينَ ٥ عَلٰى أَنْ نُّبَدِّلَ أَمْثَالَكُمْ وَنُنْشِئَكُمْ فِي مَا لَا تَعْلَمُونَ ٥ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ النَّشْأَةَ
الْأُولٰى فَلَوْلَا تَذَكَّرُونَ ٥ أَفَرَأَيْتُمْ مَّا تَحْرُثُونَ ٥ ءَأَنْتُمْ تَزْرَعُونَهُ أَمْ نَحْنُ الزّٰرِعُونَ ٥
لَوْ نَشَاءُ لَجَعَلْنٰهُ حُطَامًا فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُونَ ٥ إِنَّا لَمُغْرَمُونَ ٥ بَلْ نَحْنُ مَحْرُومُونَ ٥

اَفَرَءَیْتُمُ الْمَاءَ الَّذِیْ تَشْرَبُوْنَ ۝ ءَاَنْتُمْ اَنْزَلْتُمُوْهُ مِنَ الْمُزْنِ اَمْ نَحْنُ الْمُنْزِلُوْنَ ۝
لَوْ نَشَاءُ جَعَلْنٰهُ اُجَاجًا فَلَوْلَا تَشْکُرُوْنَ ۝ اَفَرَءَیْتُمُ النَّارَ الَّتِیْ تُوْرُوْنَ ۝ ءَاَنْتُمْ
اَنْشَاْتُمْ شَجَرَتَهَا اَمْ نَحْنُ الْمُنْشِئُوْنَ ۝ نَحْنُ جَعَلْنٰهَا تَذْکِرَةً وَّمَتَاعًا لِّلْمُقْوِیْنَ ۝ فَسَبِّحْ
بِاسْمِ رَبِّکَ الْعَظِیْمِ ۝ فَلَا اُقْسِمُ بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ ۝ وَاِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِیْمٌ ۝ اِنَّهٗ
لَقُرْاٰنٌ کَرِیْمٌ ۝ فِیْ کِتٰبٍ مَّکْنُوْنٍ ۝ لَّا یَمَسُّهٗۤ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ۝ تَنْزِیْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝
اَفَبِهٰذَا الْحَدِیْثِ اَنْتُمْ مُّدْهِنُوْنَ ۝ وَتَجْعَلُوْنَ رِزْقَکُمْ اَنَّکُمْ تُکَذِّبُوْنَ ۝ فَلَوْلَاۤ اِذَا بَلَغَتِ
الْحُلْقُوْمَ ۝ وَاَنْتُمْ حِیْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ ۝ وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْهِ مِنْکُمْ وَلٰکِنْ لَّا تُبْصِرُوْنَ ۝ فَلَوْلَاۤ
اِنْ کُنْتُمْ غَیْرَ مَدِیْنِیْنَ ۝ تَرْجِعُوْنَهَاۤ اِنْ کُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ۝ فَاَمَّاۤ اِنْ کَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِیْنَ ۝ فَرَوْحٌ
وَّرَیْحَانٌ ۝ وَّجَنَّتُ نَعِیْمٍ ۝ وَاَمَّاۤ اِنْ کَانَ مِنْ اَصْحٰبِ الْیَمِیْنِ ۝ فَلَامٌ لَّکَ مِنْ اَصْحٰبِ الْیَمِیْنِ ۝
وَاَمَّاۤ اِنْ کَانَ مِنَ الْمُکَذِّبِیْنَ الضَّآلِّیْنَ ۝ فَنُزُلٌ مِّنْ حَمِیْمٍ ۝ وَّتَصْلِیَةُ جَحِیْمٍ ۝ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ حَقُّ
الْیَقِیْنِ ۝ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّکَ الْعَظِیْمِ ۝

قصیدہ غوثیہ شریف

اس کا روزانہ کا ورد پابندی کے ساتھ نہایت کشائش کرتا ہے۔ کاروبار کے لئے بھی مفید ہے۔ دشمن مغلوب ہوتے ہیں۔ مگر پڑھ کر ورد ترک کر دینا باعث زوال ہوتا ہے۔

سقانی الحب کاسات الوصال — فقلت لخمرتی نحوی تعالی

سعت و مشت لنحوی فی کئوس — فہمت بسکرتی بین الموالی

فقلت لسائر الاقطاب لمو — بحالی و ادخلوا انتم رجالی

رجالی فی ہواجرہم صیام — و فی ظلم اللیالی کاللآلی

وہموا واشربوا انتم جنودی — فساقی القوم بالوافی ملالی

شربتم فضلتی من بعد سکری — ولا نلتم علوی و اتصالی

مقامکم العلی جمعاً و لکن — مقامی فوقکم مازال عالی

انا فی حضرت التقریب وحدی — یصرفنی وحسبی ذوالجلال

انا البازی شہب کل شیخ	ومن ذانی الرجال اعطی مثال
کسانی خلعۃً بطراز عزم	د توجنی بتیجان الکمال
واطلعنی علی سر قدیم	و الانی واعطانی سوال
و ولانی علی الاقطاب جمعاً	فحکمی نافذ فی کل حال
فلو القیت سری فی بحارٍ	لصار الکل غوراً فی الزوال
ولو القیت سری فی جبالٍ	لرکت واختفت بین الرمال
ولو القیت فوق نارٍ	لخمدت وانطفت من سر حال
ولو القیت سری فوق میتٍ	لقام بقدرۃ المولیٰ تعال
وما منہا شہورٌ او دہورٌ	تمرّ و تنقضی الاّ اتا ل
وتخبرنی بما یاتی ویجری	تعلمنی فاقصر عن جدال
مریدی ہم وطب واشطح وعن	وافعل ماتشاءُ فالاسم عال
مریدی لاتخف وربش فانی	عزومٌ قاتلٌ عند القتال
مریدی لاتخف اللہ ربی	اتانی رفعۃً نلت المنال
طبولی فی السماء والارض دکت	وشاوس السعادت قد بدال
بلاد اللہ ملکی تحت حکمی	ووقت قبل قلبی قد صفال
نظرت الی بلاد اللہ جمعاً	کخردلۃٍ علی حکم التصال
وکلُ ولی علی قدم وانی	علی قدم النبی بدر الکمال
درست العلم حتی صرتُ قطباً	ونلت السعد من مولے الموال
انا الحسنی والمجدع مقامی	وجدی صاحب العین الکمال
انا الجیلی محی الدین اسمی	واعلامی علی راس الجبال
وعبدالقادر المشہور اسمی	واقدامی علی عنق الرجال

الٰھی سیدی صل وسلم

علی طٰہٰ واصحاب وآل

حزب البحر شریف

یہ دُعا نہایت زبردست اور جلالی اثرات کی فوری طور پر اثر کرنے والی ہے اس کا ورد دافع رنج وغم حل المشکلات ہے۔ ہم نے مبتدیوں کی آسانی کے لئے نمبروار دعا وغیرہ سب لکھ دی ہے۔ روزانہ اس کا ورد کر لینا چاہیئے۔ کوئی مشکل نہیں آئے گی۔ اس کی برکت سے۔

یا اللہ یا نور یا حق یا مبین اکسنی مِن نورک وعلّمنی من عِلمک وفھمنی عنک وَ اسمعنی مِنک وابصرنی بک انّک علیٰ کُلِّ شیٔ قدیر۝ یا سمیع یا علیم یا حلیم یا علی یا عظیم اسمعُ دعائی بخصائص لطفک آمین ۝ اعوذ بکلمات اللہ التامّات کلھا من شرِ ما خلق یا عظیم السلطان یا قدیم الاحسان یا دائم النعم یا باسط الرزق یا واسع العطایا یا دافع البلایا یا حاضراً لیس بغائبٍ یا موجوداً عند الشدائد یا مجمل السّرِ یا خفی اللطف یا لطیف الصنعُ یا حلیماً لا یعجلُ یا جواداً لا یبخل اقضِ حاجتی برحمتک یا ارحم الراحمین اللّھمّ انّی اسئلکَ باسمکَ المخزون المکنون السلام المنزل القدوس المطھر الطاھر یا دھرُ یا دیھارُ یا دیھورُ یا ازلُ یا ابدُ یا من لم یلد ولم یولد ولم یکن لہٗ کفواً احد یا من لم یزل یا ھو یا ھو یا ھو من لا الٰہ الا ھو یا کان یا کینان یا روح یا کائنُ بعدَ کلّ کونٍ اھیاً اشراھیاً اذونی اصبا ؤوث یا مجلی النور ائم الامور سبحانک علی عفوکَ بعد قدرتِک خان تو لو فقل حسبی اللہ لا اِلٰہ الا ھو علیہ توکلتُ وھُوَ رب العرش العظیم لیس کمثلہٖ شیٔ وھو السمیع العلیم اللھم صل علٰے سیدنا محمد وعلٰے آل سیدنا محمد کما صلیت علٰے ابراھیم وعلٰے آل ابراھیم انّکَ حمیدٌ مجیدٌ

دعائے خاص

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ اقسمت علیک یا بدوح یا السبع السماویۃِ یا السبع الارضیۃِ شمُوخ اَشمُغتُ طائشُ طاشتُ یا بدوح یا باسط یا ودود اُبسُطُ انعمہٗ وزیّل البکۃ یا حنان یا منان یا اللہ یا اللہ یا اللہ استجب دعائی بفضالک

يا الله يا علي يا عظيم يا حليم يا كريم يا عليم انت ربي علمك حسبي نعم الرب ربي ونعم الحسب حسبي تنصر من تشاء وانت العزيز الرحيم اللهم انا نسئلك العصمة في الحركات و الكلمات والارادات والخطرات من الظنون والشكوك والاوهام الساترة القلوب عن مطالعة الغيوب فقد ابتلي المومنون وزلزلوا زلزالا شديدا واذ يقول المنافقون والذين في قلوبهم مرض ما وعدنا الله ورسوله الا غرورا فثبتنا وانصرنا على جميع الخلائق وسخر لنا هذا البحر كما سخرت البحر لموسى عليه السلام وسخرت النار لابراهيم عليه السلام وسخرت الجبال والحديد لداؤد عليه السلام وسخرت الريح والشياطين والجن والانس لسليمان عليه السلام وسخر لنا كل بحر هو لك في الارض والسماء والملك والملكوت وبحر الدنيا و بحر الآخرة وسخر لنا كل شيء يا من بيده ملكوت كل شيء واليه ترجعون ٥ يس ك ه ي ع ص كهيعص كهيعص (تشدید سے ہاتھ کی انگلیاں بند کرے)

انصرنا فانك خير الناصرين وافتح لنا فانك خير الفاتحين واغفر لنا فانك خير الغافرين وارحمنا فانك خير الراحمين وارزقنا فانك خير الرازقين واحفظنا فانك خير الحافظين ٥ و اهدنا ونجينا من القوم الظالمين وهب لنا من لدنك ريحا طيبة كما هي في علمك و انشرها علينا من خزائن رحمتك واحملنا بها حمل الكرامة مع السلامة والعافية في الدين والدنيا والآخرة انك على كل شيء قدير ٥

اللهم يسر لنا امورنا مع الراحة لقلوبنا وابداننا مع السلامة والعافية في ديننا ودنيانا وكن لنا صاحبا في سفرنا وخليفة في اهلنا واطمس على وجوه اعدائنا والمسخهم على مكانتهم فلا يستطيعون المضي ولا المجيء الينا ولو نشاء لطمسنا على اعينهم فاستبقوا الصراط فانى يبصرون ولو نشاء لمسخنهم على مكانتهم فما استطاعوا مضيا ولا يرجعون يس والقرآن الحكيم انك لمن المرسلين على صراط المستقيم تنزيل العزيز الرحيم لتنذر قوما ما انذر آباؤ هم فهم غفلون لقد حق القول على اكثرهم فهم لا يؤمنون انا جعلنا في اعناقهم اغلالا فهي الى الاذقان فهم مقمحون وجعلنا من بين ايديهم سدا (پیش پڑھے) ومن خلفهم سدا (پیش پڑھے) فاغشينهم فهم لا يبصرون شاهت الوجوه شاهت الوجوه شاهت الوجوه (تین دفعہ پڑھے)

وعنت الوجوہ للحی القیوم وقد خاب من حمل ظلماً طسٓ طسٓم حمعسق مرج البحرین یلتقیان بینھما برزخ لایبغیان حم حم حم حم حم حم حم (داہنے بائیں اوپر نیچے آگے پیچھے پھونکے)

الامر وجاء النصر فعلینا لایبصرون حم تنزیل الکتاب من العزیز العلیم غافر الذنب وقابل التواب شدید العقاب ذی الطول لا الہ الا ھو الیہ المصیر بسم اللہ بابنا تبارک حیطانا یٰس سقفنا کھیعص کفاتینا حمعسق حمایتنا فسیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم ستر العرش (۷ دفعہ پڑھے) مسبول علینا وعین اللہ (۳ دفعہ پڑھے) ناظرۃ علینا بحول اللہ لایقدر احد علینا واللہ من ورائھم محیط بل ھو قرآن مجید فی لوح محفوظ فاللہ (۳ دفعہ پڑھے) خیر حافظا وھو ارحم الراحمین ان (سات دفعہ پڑھے) ولی اللہ الذی نزل الکتاب وھو یتولی الصٰلحین حسبی اللہ (۳ دفعہ پڑھے) لا الہ الا ھو علیہ توکلت وھو رب العرش العظیم (۳ دفعہ پڑھے) بسم اللہ الذی لایضر مع اسمہ شی فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم

برائے رجم خانہ وحفاظت خانہ

جس مکان میں پتھر آتے ہوں۔ اور مقام آور نہ معلوم ہو سکے۔ اور کسی طرح پتھر آنے بند نہ ہوں۔ تو سورہ الم تر کیف ایک پرچہ پر لکھ کر گھر کے صحن میں دفن کر دے۔ مگر بسم اللہ شریف الٹی لکھے۔ مجرب ہے حتی الامسبب اگر بسم اللہ نہیں لکھے گا۔ تو جس مکان میں پتھر نہیں بھی آتے ہوں گے۔ وہاں بھی آنے لگیں گے۔ دیکھئے ایک عمل ہے۔ ذرا سی الٹ پھیر سے دو طرح کا اثر رکھتا ہے۔ اللہ اکبر خدا کے کلام میں بھی کیا کیا تاثیر ہے۔

باؤلے کتے کے کاٹے کا تریاق

روٹی کے چالیس ٹکڑوں پر انھم یکیدون کیدا واکید کیدا فمھل الکفرین امھلھم رویدا لکھو اور سگ گزیدہ کو کھلاؤ۔ اور ایک بانات کے ٹکڑے میں گڑ لپیٹ کر کھلاؤ۔ انشاء اللہ سب زہر کا اثر ہو جاتے گا۔

ختم شریف سورہ لایلاف

بہ نیت رفع شر مخالف و حاسد پڑھا جاتا ہے۔ ایک سو ایک مرتبہ لایلاف پڑھی جاتی ہے۔ بعد نماز فجر کے اور اول و آخر درود پڑھا جاتا ہے۔ تمام دشمنوں کو مغلوب کر دیتا ہے۔ کوئی سر نہیں اٹھاتا۔ اور بارہا کا آزمودہ عمل ہے۔ نیاز بھی اللہ تعالیٰ کے نام کی دلائی جاتی ہے۔

درود تنجینا کا دوسرا عمل

یہ درود پاک عرش کے خزانوں میں سے ہے۔ ایک رات میں ایک ہزار مرتبہ پڑھنے والا ہر قسم کی حاجات دنیاوی سے بے نیاز ہو جاتا ہے۔ بجلی کی طرح مرادیں پوری ہوتی ہیں۔ اس کے فوائد بے انتہا ہیں۔ ہر روز ستر بار پڑھنا قاضی الحاجات ہے۔ ہزار مرتبہ پڑھنے والا دیدار رسول پاک سے بھی فیضیاب ہوتا ہے۔ بفضلہٖ

اللھم صل علے سیدنا محمدٍ صلوۃً تنجینا بھا من جمیع الاھوال والآفات وتقضی لنا بھا جمیع الحاجات وتطھرنا بھا من جمیع السیات وترفعنا بھا اعلے الدرجات وتبلغنا بھا اقصی الغایات من جمیع الخیرات فی الحیات وبعد المات انک علے کل شیءٍ قدیر

(نوٹ) تنجینا بغیر تشدید تنجیّنا تشدید سے دونوں طرح جائز ہے۔

برائے کشف واقعات آئندہ مجرب عمل

اس عمل کو خدا کے لئے سٹہ وغیرہ غلط کاموں کے لئے نہ کیا جائے۔ ورنہ کرنے والا ذمہ دار ہوگا۔ لازم ہے۔ کہ خلوت میں طالب اعتقاد کرے۔ نہا کر پاک صاف ہو جائے۔ خوشبو لگائے۔ احرام باندھ لے۔ ایک کھلا ہوا قرآن پاک اپنے دہنی طرف ایک بائیں طرف ایک اپنے سامنے ایک پیچھے رکھ لے۔ اور تصور سے کوشش کرے۔ کہ فلاں واقعہ مجھ پر ظاہر ہو جائے۔ اور اللہ اللہ کا ذکر شروع کرے۔ بغیر آنکھ بند کئے ہر چہار طرف ضرب لگائے۔ حتےٰ کہ اپنے دل میں ایک قسم کی روشنی اور تجلی جلوہ گر دیکھے۔ ایک ہفتہ اسی طرح

کرے۔ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب فرماتے ہیں۔ کہ جو کچھ ظاہر ہو کسی سے نہ کہے۔

برائے کشف القبور

یہ عمل چشتیہ اکابر کا معمول ہے۔ ترکیب یہ ہے۔ کہ قبلہ کو پشت کر کے روسوئے مزار کرے۔ اور گیارہ مرتبہ الحمد پڑھے۔ پھر قریب مزار ہو کر یا بدوح یارب ۲۱۔۲۱ مرتبہ پڑھے۔ پھر آسمان کی طرف دیکھ کر کہے۔ یا رُوح اور یا رُوح الروح کی ضرب دل پر لگائے۔ حتےٰ کہ کشف حاصل ہو۔ اور صاحب قبر سے فیضان کا متمنی ہو۔ وہ شخص جو کسی کا مرید نہیں۔ اس عمل کو نہ کرے۔ اور عام قبروں پر اس کا کوئی اثر نہیں ہوگا۔

سورۃ فاتحہ کا اک خاص عمل

برائے حاجات ضروریہ اور مہمات خصوصی۔ جب کسی کو ایسی مشکل آ پڑے۔ با طہارت تامہ با وضو مصلے پر بیٹھے۔ اور دو رکعت نماز نفل برائے ایصال ثواب بروح پُر فتوح سید نا خاتم الانبیا صلی اللہ علیہ وسلم پڑھے۔ اور ایصال ثواب کے بعد سر جہار نفل پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے۔ اور بسم اللہ پڑھ کر الحمد پڑھے۔ اس ترکیب سے کہ الحمد للہ رب العالمین بروز یک شنبہ ۵۸۲ پڑھے۔ دو شنبہ کو ۶۱۸ بار الرحمٰن الرحیم پڑھے۔ سہ شنبہ کو ۲۴۶ بار مالک یوم الدین چہار شنبہ کو ۱۰۴۷ بار ایہ نا صراط المستقیم پنج شنبہ کو صراط الذین انعمت علیہم ۷۸۶ بار جمعہ کو ۸۰۷ بار غیر المغضوب علیہم والضالین آمین اور شنبہ کو ۱۳۰۴ مرتبہ پوری الحمد شریف پڑھے۔ ایک ہی ہفتہ میں مشکل آسان ہوگی۔ مراد بر آئے گی۔ پھر ۵ ثار کا پلاؤ پکوا کر بھوکوں کو کھلائے۔ اور خود بھی کھائے۔

چور معلوم کرنے کیلئے

روٹی کے ٹکڑوں پر یہ آیۃ واذ قتلتم نفسا فادٰرأتم لکھے۔ اور جس جس پر شبہ ہو۔ انہیں کھلا دے۔ چور کھانے سے انکاری ہوگا۔ ورنہ کھا نہ سکے گا۔ کھائے گا۔ تو سخت درد کی

کی تکلیف میں مبتلا ہو جائے گا۔ جب تک اقرار نہ کرے گا تکلیف کم نہ ہوگی۔

مرض رعشہ کا ایک نقش مجرّب

رعشہ والا مریض اپنے ہاتھ میں یہ نقش باندھ لے۔ اور ہلدی پسی ہوئی پہ ایک مرتبہ یداللہ فوق ایدیھم پڑھ کر سات دن تک برابر کھائے۔ انشاء اللہ رعشہ دور ہو جائے گا۔

آیۃ الکرسی کا ایک مجرّب عمل

حاکم کو مسخر کرنے کے لئے عجیب طرفہ عمل ہے۔ جب سامنے جاؤ۔ پہلے آیۃ الکرسی اس ترکیب سے پڑھ لو۔ اللہ لا الٰہ الا ھو الحی القیوم داہنی چھنگلیا کو بند کرو۔ لا تاخذہٗ سنۃ ولا نوم اس کے برابر کی انگلی بند کرو۔ من ذا الذی یشفع عندہٗ الا باذنہ بیچ کی انگلی بند کرو۔ یعلم ما بین ایدیھم انگشت شہادت بند کرو۔ وما خلفھم انگوٹھا بند کرو۔ ولا یحیطون بشیءٍ من علمہ بایاں انگوٹھا بند کرو۔ الا بما شاء پہلی انگلی بند کرو۔ وسع کرسیہ السمٰوات والارض بیچ کی انگلی بند کرو۔ دونوں مٹھی بند ہو گئیں۔ جب کسی کے سامنے جاؤ۔ ہاتھ کھول کر سلام کر لو۔ مہربان ہوگا۔ نیز ہر نماز کے بعد ایسا کر کے ہاتھ پھیر لیا کرو۔ بصارت تیز ہوگی۔ دس مرتبہ ولا یئودہٗ حفظھما پڑھ کر ہاتھ کھولو۔

کند ذہنی دور کرنے کے لئے

یا بچہ پڑھنے سے جی چراتا ہو۔ اس کا دل لگانے کے لئے یہ نقش لکھ کر آپ گلے میں ڈال دیں۔ نیز ہر جمعرات کو لوبان کی دھونی دیتے رہیں۔ اور بچوں کو بتاشے تقسیم کرتے رہیں۔ انشاء اللہ ذہن کھل جائے گا۔ اور پڑھنے میں دل لگے گا۔

عطارد ۷۸۶ عطارد

ن	والقلم	وما	یسطرون
والقلم	وما	یسطرون	ن
وما	یسطرون	ن	والقلم
ن	والقلم	وما	یسطرون

جبرائیل اسرائیل

بصارت تیز ہونے کیلئے

فکشفنا عنک غطاءک فبصرک الیوم حدید ۔ یہ آیت پڑھ کر روزانہ آنکھوں پر ہاتھ پھیر لیا کرو۔ اللہ تعالےٰ بصارت تیز کر دے گا۔ میں نے تو حضرت اکبر وارثی میرٹھی میلاد خواں کی بڑی ہمشیرہ مرحومہ کو دیکھا ہے۔ کہ گئی ہوئی بصارت اس عمل سے اللہ تعالےٰ نے بڑھاپے میں انہیں لوٹا دی۔ اور وہ مرتے وقت تک بینا رہیں۔

کون سی جا ہے جہاں جلوۂ محبوب نہیں
شوقِ دیدار اگر ہے تو نظر پیدا کر

ایک عجیب و غریب فالنامہ

باوضو مطلب سوچ کر شہادت کی اُنگلی کسی خانے پر رکھو۔ اور ذیل میں جواب پڑھ لو۔ انشاءاللہ جواب باصواب ہوگا۔

و فال نیک ہے۔ ۲۰ دن کے بعد کوئی خوشی حاصل ہوگی۔

ا اللہ پر نظر رکھو۔ اللہ پر بھروسہ رکھو۔ دشمن اگر قوی ست نگہبان قوی تر است

ر روز روز پچتلش پریشان رکھتی ہے۔ مگر اس سے نہ گھبراؤ۔ اور کچھ خیرات کرو بلا رد ہوگی

ش ہوشیار رہنا چاہئیے۔ کسی کی باتوں میں نہ آنا چاہئیے۔ اگر مقدمہ ہے تو فتح ہوگی۔

ع روزگار کی پریشانی ہے۔ کام بن بن کر بگڑ جاتا ہے۔ یا علی۔ ۱۱ مرتبہ پڑھ لیا کرو۔ سب کام بن جائیں گے۔

ل آلام و رنج کی شدت ہے۔ ابھی کچھ دن رنج و آلام کے ہیں۔ مگر آخر میں خوشی ہے۔

ی خیرات کرو خیرات کرو۔ سچ بولو۔ نماز پڑھو۔

غیر قوموں یعنی غیر مسلموں کیلئے ایک عمل

بہر حال غیر مسلم بھی انسان ہیں۔ ان کو بھی مشکلیں پیش آتی ہیں۔ ضروریات مجبور کرتی ہیں۔ اور خدائے رب العزت رب المسلمین بھی نہیں۔ بلکہ رب العالمین بھی ہے۔ اس لئے ان کے لیئے بھی ہم ایک نقش ذیل میں درج کرتے ہیں۔ اپنی کسی ضرورت اور حاجت کے وقت وہ بھی اسے ایک ڈورے میں باندھ کر ڈورے کو ایک کپڑے میں مع نقش کے سلوالیں۔ اور وقت ضرورت زرد رنگ کی ایک پاک دھوتی باندھ کر غسل کریں۔ پھر زرد رنگ کی دھوتی باندھ کر نقش سر پر رکھیں۔ اور کہیں کہ اے پرمیشور اس جنتر کا صدقہ میری مشکل آسان ہو جائے۔ اور اپنا مطلب بیان کریں۔ پھر احتیاط سے نقش کو رکھ دیں۔ ضرورت کے وقت پھر کام میں لائیں۔ اور ایک روپیہ ۴ آنہ کی مٹھائی لے کر غریبوں کو بانٹ دیں۔ انشاء اللہ مشکل حل ہوتے دیر نہیں لگے گی۔ نقش کسی مسلمان سے نقل کرا لیں۔ نقش اوپر درج ہے۔

۷۸۶

۲۳	۱۸	۲۵
۲۴	۲۲	۲۰
۱۹	۲۶	۲۱

کسی مسافر کو واپس بلانے کیلئے عمل عجیب

حلقہ ہے جسم کا اور موتی ہے لولاک کا   فلاں شخص آجائے صدقہ رسول پاک کا

فلاں کی جگہ مسافر کا نام لو۔ اور ۱۱ دن اس عمل کو کرو۔ گیارہ گیارہ بار پڑھو۔ یا ایک سو گیارہ بار ایک ہی دن پڑھو۔ اور حضرت علی کی نیاز دلاؤ۔ انشاء اللہ تعالے مسافر جلد سے جلد آجائے گا۔ احتیاطاً تین دن ضرور ۱۱۱ - ۱۱۱ بار پڑھ لو۔ پڑھنا بیکار نہیں جائے گا۔ نیاز کا تبرک بچوں کو بانٹ دو۔

کسی کی عورت بھاگ جائے

اگر وہ ہفتہ کے دن گئی ہے   تو جانب جنوب ہے ایک ماہ میں ملے گی۔

اگر وہ اتوار کے دن بھاگی ہے۔ تو بجانب مشرق ہے۔ یقین ہے کہ ایک ہفتہ میں پتہ لگ جائے گا۔

اگر وہ پیر کے دن گئی ہے۔ تو شمال کی طرف دیکھے جلد مل جانے کی امید ہے۔

اگر وہ منگل کے دن گئی ہے تو مغرب کی طرف دیکھے کہا نہیں جاسکتا کہ کب ملے

اگر وہ بدھ کے دن گئی ہے۔ تو شمال مغرب کی طرف دیکھے تین چار دن میں پتہ چلے گا۔

اگر وہ جمعرات کے دن گئی ہے۔ تو مغرب جنوب کے گوشہ کی طرف دیکھے۔ دس گیارہ روز میں خبر ملے گی۔

اگر وہ جمعہ کے دن گئی ہے تو ممکن ہے تلاش کرنے پر مل جائے۔ ورنہ ملنا مشکل ہے۔ واللہ اعلم بالصواب

دیوان حافظ سے فال نکالنے کا طریقہ

حافظ شیراز کا لقب لسان الغیب ہے۔ اکثر آپ کے دیوان کی نکالی ہوئی فال صحیح ہوتی ہے۔ طریقہ فال نکالنے کا یہ ہے۔ کہ پہلے سورۂ فاتحہ پڑھے۔ پھر درود شریف اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح پر فتوح کو ایصال ثواب کرے۔ اور بسم اللہ پڑھ کر دیوان کو کھولے۔ جو صفحہ کھلے۔ اس کے سات شعر چھوڑ کر آٹھواں شعر پڑھے حسب منشا فال کا جواب ملے گا۔ خواہ وہ کسی طرح کا ہو۔ بارہا کا آزمودہ ہے۔ کہ حضرت لسان الغیب پتہ کی بات کہہ جاتے ہیں

جدید قسم کا تعبیر نامہ خواب معتبر یعنی تعبیر نامہ شجاعی

اگر الف نکلا ہے تو صورت آرام و آسائش ہے۔

اگر ب نکلا ہے۔ تو صورت بری اور بلا میں پھنسنے کی ہے۔

اگر ت نکلا ہے۔ تو صورت تعب کی پیش آئے گی۔

اگر ث نکلا ہے تو ثروت بڑھے گی۔

اگر ج نکلا ہے	تو جاہ بڑھے گی۔
اگر ح نکلا ہے	تو حرام روزی کھانے کی دلیل ہے۔
اگر خ نکلا ہے	تو خرابی ہو خیر بعد میں
اگر د نکلا ہے	تو درد اور دکھ میں مبتلا ہو
اگر ذ نکلا ہے	تو دولت حاصل ہو
اگر ر نکلا ہے	تو راحت حاصل ہو گی۔
اگر ز نکلا ہے	تو زیادتی رزق کی دلیل ہے۔
اگر س نکلا ہے	تو سلامتی کی دلیل ہے۔
اگر ش نکلا ہے	تو شکیب و صبر کا دامن ہاتھ سے چھوٹے۔
اگر ص نکلا ہے	تو صورت بہتری کی ہے۔
اگر ض نکلا ہے	تو ضرر پہنچنے کا احتمال ہے۔
اگر ط نکلا ہے	تو طبیعت بے چین ہو۔
اگر ظ نکلا ہے	تو ظاہر درست کرنے کی ہدایت ہے۔
اگر ع نکلا ہے	تو عبادت کا شوق ہے۔
اگر غ نکلا ہے	تو غلطی پر متنبہ کیا گیا ہے۔
اگر ف نکلا ہے	تو فائدہ ہے۔
اگر ق نکلا ہے	تو قوم میں شہرت ہو
اگر ک نکلا ہے	تو کوتاہی جان و مال کی دلیل ہے۔
اگر ل نکلا ہے	تو لطف سے زندگی بسر ہو۔
اگر میم نکلا ہے	تو موت سے خبردار کیا گیا ہے۔
اگر نون نکلا ہے	تو ناروا رویہ پر متنبہ کیا گیا ہے۔
اگر واؤ نکلا ہے	تو وفادار دوست یا معشوق ملے
اگر ہ نکلا ہے	تو ہزیمت حاصل ہو
اگر ی نکلا ہے	تو یاوری بخت کی دلیل ہے

میٹھا پھل کھانے کی ترکیب

خربوزہ یا آم وغیرہ جو کچھ آپ خریدیں۔ اگر اسے بسم اللہ پڑھ کر اور فذبحوھا وما کادو یفعلون کہہ کر تراشو گے تو انشاء اللہ شیریں اور لذیذ نکلے گا۔

چوری سے مال محفوظ رہے

اگر صاحب مال آمن الرسول سے تا آخر سورۂ بقر پڑھ کر سووے گا۔ وہ اپنے مال کو ہمیشہ چوری سے محفوظ پائے گا۔ کچھ نقصان چوری سے نہیں ہوگا۔

خاص شب برات کو پڑھنے کا ایک خاص عمل

اس عمل کا پڑھنے والا کبھی فقیر و محتاج نہیں ہوتا۔ پہلے غسل کرے۔ تین مرتبہ یسین شریف پڑھے۔ پہلی دفعہ درازی عمر کی دعا کرے۔ دوسری دفعہ فراخی رزق کی۔ تیسری مرتبہ عافیت بدن کی خاطر دعا کرے۔ عشاء کے بعد ایک بار سورۂ دخان پڑھے۔ اور ستر مرتبہ یہ دعا پڑھے۔ یا حی یا قیوم برحمتک استغیث انشاء اللہ مقصد پورا ہوگا۔

عشرہ کے روز کا عمل

حضرت مولا علی کرم اللہ وجہٗ سے روایت ہے۔ کہ عشرۂ محرم کے دن ۱۰۰۰ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھنے والے پر خدائے تعالےٰ اپنی کرم کی نظر فرماتا ہے اور کبھی نہیں ہٹاتا۔

عرفہ کے دن کا عمل

حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔ کہ جو شخص لا الٰہ الا اللّٰہُ وحدہٗ لا شریک لہٗ الملک ولہٗ الحمد یحیی ویمیت وھُو حیٌ لا یموتُ بیدہِ الخیر وھو علیٰ کل شئ قدیرا۔ ۱۰۰ مرتبہ اور سو مرتبہ قل ہو اللہ احد پڑھ کر دعا مانگتا ہے۔ علاوہ قطع رحم کی دعا کے ہر دعا

اللہ تعالےٰ قبول فرماتا ہے۔ یہ قول حدیث منہات ابن حجر سے نقل کیا گیا ہے۔

رمضان شریف میں پڑھنے کی دُعا

بعد عصر ہر روز ۱۰۰ مرتبہ استغفر اللہ الذی لاالٰہ الا ھُو الحی القیوم ذوالجلال والا کرام غفار الذنوب واتوب الیہ پڑھنے سے گناہوں کی مغفرت ہوتی ہے۔ رزق میں برکت ہوتی ہے اور بیمار صحت پاتا ہے۔

حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی کا عمل حل المشکلات

کسی مہینہ کے نوچندی شب دوشنبہ یا جمعرات کو کچھ صدقہ کرے۔ اور صبح کی نماز سے شام تک اسم ذات کا ورد رکھے۔ ہ کے پیش کے ساتھ یعنی اللہُ ۲۴ ہزار کی تعداد میں پوری کرے شام کو سورۂ ملک ایک بار اور سورۂ اخلاص دس بار سورۂ فلق دس بار سورۂ ناس دس بار پڑھے۔ اور بعد عشا ایک ہزار مرتبہ اللھم صل علےٰ المصطفےٰ حبیب اللہ محمد النبی الامی وعلےٰ الہٖ واصحابہٖ وسلم پڑھے اور جس قدر ہو سکے۔ قرآن پاک کی تلاوت کر کر دُعا مانگے۔ انشاء اللہ ہرگز دُعا رد نہ ہوگی۔ ضرور قبول ہوگی۔

وظیفہ غوثیہ

مرادی یا مرادی یا مرادی مرادی شیخ محی الدین مرادی

یہ شعر ۱۱۱ بار بعد مغرب ۱۱ دن تک پڑھے۔ عروج ماہ میں اور ۱۱ تاریخ کو گیارھویں شریف کی نیاز دلائے۔ اور دعا مانگے۔ کامیابی مقدمات کے لئے ترقی کاروبار کے لئے حصول ملازمت کے لئے امتحان میں پاس ہونے کے لئے یہ عمل عجیب اثرات دکھاتا ہے۔ خطا ہی نہیں کرتا۔

یا عزیز کا وظیفہ

چودہ ہزار چار سو چالیس بار ایک چلے میں پڑھنے سے حیرت انگیز مشاہدات نظر آتے

ہیں۔ ہر دلعزیزی بھی بڑھ جاتی ہے۔ اور بگڑے ہوئے کام سنور جاتے ہیں۔ عالم ملکوت کی سیریں دیکھنے میں بکثرت آتی ہیں۔

ہول دلی اور دل کی گھبراہٹ کا عمل

یہ آیت لکھ کر عین قلب پر لٹکا لو۔ یا تاگے سے باندھ لو۔ قلب سے ہٹے نہیں مجرب ہے

هُوَالَّذِیْ اَیَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِیْنَ وَاَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا مَّا اَلَّفْتَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَیْنَهُمْ اِنَّهٗ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ

تجارتی مال کی فروختگی کیلئے

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْكُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ

مندرجہ بالا آیت زعفران سے لکھ کر تجارتی مال میں رکھ دے۔ بہت جلد فروخت ہو جائیگا۔

خوف و دہشت کیلئے

اَللّٰهُ یَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰی وَمَا تَغِیْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ وَكُلُّ شَیْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ پڑھا کرے اور لکھ کر بازو پر باندھ لے۔ اطمینان و سکون کی حالت ہو جائے گی۔

ہمزاد کو دفن کرنے کیلئے

مشائخ کا قول ہے۔ کہ اگر متوفی کے دفن کے وقت تین بار یہ آیت پڑھے گا۔ تو ہمزاد بھی ساتھ ہی دفن ہو جائے گا۔ اہل اسلام میں اسی لئے یہ طریقہ رائج ہے۔ مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِیْهَا نُعِیْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰی اگر کوئی شخص بھی دفن کے وقت یہ آیت نہ پڑھے گا۔ تو ہمزاد دنیا میں مارا مارا پھرے گا۔ اور کوئی نہ کوئی عامل اسے تسخیر کر لے گا۔

چیونٹیوں کی کثرت روکنے کے لئے

یاایھاالنمل ادخلوا مساکنکم لا یحطمنکم سلیمان وجنودہ وھم لا یشعرون یہ آیت لکھ کر چیونٹیوں کے سوراخ کے پاس رکھ دو۔ سب چیونٹیاں سوراخ میں داخل ہو جائیں گی۔ گویا وہ قرآنی آیات کا احترام کرتی ہیں۔

کسی ظالم جابر حاکم کو شہر سے بدلوانے کو

سات گھونگچیوں کو سات دن تک سات سات مرتبہ پڑھو۔ اور گھونگچیاں روز کنوئیں میں ڈالتے رہو۔ مگر ترک حیوانات کے ساتھ یہ عمل کرو۔ ایک ہفتہ میں ظالم کا تبادلہ ہو جائے گا۔

نافرمان اولاد کو فرمانبردار بنانے کیلئے

رب اصلح لی فی ذریتی انی تبت الیک وانی من المسلمین ہر نماز کے بعد ایک آیت پڑھے ذریتی کہتے وقت اپنی اولاد نافرمان کا خیال رکھے چند روز ہی میں انشاءاللہ فرمانبردار ہو جائیگی۔

رجعت عمل سے محفوظ رہنے کیلئے

سورۃ عبس وتولی کا ورد رکھنا ضروری ہے۔ عاملین یاد رکھیں۔

پھوڑہ پھنسی کے لئے

سات مرتبہ پنڈول مٹی میں لعاب دہن ملا کر یہ پڑھے۔ اور لگائیے۔ بسم اللہ تربۃ ارضنا بریقۃ بعضنا یشفی سقیمنا باذن ربنا انشاءاللہ پھوڑہ پھنسی کو آرام ہو جائے گا۔

بچھو کے کاٹے پر

پنڈول پھیرتے جاؤ۔ اور سورۃ کفر کا رکوع پڑھتے جاؤ۔ سکون حاصل ہوگا۔

لقوے کا علاج

تلمی دار نانبے کے طشت پر قدنری تقلب سے بعملون تک (پارہ الم) لکھے۔ اور گلاب اور پانی ڈال کر لقوے والے کا منہ اس سے دھلوائیے۔ اور پھر منہ اپنا ایک گھنٹہ تک اس میں رکھے۔ تین دن تک ایسا کرے۔ آرام ہوگا۔ سکون ملے گا۔

کسی کی خانہ ویرانی کیلئے

فلما نسوما ذکروا سے رب العالمین تک پارہ واذا سمعوا ا ہڈی پر لکھ کر جس جماعت یا گھر کو پراگندہ کرنا ہو۔ ہڈی چورا کر کے ڈال دے۔ جس جماعت یا گھر پر ڈالی جائے گی پراگندہ اور پریشانی کی نذر ہوگا۔

کوئی چھپی ہوئی بات معلوم کرنے کیلئے

حاملہ کے حمل میں لڑکا ہے یا لڑکی۔ دفینہ کہاں ہے۔ فلاں بات کس طرح ہوگی۔ یہ معلوم کرنے کیلئے عطر لگائیے۔ اور پیر کو روزہ رکھے۔ شب کو باوضو سوئیے۔ صبح منگل کو قبل طلوع آفتاب یہ آئتیں سبز کپڑے پر زعفران اور گلاب سے لکھے۔ پھر عود کی دھونی دے کر ایک ڈبہ میں رکھ لے۔ کوئی نہ دیکھنے پائے۔ حتےٰ کہ سورج کا عکس بھی نہ پڑے۔ نہ چاند کا۔ جب بدھ کی رات آئے۔ تو عشا کی نماز پڑھ کر ڈبہ ہاتھ میں لے اور کہے۔ یا عالم الخفیات فی الامر کذا من ھو علی کل شیئ قدیر اطلعنی علی کل ما ارید انک علی کل شیئ قدیر اور ذکر کرتا ہی سو جائے۔ خواب میں مقصود حاصل ہوگا۔ اور کوئی صحیح جواب دے گا۔ آیتہ شریفہ جو لکھی جائیں گی۔ وہ یہ ہیں۔

اللہ یعلم ما تحمل سے المتعال تک (وما ابری ۸۶) عجیب نادر روزگار عمل ہے۔ قدر کرنی چاہیئے۔

مچھروں کے دفعیہ کیلئے

وما لنا الا نتوکل علی اللہ سے المتوکلون تک (وما ابری ۱۴۶) پانی پر تین مرتبہ پڑھ کر

دم کرو۔ اور پانی چھڑک دو۔ انشاء اللہ مچھر جہاں پانی چھڑکا جائے گا۔ ہرگز نہیں آئیں گے۔ دور دور ہی رہیں گے۔

کامیابی مقدمات کے لئے

واللہُ غالبٌ علےٰ کلِّ امرٍ۔ تین مرتبہ پڑھ کر عدالت میں جائے۔ خدا نے چاہا۔ تو فیصلہ خلاف نہ ہوگا۔ تجربہ سے حقیقت کھلے گی۔

لڑکی کا پیغام نکاح منگوانے کیلئے

سورۂ الاحزاب پوری آنل نام لکھ کر ایک ڈبہ میں بند کر کے اپنے گھر میں رکھ دے کہیں نہ کہیں سے مناسب پیغام آ ہی جائے گا۔

برائے دفع عذاب قبر

دنیا کے امورات کے لیے تو لوگ دعائیں عمل کراتے ہیں مگر کسی کو سفر آخرت کا خیال نہیں ہوتا۔ اس قدر خدا اور مذہب سے دوری ہوگئی ہے۔ نہ آسانی سکرات موت کا کوئی خیال کرتا ہے۔ اس ضمن میں ہم ایک ورد لکھتے ہیں۔ کہ روزانہ ہر نماز کے بعد آیت الکرسی و قل ہو اللہ احد بہ نیت آسانی عذاب قبر پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ شفاعت حضور تو میسر ہوگی ہی۔ مگر قبر میں بھی ان آیات کا پڑھنے والا حشر تک امن و امان میں رہے گا۔ اور اللہ کے فضل و کرم سے اس کا خاتمہ بھی ایمان پر ہوگا۔ غیب سے مدد ہوگی۔

صحت کا خاص راز یعنی نعمت غیر مترقبہ

بعض حروف تہجی گرم ہیں۔ بعض سرد بعض تر بعض خشک

گرم حروف	ا ہ ط م ف ش ذ	مجموعہ اہطم فشذ	۱۱۳۵
سرد حروف	ج ز ک س ق ث ظ	مجموعہ جزکس قثظ	۱۵۹۰

تر حروف	دح ل ع رخ غ	مجموعہ	دحلعرخغ	۱۹۱۲
خشک حروف	ب وی ن ص ق ض	مجموعہ	بوینصقض	۱۰۵۸

سردی سے مرض ہو۔ تو گرم حرفوں کے اعداد دوگنا کرے۔ اور مجموعہ کو اسی تعداد سے پڑھے بسردی دفع ہو۔ اسی طرح ہر جزو کے متعلق عمل کرے۔ صحت پائے۔ یہ اک ایسا راز ہے۔ کہ عام طور پر عوام اس سے بے خبر ہیں۔ مگر ہے خاص راز۔ جس کو اللہ توفیق دے۔ تندرستی عجیب نعمت ہے۔

یہ عمل جس کے خلاف کرنا ہو

پہلے سوچ سمجھ لو۔ اس لئے کہ کسی کو تکلیف دینی بہتر نہیں۔ ایک سیسہ کی لوح پر آیت وھی تجری بھم سے کفرین تک (پ ۱۲ ع ۴) اور نام معہ والدہ کے لکھے۔ لوح کو آب رواں میں ڈال دے۔ خون جاری ہو جائے گا۔ جب لوح پانی سے نکال لی جائے گی۔ تندرست ہو جائے گا۔

اک عجیب عمل

یا بدیع العجائب یا الخیر یا بدیع ایک ہزار اور دو سو مرتبہ پڑھے۔ اول و آخر درود پاک دو دو سو بار پڑھے۔ تنہا پڑھے یا کئی آدمی پڑھیں۔ یہ بھی ختم خواجگان کے نام سے موسوم ہے۔ اور عجیب اثرات رکھتا ہے۔ بیمار کے لئے مقدمہ کے لئے کسی مشکل کے آسان ہونے کے لئے پر تاثیر اور زود اثر ہے۔

نقش یا عزیز

۷۸۶

ز	ی	ز	ع
ع	ز	ی	ز
ی	ز	ع	ز
ز	ع	ز	ی

یہ نقش لکھ کر ۱۰۰ بار یا عزیز پڑھے۔ جب کسی حاکم کے سامنے جانا ہو۔ اسے بازو پر باندھ لے۔ عطر لگا کر کچہری میں جائے۔

تو انگوٹھے اور چھنگلیا سے دبا لے۔ حاکم مہربان ہو گا۔

درد سر کا مجرب عمل

حضرت مولانا گنج مراد آبادی رحمت اللہ علیہ کا فرمودہ کہ کھتہ پر تین مرتبہ صل اللہ علی النبی الامی وآلہٖ واصحابہ وسلم پڑھ پر لگالو۔ فوراً آرام ہو جائے گا۔

دافع المشکلات ورد

ہر نماز کے بعد ستر مرتبہ پڑھنے سے تمام مشکلات دفع ہوتی ہیں۔ اور غیب سے خوش کرنے والے سامان پیدا ہو جاتے ہیں۔

تسہل یا الٰہی کل صعب   بحق سید الابرار سہل سہل

یا رفیق یا شفیق   نجنا من کل ضیق نجنا من کل ضیق

رباعی دست غیب

بعض بزرگوں سے یہ بھی سنا ہے۔ کہ اس رباعی کے پڑھنے والوں کو بھی غیب سے روزی عطا ہوتی ہے۔ اور یہ صحیح بھی معلوم ہوتا ہے۔ اس لئے کہ اس کے عاملین کو کہیں محتاج نہیں دیکھا۔ کیوں نہ ہو۔ آخر اک بزرگ کا فرمودہ ہے۔ ترکیب خواندنی یہ ہے۔ کہ روزانہ صبح کو ۱۱ مرتبہ پڑھ لیا کرے۔

اے کریمے کہ از خزانہ غیب   گبرو ترسا وظیفہ خور داری

دوستاں را کجا کنی محروم   تو کہ با دشمناں نظر داری

حضرت علی سے محبت رکھنے والوں کیلئے اک خاص عمل

روزانہ ، مرتبہ پڑھ لیا کریں۔ اثرات نمایاں دیکھیں گے۔ اہل محبت ہر شرط سے آزاد ہوتے ہیں۔

زمانہ بر سر جنگ است یا علی مدد دے
کمک ز غیر تو ننگ است یا علی مدد دے
کشود کار دو عالم بیک اشارۂ تو
بکار ما چہ درنگ است یا علی مدد دے

خاتمہ بخیر ہونے کے لئے

یہ شعر عجب اپنے اندر خاصیت رکھتا ہے۔ اور اس قول کے بڑے بڑے بزرگ اور مقبول بندے شاہد ہیں۔ کبھی کبھی شوق و ذوق سے پڑھ لیا کرے۔

ندارم ذوق رندی نے خیال پاک دامانی
مرا دیوانہ خود کن بہر رنگے کہ میدانی

خدائے رب العزت کی محبت میں ترقی ہوتی ہے۔ کسی اہل دل کا شعر ہے۔

کسی خطرہ کے وقت

جنگل یا اندھیرے یا تنہا پڑھیں۔ اگر کوئی شخص یہ شعر پڑھے گا۔ تو غیب سے اس کی دلجمعی کے سامان پیدا ہو جائیں گے۔

چراغ مسجد و محراب و منبر
ابو بکر و عمر عثمان و حیدر المدد

ایک لاکھ عملوں کے برابر ایک عمل

ایک بزرگ چلے جا رہے تھے۔ کہ ایک سانپ نظر پڑا۔ جو یہ کہہ رہا ہے۔ کہ مجھے پناہ دے گا۔ خدا اُسے دوزخ سے پناہ دے گا۔ انہوں نے اپنا منہ کھول دیا۔ سانپ ان کے پیٹ میں اُتر گیا۔ اتنے میں ایک شخص تلوار لئے سانپ کو تلاش کرتا آیا۔ اور نہ پا کر واپس چلا گیا۔ تھوڑی دیر کے بعد سانپ نے بزرگ سے کہا۔ حضرت کہئے آپ کے دل کو ڈسوں یا جگر کو۔ پوچھا بھئی میں نے کیا خطا کی ہے۔ سانپ بولا۔ نا اہلوں کے ساتھ نیکی کرنی بھی بدی ہے۔ اور اس کی یہی سزا ہے۔ جو میں آپ کو دینی چاہتا ہوں۔

بزرگ نے کہا۔ اچھا بھائی۔ مجھے اپنی قبر تو کھود لینے دے۔ اتنے میں ایک فرشتہ آسمان

آسمان سے نازل ہوا۔ اور انہیں ایک چیز کھانے کو دی جس کے کھانے ہی سانپ ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا۔ اور پاخانے کے راستے خارج ہو گیا۔

بزرگ نے اس فرشتہ صورت سے پوچھا۔ آپ کون ہیں۔ جو میرے ساتھ سلوک کیا۔ جواب ملا میں تمہاری وہی نیکی ہوں۔ جو ابھی تم نے سانپ کے ساتھ کی تھی۔ اس لئے لاکھ عملوں کا عمل تو ایک عمل یہ ہے۔ پھر

اخلاق سب سے کرنا نسخہ ہے اگر تو یہ ہے — خاک آپ کو سمجھنا اکسیر ہے تو یہ ہے

کیا ہماری کتاب کے پڑھنے والے عملیات کے شائقین اپنا کردار اپنا عمل صحیح کرنے کی طرف توجہ فرمائیں گے۔ اگر ایسا ہو گا۔ تو یہ کتاب کیا ہے۔ آپ خاک کی چٹکی پر اللہ کا نام خلوص دل سے لے کر دم کریں گے۔ تو اکسیر ہو جائے گی۔

آناں کہ خاک را بہ نظر کیمیا کنند — آیا بود کہ گوشہ چشمے بما کنند

کلمہ لا الہ الا اللہ

ایک بار پڑھنے سے اگرچہ حدیث پاک کی روشنی میں دوزخ کی آگ انسان پر حرام ہو جاتی ہے۔ بشرطیکہ اسلامی حیثیت سے پڑھا جائے۔ پھر بھی حضرت مجدد الف ثانی رحمت اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ کہ اگر اس کلمہ طیبہ کو ایک لاکھ مرتبہ پڑھ کر کسی مردہ کی روح کو ایصال ثواب کیا جائے گا۔ تو وہ قابل اور مستحق عذاب بھی ہو گا۔ تو بھی امن میں رہے گا۔ سوم میں جو چنے ۱۲۔ سیر پڑھے جاتے ہیں۔ شاید ان کا بھی یہی منشا ہو۔

برائے زیارت رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم

عروج ماہ میں شب جمعہ کو باوضو خوشبو لگا کر ایک سو ستر مرتبہ رو بقبلہ ہو کر درود تاج پڑھو۔ پھر روزانہ گیارہ شب اسی طرح کرو۔ اسی دوران میں زیارت آقائے مدینہ سے فیضیاب ہو جائے گا۔ اور حضور فرماتے ہی ہیں۔ من رآنی فقد رأ الحق

تنگی رزق سے حد درجہ پریشانی ہو

تو بعد عصر روزانہ ۳۱۳ بار لا الٰہ الا اللہ اللہ یرزق من یشاء بغیر حساب۔ مگر تنہائی اور خالی کمرہ میں بیٹھ کر پڑھے۔ اور دعا کرے عمل تو ایک ہفتہ کا ہے۔ لیکن تجربہ شاہد ہے کہ ایک ہی دن میں عمل اپنا رنگ دکھاتا ہے۔

ارشاد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

حضور کا قول مبارک ہے۔ کہ جب کوئی پریشانی ہوا کرے۔ نفلیں پڑھا کرو۔ ہر قسم کی پریشانیاں دور ہوں گی۔ چنانچہ بارہا کا تجربہ ہے۔ کہ یہ عمل پریشانی کھونے کے لئے اکسیر ہے۔

پندرہ کا نقش

حقیقت یہ ہے۔ کہ پندرہ کا نقش اپنے اندر بڑی خاصیت رکھتا ہے۔ اور قرنوں سے مشائخ کرام اسی نقش کو لکھتے چلے آتے ہیں۔ اور آج تک رائج ہے۔ بخار میں درد میں کہیں گھول کر پلایا جا رہا ہے۔ کہیں باندھا جاتا ہے۔ کہیں دریا میں ڈالا جاتا ہے۔ کہیں دفن کیا جاتا ہے۔ غرض کثیر التاثیر نقش ہے۔ مگر عام طور پر لوگ یہ نہیں سمجھتے۔ کہ اسے کیوں کر لکھیں۔ اس لئے چند ترکیبیں درج ہیں۔

حب کے لئے یہ عمل انار کی لکڑی سے لکھا جاتا ہے۔

بیمار کو پلانے کے لئے زعفران سے لکھا جاتا ہے۔

سر میں باندھنے کے لئے کالی روشنائی سے لکھا جاتا ہے۔

مقدمہ میں کامیابی کے لئے مشک سے لکھا جاتا ہے۔

۷۸۶

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

اور پہلے اس نقش کی زکوٰۃ ادا کی جاتی ہے۔ وہ یہ کہ پندرہ دن تک ۱۵ نقش روز لکھ کر گولیاں آٹے میں بنا کر دریا میں ڈالے۔ اور ۱۵ آنے کی مٹھائی پر

پرنیاز دلاکر اللہ کے واسطے تقسیم کرے۔ پھر یہ عمل ان مقاصد کے لئے لکھے۔ خدا چاہے گا۔ تو اثرات ظاہر ہوں گے۔ اور کبھی خطا نہ کرے گا۔

گمشدہ شے ملنے کیلئے

حضرت خواجہ شہاب الدین سہروردی کتاب عوارف المعارف میں یہ عمل لکھتے ہیں۔ اگر کسی کی کوئی شے گم ہو جائے۔ یا کوئی آدمی الگ ہو جائے۔ تو باوضو مصلے پر قبلہ رو بیٹھ کر ایک سو ایک بار یہ پڑھے۔ اول و آخر درود پاک پڑھے۔

یاجامع الناس لیوم لاریب فیہ اجمع علے ضالتی زیادہ عرصہ نہیں گزرے گا۔ کہ گمشدہ شے و شخص بفضلہ مل جائے گا۔

اللہ کی نعمتوں کا دروازہ کھلوانے کیلئے

سورہ الم نشرح انا انزلنا تینوں سورتیں روز بعد نماز صبح ۱۱۔ ۱۱ مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ اور کریم کے کرم کا نظارہ کرے۔

قید سے رہائی کے لئے

کوئی شخص کسی جرم میں قید ہو جائے۔ تو اس کے عزیز مشک زعفران سے یہ نقش لکھیں ایک انار کے درخت میں کھلی ہوا میں باندھ دیں۔ مگر نام قیدی اور اس کی ماں کا نام نقش کے نیچے ضرور لکھیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۳۱	۳۳۸	۳۳۳	یاحافظ
۳۳۶	۳۳۴	۳۳۲	یاحافظ
۳۳۵	۳۳۷	۳۳۹	۱۹۹
یاحافظ	یاحافظ	۱۹۹	۱۹۹

پیٹ میں بچہ محفوظ رہنے کے لئے حاملہ کے گلے میں باندھو۔ اور آسیب سے محفوظ رہنے کے لئے دھو کر پلاؤ۔

۷۸۶

جیوش	حموشش	قیوس
طموش	ابرچنا	برجینا
میرل زنگی	میمون حبشی	بحق حضرت سلیمان

قل اللہ شریف کا نقش

۷۸۶

۴۰۴	۴۰۷	۴۱۰	۳۹۷
۴۰۹	۳۹۸	۴۰۳	۴۰۸
۳۹۹	۴۱۲	۴۰۵	۴۰۲
۴۰۶	۴۰۱	۴۰۰	۴۱۱

بازو پر باندھنا باعث زیادتی جاہ و تندرستی ہے۔ جائز حب میں بھی کام دے جاتا ہے۔ مگر نوچندی ہر جمعرات کے روز دھونی لوبان کی دینی پڑتی ہے۔

آدھے سر کے درد کیلئے

جو طلوع آفتاب کے ساتھ پڑھتا ہے۔ اس درد کے لئے مریض کو زعفران سے یہ نقش لکھ کر جلیبی کے شیرہ سے دھوکر روزانہ ایک ہفتہ تک پلائے۔ انشاء اللہ صحت ہوگی۔

سورۂ فاتحہ کا مبارک نقش

۷۸۶

۲۳۶۲	۲۳۶۵	۲۳۶۸	۲۳۵۵
۲۳۶۷	۲۳۵۶	۲۳۶۱	۲۳۶۶
۲۳۵۷	۲۳۷۰	۲۳۶۳	۲۳۶۰
۲۳۶۴	۲۳۵۹	۲۳۵۸	۲۳۶۹

ہر مشکل ہر مہم ہر مرض ہر دکھ میں بازو پر باندھا جاتا ہے۔ اور بڑا سریع الاثر ہے۔ یہ نقش چونکہ سورۂ فاتحہ کا ہے۔ اس لئے فاتحہ کرا کر ایصال ثواب بھی بروح پر فتوح حضور آقائے دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کے کرنی چاہئے۔

مردانہ قوت کا عمل

۷۸۶

۶۱۴۵۴	۶۱۴۵۹	۶۱۴۵۷	۲۱۴۴۷
۶۱۴۵۶	۶۱۴۴۸	۶۱۴۵۳	۶۱۴۵۵
۶۱۴۴۹	۶۱۴۶۱	۶۱۴۵۹	۶۱۴۵۲
۱۴۵۸	۶۱۴۵۱	۶۱۴۵۰	۶۱۴۶۰

کسی کے عمل یا سحر سے اگر کوئی نامرد ہو جائے۔ تو سورۂ ابراہیم پڑھا کرے۔ روزانہ۔ بے پڑھا ہو۔ تو صرف دیکھ لیا کرے۔ اور لکھو اگر مشک و زعفران سے گھول کر پی لے۔ پہلے سے زیادہ قوت مردانگی ہوگی۔

برائے ادائیگی قرض

جب کوئی صورت ادائیگی قرض کی نہ ہے۔ تو نوچندی جمعہ کو تین بار سورۃ کہف پڑھے۔ اور وہیں بیٹھا بیٹھا سورۂ کہف کا نقش زعفران سے لکھے۔ نقش سامنے رکھ کر دو رکعت نفل پڑھے۔ جس کا ثواب امت محمد کے تمام اولیا اللہ کو پہنچائے۔ پھر اس نقش کو سامنے رکھ کر بخشوع وخضوع اللہ تعالے سے دعائیں مانگے۔
اور نقش کو چاندی کے ورق میں لپیٹ کر بازو پر باندھے
پھر عصر کی نماز پڑھے۔ اور کسی سے نہ بولے چالے۔
اس سے پہلے کسی سے کلام نہ کرے۔

۷۸۶

۱۲۶۳۵۸	۱۲۳۶۱	۲۶۳۶۱	۱۲۶۳۵۱
۱۲۶۳۶۰	۱۲۶۳۵۲	۱۲۶۳۵۷	۱۲۶۳۵۹
۱۲۶۳۵۳	۱۲۳۶۴	۱۲۶۳۶۳	۱۲۶۳۵۶
۱۲۶۳۶۲	۱۲۶۳۵۵	۱۲۶۳۵۴	۱۲۶۳۳

نکاح ہو جانے کا نقش

جس کا نکاح نہ ہوتا ہو۔ وہ سورہ طٰہٰ تین بار پڑھے۔ اور ریشمی کپڑے پر لکھ کر اپنے گلے میں ڈالے۔ اور یہ نقش باندھے۔

۷۸۶

۹۹۸۲۰	۹۹۸۲۶	۹۹۸۲۳	۹۹۸۱۳
۹۹۸۲۲	۹۹۸۱۴	۹۹۸۹۹	۹۹۸۲۱
۹۹۸۱۵	۹۹۸۲۹	۹۹۸۲۵	۹۹۸۱۸
۹۹۸۲۴	۹۹۸۱۷	۹۹۸۱۶	۹۹۸۲۷

سورہ یٰسین شریف کا نقش مربع

جو کفیل المہمات و فتاح الرزق ہے بازو پر باندھا جاتا ہے۔ لڑکے کے باندھو۔ تو فرمانبردار ہوتا ہے۔

۷۸۶

۱۰۰۹۳۴	۱۰۰۹۳۱	۱۰۰۹۳۷	۱۰۰۹۲۷
۱۰۰۹۳۶	۱۰۰۹۲۸	۱۰۰۹۳۳	۱۰۰۹۳۵
۱۰۰۹۲۹	۱۰۰۹۴۲	۱۰۰۹۴۱	۱۰۰۹۳۹
۱۰۰۹۳۸	۱۰۰۹۴۰	۱۰۰۹۳۰	۱۰۰۹۳۲

برائے صحت یابی ہر مرض

لکھ کر بازو پر یا گلے میں باندھے۔

۷۸۶

ہوالشافی	ہوالشافی	۴۰۳
ہوالشافی	ہوالشافی	ہوالشافی
ہوالشافی	ہوالشافی	ہوالشافی

دافع طحال نقش

اکثر لوگوں کی تلی بڑھ جاتی ہے۔ جس سے صحت میں خرابی آجاتی ہے۔ وقت ضرورت اگر یہ نقش مریض طحال کی تلی پر باندھا جائے گا۔ اور ایک ہفتہ برابر سوا آنہ روز کے بتاشے پر میراں بوعلی شاہ قلندر کی نیاز دی جائے گی۔ تو صحت حاصل ہو جائے گی۔

۴۰ ۷۰۶ ۱۱۰ ۹۴۰ ۹۲ ۳۱۳ ۶۶

م ح م د و ا رش ع ل ی

درد عرق النساء کے لئے

ی	س
م	ع

یہ نقش لکھ کر جائے ماؤف پر مل کر آگ میں جلایا کرے۔

دانتوں کی تکلیف میں

م	ت	ی	ن
۱۱	۴۹	۴۱	۴۲
۴	۸	۴۵	۴۳
۴۷	۴۴	۴	۵

بچہ مر مر کر بچتا ہے۔ دانتوں کی تکلیف میں ہرن کی کھال پر یہ نقش لکھ کر بازو پر باندھے۔ آسانی سے دانت نکل آئیں گے۔ کوئی تکلیف نہ ہوگی۔

دو آدمیوں میں جدائی ڈلوانے کیلئے

۳۷۰ ۳۷۰

۳۷۰ ۳۷۰

یہ نقش منگل کے دن قبل از طلوع آفتاب ایک دشمن کے گھر کے پانی میں ڈال دے۔ تاکہ وہ پی لے۔ اور پیتے ہی دونوں میں تفریق ہو جائیگی۔

ہر مرض کی صحتیابی کیلئے جب مایوسی ہو جائے

تو آب زمزم میں شہد ملا کر ذرا سی خاک شفا ملا کر روزانہ پلا دیا کرے۔ انشاء اللہ

جلد سے جلد صحت یابی پائے گا۔

آشوب چشم کے لئے

اللہ نور السموات والارض سے بغیر حساب تک پارہ ۱۸ ع ۱۱ تین مرتبہ پڑھ کر انگلی پر دم کر کر آنکھوں پہ انگلی پھیر لیا کرے۔

کوئی موذی جانور ایذا نہ پہنچا سکے

یہی آیت جو اوپر ذکر کی جا چکی ہے۔ اگر لکھ کر تین مرتبہ بازو پر باندھ لے گا۔ تو کوئی موذی جانور ایذا نہ پہنچا سکے گا۔ بفضلہ تعالےٰ۔

برائے زیادتی و کشادگی ذہن کند

پارہ ۴ من خلق السموات کا نواں رکوع پورا زعفران سے لکھ کر تو جیندی جمعرات کو آب رواں سے دھو کر پی لیا جائے۔ تو ذہن وسیع ہو جائے گا۔ حافظہ صحیح ہو جائے گا۔

دفینہ معلوم کرنے کا دوسرا عمل

ایک کاغذ پر لکھ کر نابالغ لڑکی کے ہاتھ کا کتا ہوا سوت لپیٹ کر مرغ کے پاؤں میں باندھ دے۔ اور وہ دفینہ کی جگہ جا کھڑا ہو گا۔ اور پنجوں سے زمین کریدے گا۔ مگر مرغ کلغی والا ہو۔ زوال آفتاب کا وقت ہو۔ اور اتوار کا دن ہو۔ جب یہ عمل کرے۔ سورہ بنی اسرائیل کا پندرھواں پورا رکوع لکھ کر باندھے۔

دایہ کا دودھ زیادہ ہونے کیلئے

آیہ ان الذین یتلون سے تبور تک (ومن یقنت ۱۶) زعفران سے لکھ کر سنگھاڑہ کی مینگ اس پانی میں گوندھ لے۔ اور چینی ملا کر حلوہ بنا کر دایہ کو کھلائے۔ دودھ کی قابل

رشک زیادتی ہوگی۔

لڑائی کے وقت فتح حاصل ہونے کی دُعا

سورہ فتح پوری لکھوا کر اپنے پاس رکھے۔ اور خوشبو لگائے۔ انشاء اللہ شکست کا منہ نہ دیکھے گا۔ اور ہر معرکہ میں کامیابی اور نصرت حاصل ہوگی۔

خطرناک رستے سے باامن نکل جانے کیلئے

سورۂ طور جو قال فما خطبکم کے سی پارے میں ہے۔ پوری لکھ کر پاس رکھے۔ کوئی ڈاکو یا راہزن گزند نہ پہنچا سکے گا۔

بچہ کا دودھ چھڑانا ہو

تو سورۂ بروج جو پارہ عم میں ہے۔ لکھ کر بچے کے گلے میں باندھ دو۔ اس سورہ کی برکت سے بچہ دودھ چھوڑ دے گا۔

پتھری کو ریزہ ریزہ کر کر نکالنے کیلئے

سورہ الم نشرح لک صدرک اکسیر کی خاصیت رکھتی ہے روزانہ پانی پر دم کر کے پیئے۔

سورہ یٰسین شریف کا عجیب و غریب ورد

اس سورہ میں چار جگہ لفظ رحمن آیا ہے۔ سورۃ پڑھے۔ اور ہر رحمن پر انگلی داہنے ہاتھ کی بند کرتا جائے۔ اور جہاں لفظ اللہ آئے۔ وہاں بائیں ہاتھ کی انگلی بند کرتا جائے۔ ختم یسین پر داہنے ہاتھ کی چار اور بائیں کی تین انگلیاں بند ہوں گی۔ پھر سورہ تبارک الذی بیدہ الملک پوری پڑھے۔ اور لفظ رحمن پر داہنے ہاتھ کی اور اللہ کے نام پر بائیں ہاتھ کی انگلی کھولتا جائے۔ پھر پڑھ کر دعا مانگے۔ دارمی رحمت اللہ علیہ کی حدیث ہے۔ کہ اس شخص کے دل کی مرادیں اللہ تعالےٰ اپنی رحمت سے پوری کرے گا۔ افلاس و تنگ دستی کا نام نہیں رہے گا۔ اور باطنی انوار طاری ہونگے

خاموشی کا اک عجیب و غریب عمل

جو شخص اپنا معمول یہ بنا لے گا۔ کہ عصر سے مغرب تک خاموش رہیگا۔ اور کچھ عرصہ گزر جائے گا۔ تو عجیب و غریب مشاہدات ظہور میں آئیں گے۔ جو خواب میں بھی نظر نہ آئے ہوں گے۔

وسعت عیش اور برکت کیلئے عمل

جب کبھی کوئی نیا کپڑا پہنے۔ سورہ انا انزلنا اور قل یا اخلاص پڑھ کر گیارہ گیارہ دفعہ پانی پر دم کر کے پانی کپڑے پر چھڑک دے۔ جب تک وہ کپڑا پہنے گا عیش سے رہے گا۔

آسیب زدہ کیلئے مجرب عمل

حضرت فقیہہ کبیر احمد بن موسیٰ رحمت اللہ علیہ آسیب زدہ پر یہ آیت پڑھ کر دم کرتے تھے۔ وہ فرماتے ہیں۔ کہ اس کے پڑھنے سے آسیب دفع ہو جاتا ہے۔ تجربہ کر لو۔

قُلِ اللّٰہُ اٰذِنَ لَکُمْ اَمْ عَلَی اللّٰہِ تَفْتَرُوْنَ ۝

عمل ختم القرآن قاضی الحاجات

وقت مشکل اور مصیبت کے اس طرح ختم قرآن پاک کرے۔

جمعہ کو شروع سے آخر سورۂ مائدہ تک
ہفتہ کو سورۂ انعام سے سورۂ توبہ تک
اتوار کو سورۂ یونس سے سورہ طٰہٰ تک
پیر کو سورۂ انبیاء سے سورہ قصص تک
منگل کو سورۂ عنکبوت سے سورۂ صٓ تک
بدھ کو سورۂ زمر سے سورہ رحمٰن تک
جمعرات کو سورہ واقعہ سے آخر قرآن تک

بعد ختم شریف درود پڑھ کر سجدے میں جائے۔ اور دعا مانگے۔ قرآن پاک کے صدقے میں پوری ہوگی۔ شیرینی عمدہ تقسیم کرے۔

لڑکا پیدا ہونے کیلئے

اجوائن اور کالی مرچوں پہ پیر کی دوپہر کو چالیس دفعہ والشمس پڑھے۔ ہر دفعہ اول و آخر درود بھی پڑھتا جائے حمل کے دن سے دودھ چھڑانے تک عورت یہ کھاتی رہے۔ بچہ ہوگا۔ اور انشاء اللہ عمر طبعی کو پہنچے گا۔ مگر نیاز توشہ کی ضرور دلائے۔ جو کسی دوسری جگہ درج ہے۔

بھاگے ہوئے شخص کے لئے

ایک کاغذ پر درود اور آیت الکرسی پھر قالوا انا للہ وانا الیہ راجعون لکھ لکھ کر ۷ کا عدد لکھ دے۔ اور اندھیرے میں دو پتھروں کے بیچ میں دبا دے۔ اور حضرت امام الاولیاء قدس سرہ عبدالعزیز کی نیاز دلائے۔ انشاء اللہ چند روز ہی میں گریختہ واپس ہوگا۔

روزہ دار کو

اگر روزہ بہت لگتا ہو۔ پیاس بھوک ستاتی ہو۔ کمزور ہو جاتا ہو۔ تو وہ پہلے ذرا سی مٹی کو تر کرے۔ اور درود پڑھ کر یا مقیتُ ۷ دفعہ پڑھے۔ پھر درود پڑھے اور سونگھے۔ سونگھنے سے انشاء اللہ تقویت حاصل ہوگی۔ اور روزہ کی کمزوری کا احساس نہیں ہوگا۔

نافرمان بیوی یا اولاد کو فرماں بردار بنانے کیلئے

یا شہیدُ ... امرتبہ پڑھ کر اول و آخر درود شریف پڑھ کر سر کے بال پکڑ کر دم کر دے۔ خدا نے چاہا۔ تو فرماں بردار ہو جائیں گے۔ تجربہ شرط ہے۔

دار الجلال

حضرت ابن عباسؓ راوی ہیں۔ کہ جو کوئی لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھے گا۔ اور لا کو کھینچے گا۔ وہ دار الجلال میں جگہ پائیگا۔ اور چار ہزار سال کے گناہ بخشے جائیں گے۔ دار الجلال

بہشت میں وہ گھر ہے۔ جسے خدا نے اپنے نام سے منسوب کیا ہے۔ لاالہ الااللہ کے حرفوں کا لب سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ اس لئے اسے دل سے پڑھنا چاہیئے۔

جاڑا انجار کے لئے

چار سبز پتوں پر لکھو۔ اور دھو کر پلاؤ۔ آرام ہو گا فوراً۔ حضرت علی کرم اللہ وجہٗ کا ارشاد ہے۔

پہلے پتہ پر لکھو۔ لاالہ الااللہ فاستنارت دوسرا پتہ لاالہ الاالااللہ وارث فاستدارت

تیسرا پتہ لاالہ الااللہ حول العرش وارت چوتھا پتہ لاالہ الااللہ فی علم اللہِ غارت

ہر روز ایک پتا پلاؤ۔

بادل گرجنے اور بجلی کی زد سے بچنے کا عمل

جب بجلی چمکے۔ اور خوف معلوم ہو۔ تو حضرت ابن عباس راوی ہیں۔ کہ یہ پڑھا کرو۔

سبحان من سبح الرعد بحمدہٖ والملائکۃ من خیفتہٖ وھو علےٰ کل شیئٍ قدیرٌ

کہتے ہیں۔ کہ یہ آیت پڑھنے والے پر بجلی گرے۔ تو اس کی (دیت) میرے ذمہ ہے۔

مرگی اور جنوں کا علاج

ایک دفعہ علی بن موسےٰ رضا رضی اللہ تعالےٰ عنہٗ نیشا پور گئے۔ وہاں کے علمانے احتراماً آپ کو گھیر لیا۔ اور نہایت الحاح سے عرض کی۔ کہ آپ کوئی حدیث سنائیے۔ جو آپ نے اپنے والد سے سنی ہو۔ آپ نے فرمایا سنو میرے والد موسیٰ نے مجھے سنائی۔ انہیں ان کے والد جعفر نے۔ انہیں ان کے والد باقر نے۔ انہیں ان کے والد زین العابدین نے۔ انہیں ان کے والد حسین نے حدیث کی۔ حسین کہتے ہیں۔ مجھے میرے والدِ بزرگوار حضرت علی ابن طالب کرم اللہ وجہٗ نے بایں مضمون حدیث روایت کی۔ کہ جناب خاتم الانبیاء حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔ کہ ایمان کیا ہے؟ خدا تعالےٰ کی معرفت دلی زبانی اقرار عمل بالارکان۔

امام احمد فرماتے ہیں۔ کہ اگر یہ اسناد بجنسہٖ مجنوں پر پڑھ دیئے جائیں۔ تو جنوں جاتا رہے۔

خدا تعالیٰ اپنے عزت و جلال کی قسم کھا کر فرماتا ہے

کہ جس مریض پر بسم اللہ شریف پڑھ دی جائے گی۔ اُسے ضرور شفا حاصل ہو گی۔ اور جس دعا کے اول میں یہ پڑھی جائے گی۔ وہ ہرگز رد نہیں کیا جائے گا۔

داڑھ کے درد کی جھاڑ

نمک سر کے میں ملا کر درود پاک مع بسم اللہ کے پڑھ کر داڑھ کے نیچے رکھ دو۔ درد کو فوراً شفا ہو گی۔ بسم اللہ شریف کے ورد سے لوگ مرعوب ہوتے ہیں۔ یہ خطوں پر لکھنے سے خدائی عنوان کی مہر لگ جاتی ہے۔ فرعون نے جب محل بنایا تھا۔ تو حضرت جبریل نے اس پر بسم اللہ شریف لکھ دی تھی۔ جبھی تو قرآن پاک میں اسے مقام کریم فرمایا ہے۔ حضرت نوح نے کشتی طوفان میں پڑتے وقت پڑھی تھی۔ اور قرآن پاک کی کنجی ہے۔

آیت الکرسی کے خواص

حضور فرماتے ہیں۔ جو شخص سوتے وقت آیت الکرسی پڑھ لے گا۔ خدائے تعالیٰ اس کے لئے صبح تک رحمت کے دروازے کھلے رکھتا ہے۔ اور وہ مرنے کے بعد شہید اٹھیگا۔ بلکہ پڑوسیوں کو بھی اس سے نفع پہنچتا ہے۔ فقر و فاقہ ہی صرف دور نہیں کرتی۔ بلکہ ہزاروں دنیاوی مصیبتیں دور ہوتی ہیں

قیامت کے دن خطرات سے بچنے کیلئے استغفار

حدیث میں آیا ہے۔ کہ موسیٰ علیہ السلام پر وحی آئی۔ کہ کیا تم قیامت کی تباہیوں سے محفوظ اور امن میں رہنا چاہتے ہو۔ عرض کیا۔ کہ اے رب ہاں میں تیری پناہ چاہتا ہوں۔ ارشاد ہوا۔ کہ استغفار پڑھا کرو۔ یہ مجھے بہت ہی پیاری ہے۔ کم سے کم استغفار یہ بھی ہے۔ استغفر اللہ العلی العظیم۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم روزانہ ستر مرتبہ استغفار پڑھا کرتے تھے۔

درد کے لئے

حضرت بنانی کا قول ہے۔ کہ جب کہیں درد کی تکلیف محسوس ہو۔ تو ہاتھ درد کی جگہ رکھ کر یہ پڑھو۔ سات مرتبہ۔ بسم اللہ اعوذ بعزۃ اللہ وقدرتہ من شر ما اجد من وجعی ھذا

اسماء حسنیٰ

بعد نماز صبح خدائے تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ کا ورد کرنا ثواب عظیم رکھتا ہے۔ اور ننانوے سانپوں کے عذاب سے جو بڑا مہلک عذاب ہے۔ امن میں رہتا ہے۔

برائے نظر بد

ہُدہُد کے پنجہ کی ہڈی ۳ مرتبہ واللہ المستعان علی الصفون پڑھ کر بچے کی گردن میں ڈال دو۔ ہمیشہ نظر بد سے محفوظ رہیگا۔

کافر جنوں کیلئے

لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم آگ کے کوڑے کام کرتی ہے۔ تجربہ کر لو۔

بانجھ عورت کو حاملہ کرنے کیلئے

ہاتھی دانت کے برادے پر یاخلاق ۱۳۱، مرتبہ پڑھ کر برادہ کو جوش دے کر چھان کر سات دن بانجھ کو پلایا جائے۔ تو انشاء اللہ حاملہ ہوجائے گی۔

سانپ بچھو کا تریاق

جو شخص صبح اٹھتے ہی اور رات کو سوتے وقت کلمہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھ لیتا ہے۔ اسے سانپ بچھو کبھی تکلیف نہیں پہنچا سکتے۔

جذام دور کرنے کا عمل

مریض جذامی مرغی کو بارہ دن تک کیڑ کا دانہ کھلاتے۔ اور ہر دانہ پر لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ۱۹۔۱۹ دفعہ پڑھ کر کھلاتے۔ پھر مرغی کو ذبح کرے۔ اور اس کی چربی آگ پر پگھلائے اور اس کی مالش کرے۔ پھر تماشۂ قدرت دیکھے۔

محمد رسول اللہ احمد رسول اللہ

۳۵ مرتبہ روزانہ پڑھنے والے کو پابندئ مذہب کی توفیق منجانب الٰہی عطا ہو گی۔ اور چند روز میں اوباش آدمی بھی مذہبی ہو جائے گا۔

افضل دُعا

حدیث میں آیا ہے۔ کہ سب دعاؤں میں قرآنی دعاؤں کے بعد یہ دُعا بہتر ہے۔ اللّٰھم انا نسئلک المعافاۃ فی الدنیا والآخرہ۔ اس کا ورد خدا تعالےٰ کی خوشنودی کا باعث بنتا ہے۔

غیب سے روزی حاصل کرنے کیلئے

آیتہ ومن یتق اللہ یجعل لہٗ مخرجاً و یرزقہ من حیث لا یحتسب و من یتوکل علے اللہ فھو حسبہٗ ان اللہ بالغ امرہٖ قد جعل اللہ لکل شیئ قدراط

غیب سے روزی حاصل کرنے کے لئے خدا پر توکل اور بھروسہ کرنے کی ضرورت ہے۔ جو شخص ایسا کرنا چاہے۔ وہ نہایت دلجمعی سے یہ آیت ۳۱۳ بار روزانہ پڑھتا رہے۔ اول و آخر درود پڑھ لیا کرے۔ آزمائش حق ظاہر ہو گی۔ مگر مستقل مزاج رہے۔ اس کے بعد رحمت حق و فتوحات کے دروازے بے شمار کھل جائیں گے۔ مگر امر و نہی شرع کی پابندی ضرور ہو۔

آتش زدہ کے لئے

کیکر کا گوند کوٹ کر انڈہ کی سفیدی میں ملالو۔ اور اس پر تبت یدا ابی لہب وتب پوری سورہ ، مرتبہ پڑھو۔ پھر مرہم جلی ہوئی جگہ لگاؤ۔ دیکھو۔ کتنی جلدی صحت ہوتی ہے۔

دیدار نورِ الٰہی کیلئے عجیب و غریب عمل

حضرت ابن عباس سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔ جو شخص جمعہ کے دن ظہر و عصر کے درمیان دو رکعت اس طرح پڑھے گا۔ کہ پہلی رکعت میں بعد فاتحہ ایک دفعہ آیت الکرسی اور قل اعوذ برب الفلق و قل اعوذ برب الناس پچاس پچاس دفعہ اور دوسری میں فاتحہ کے بعد تینوں قل پچیس پچیس دفعہ پڑھ لے گا۔ وہ جب تک دیدار الٰہی سے مشرف نہ ہولیگا۔ اور جنت میں اپنی جگہ نہ دیکھ لے گا۔ دنیا سے نہیں اٹھیگا۔

ماہ رجب کی پہلی شب کی دعا

حضرت غوث پاک فرماتے ہیں۔ کہ رجب کی پہلی شب کو یوں کہنا چاہئے۔ کہ الٰہی اس مبارک رات میں پیش ہونے والے پیش ہونے ہیں۔ اور طالب تیرے فضل کی امید رکھتے ہیں۔ تو اپنی بخشش کرنی چاہتا ہے۔ کرتا ہے۔ میں عاجز ہوں۔ مگر تیرے فضل واحسان سے توقع رکھتا ہوں۔ مجھ پر فضل واحسان فرما۔ اور اپنی رحمت سے نواز جس کی دعا قبول ہوتی ہے۔ اس پر رحمت خاص ہوتی ہے۔ اور اسی مہینہ کے پہلے جمعہ کو جو رات آتی ہے۔ اُسے لیلۃ الرغاب کہتے ہیں۔ اس رات کو پچھلے پہر کون و مکان کے تمام فرشتے کعبہ میں جمع ہو جاتے ہیں۔ اور خدائے تعالےٰ ان سے پوچھتا ہے کہ تمہاری کیا تمنا ہے۔ عرض کرتے ہیں۔ کہ الٰہی رجب کے روزہ دار کو بخش دے۔ حق تعالےٰ فرماتا ہے۔ بخش دیا۔ پس رجب کی پہلی کو ضرور روزہ رکھنا چاہئے۔

شب قدر

بڑی فضیلت والی رات ہے۔ قرآن پاک دنیا میں اسی رات کو نازل کیا گیا تھا قرآن

میں بھی اس رات کی فضیلت درج ہے۔ اس رات میں ایک نیکی تین ہزار نیکیوں کا درجہ پاتی ہے۔ یہ جس کے مقدر میں ہوتی ہے۔ وہی اس سے مطلع ہوتا ہے۔ اور اس کا چھپانا اور ذکر نہ کرنا بھی لوگوں سے مستحب ہے۔ اس کے تعین میں اگرچہ اختلاف ہے۔ مگر قرآن پاک میں تین مرتبہ لیلۃ القدر کا لفظ آیا ہے۔ اور یہ کل نو حرف ہوتے ہیں۔ اس لئے تین پر ضرب دینے سے ستائیس بنتے ہیں۔ محدثین اتفاق کرتے ہیں۔ کہ وہ رات ستائیسویں رات ہی ہے

اس رات کو شب بیداری اور نوافل و اذکار میں ہی بسر کرنا چاہئے۔ جس کی قسمت میں یہ نعمت ہوگی۔ نواز لیا جائے گا۔ اور جو امیدوار ہی نہ بنے گا۔ وہ تو بدنصیب محروم ہی رہیگا۔ اس کا کیا ذکر ہے۔

حفاظت حمل کے لئے

خرگوش کی کھال پر ۷۸۶ لکھ پیٹ پر باندھ لینے سے اسقاط حمل نہیں ہوتا مجرب ہے۔

بچہ رات کو چونکتا ہو

فرعون	۲۰	بزود
۲۰	بلم باعور	۲۰
ہامان	۲۰	شداد

توفاختہ کی بیٹ اس نقش میں لپیٹ کر بچے کے گلے میں باندھ دو۔ کبھی نہیں چونکے گا۔

بخار کا عجیب و غریب علاج

جب کسی کو بخار آتا ہو۔ اور کسی دوا سے نہ جاتا ہو۔ وہ مریض پانی لوگوں کو پلائے۔ سبیل لگا کر۔ توفیق ہو۔ تو شربت پلائے۔ سردی کا موسم ہو تو چائے پلائے۔ اپنے ہاتھ سے بھر بھر کر دے۔ انشاء اللہ بخار کافور ہو جائے گا۔

چاقو پاس رکھنے کے فوائد

دل مضبوط ہو جاتا ہے۔ سنت ادا ہوتی ہے۔ امام شافعی فرماتے ہیں۔ کہ چاقو کا رکھنا

اس سے کہیں افضل ہے۔ کہ داموں کی تھیلی پاس رکھتے۔

تھکن اور درماندگی دور کرنے کا عمل

اگر کام کرتے کرتے کوئی تھک جائے۔ اور راحت وقوت حاصل کرنی مطلوب ہو۔ تو ہمیشہ سوتے وقت سبحان اللہ ۳۳ بار الحمد للہ ۳۳ بار اللہ اکبر ۳۴ بار پڑھ لیا جائے۔ یہ تسبیح فاطمہ کہلاتی ہے۔ بعد نماز عصر بھی یہی پڑھی جاتی ہے حقیقت تو یہ ہے۔ حضور آقائے دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت سیدہ خاتونِ جنت رضی اللہ تعالٰی عنہا ہی کچھ اس ورد کی عظمت سے واقف ہیں۔

نیا کپڑا پہنتے وقت کی دُعا

الحمد للہ الذی کسانی ھذا الثوب غیرِ حولٍ منی ولا قوۃ جو شخص نیا کپڑا پہنتے وقت یہ دُعا پڑھتا ہے۔ اگلے پچھلے سب گناہ صغیرہ معاف ہو جاتے ہیں۔

انگوٹھی پر کندہ کرانے کی عبارت

حضرت خواجہ حسن بصری رحمت اللہ علیہ اپنی انگوٹھی پر کندہ کرانے کے لئے کسی عبارت کی فکر میں تھے۔ کہ خواب میں حضرت عیسٰے نے فرمایا۔ لا الٰہ الا اللہ الملک الحق المبین کندہ کرا لیجئے حضرت امام مالک کی انگوٹھی پر حسبی اللہ ونعم الوکیل اور حضرت موسٰی کی انگوٹھی پر لکل اجلٍ کتاب کندہ تھا حضرت معاذ رضی اللہ تعالٰے عنہٗ کہتے ہیں۔ کہ انگوٹھی پہن کر دو رکعت پڑھنی بغیر انگوٹھے پڑھنے ستر رکعتوں سے افضل ہیں۔

جگا دینا چاہئے

جو شخص مسجد یا مسجد کی محراب میں سوتا ہو۔ یا عشاء سے پہلے سو گیا ہو۔ یا عصر کے وقت سویا ہو۔ یا اکیلے گھر میں سوتا ہو۔ یا اوندھا سوتا ہو۔ یا آدھا دھوپ آدھا سایہ میں سوتا ہو۔ یا

بغیر منڈیر کی چھت پر دیوار کے قریب سوتا ہو۔ یا رمضان میں سحری کے وقت سو رہا ہو۔ ایسے لوگوں کو جگا دینا مستحب ہے۔

کوئی شخص زندگی سے تنگ ہو

اور مرنے کی دعا مانگتا ہو۔ تو حضرت انس راوی حدیث ہیں۔ کہ موت کی تمنا کرنی ممنوع ہے۔ اگر بالکل ہی دائرہ حیات تنگ ہوگیا ہو۔ تو یہ دعا مانگے۔

اللّٰھم احینی ما کانت الحیاۃ خیرًا لی وتوفنی اذا کانت الوفاۃ خیرًا لی

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا وہ فقرہ جو دنیا سے تشریف لیجاتے وقت آپکی زبان پر تھا

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ راوی ہیں۔ کہ حضور اس وقت میرے حجرے میں تھے۔ اور یہ فرماتے تھے۔ اللّٰھم اغفرلی وارحمنی والحقنی بالرفیق الاعلےٰ رفیق اعلیٰ سے مراد انبیا وصدیقین وشہدائے کرام ہیں۔ اور صالحین ہیں۔ اللہ تعالےٰ ہر مسلمان کے منہ سے مرتے وقت یہی سنت ادا کرائے اور یہی کلمات جاری فرمائے۔ آمین یارب العالمین۔

رستہ بھول جانے پر

مسفر اذان کہے۔ اللہ تعالےٰ کے فضل سے کوئی رستہ بتانے والا آجائے گا۔

برائے صلح باہم دو فریق متحارب

حلوے پر انگشت شہادت سے یہ لکھے۔ ونزعنا ما فی صدورھم من غل۔ شرجی کہتے ہیں۔ کہ یہ حلوا کھانے سے باہم صلح ہو جائے گی۔ زن وشوہر میں بھی اس سے صلح ہو جاتی ہے۔

جھوٹے اور کاذب کا جھوٹ چھڑانے کیلئے

ایک سیپی میں قبل طلوع آفتاب لا یؤاخذکم اللہ باللغو فی ایمانکم ولکن یؤاخذکم بما

کسبت قلوبکم واللہ غفور الرحیم لکھ کر شہد آتش نارسیدہ سے دھو کر تین دن پلاوے۔ باذن اللہ جھوٹ بولنا چھوٹ جائے گا۔

جن آسیب بھگانے کا عجیب چٹکلہ

شیخ الاسلام ابن تیمیہ جب کسی ایسے شخص کو دیکھتے۔ فرمادیتے۔ کہ اسے چھوڑ کر چلا جا۔ ورنہ تجھ پر حکم شرع جاری کر دیا جائے گا۔ مریض اسی وقت ٹھیک ہو جاتا۔ اور فوراً افاقہ ہو جاتا۔ اگر یہ اثر نہ کرے۔ تو یہ عمل پڑھنے والے کا قصور ہے۔ عمل کا قصور نہیں۔

جس بچے کے چیچک نکل آئے

حضرت شاہ عبدالعزیز فرماتے ہیں۔ کہ اُسے سورۃ بقر کا ناشتہ کھلایا جائے۔ یعنی پڑھ کر دم کی جائے۔ انشاء اللہ پھر کبھی چیچک نہیں نکلے گی۔ اور شفا حاصل ہو جائے گی۔ لیکن پڑھنے اور دم کرنے کے بعد کھیر ڈھائی سیر دودھ کی پکوا کر آدمیوں کو کھلائی جائے۔ اور بچے کے سامنے بٹھا کر کھلائی جائے۔ یہ عمل نہایت مجرب المجرب ہے۔

برائے شفا ہر مرض

کسی بیمار کے لئے چند آدمی اکٹھے ہو کر یا سلام سوا لاکھ بار پڑھوائی جائے۔ اور شیرینی عمدہ تقسیم کی جائے۔ حضرت قاضی ثناء اللہ صاحب پانی پتی کا فرمودہ مجرب ہے۔

آیت کریمہ کی اک دوسری ترکیب

ایسا کوئی عمل نہیں جس کی تائید قرآن پاک سے ملتی ہو۔ سوائے آیت کریمہ کے شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمت اللہ علیہ آیت کریمہ کو دافع اندوہ و غم فرماتے ہیں۔ اکیلے آدمی کیلئے پڑھنے کی بہترین ترکیب یہ ہے۔ کہ روزانہ تین سو دفعہ پڑھ لیا کرے۔ اور سوا لاکھ کی تعداد پوری کر لے۔ بعد عشاء کے با طہارت تنہائی میں پڑھا کرے۔ یہی وہ آیت کریمہ ہے

جس نے دریا کے اندھیرے رات کے اندھیرے مچھلی کے پیٹ کے اندھیرے کئی کئی اندھیروں سے نکلوایا تھا۔ ترمذی۔ نسائی و بیہقی نے بھی اس کی فضیلتیں بہت لکھی ہیں۔ روزانہ کچھ معمول بنا لینے سے قاضی الحاجات ہے۔ ہماری رائے میں محنتی عاملوں کو بھی اس کا معمول بنا لینا ضروری ہے۔

عمل دافع البلیات

بعد عشا با وضو بیٹھ کر اللہ کی ضرب دل پہ لگائیے۔ اور لا الٰہ الا اللہ ھُو کی ضرب نفی اثبات کے یعنی اوپر کو گردن اٹھا کر دل پر ضرب لگائیے۔ یا حی کی ضرب داہنی طرف یا قیوم کی بائیں طرف لگائیے۔ اور درود شریف آخر میں پڑھے۔ سو سو مرتبہ ضربیں لگا کر دل ہی دعائے جمیعت خاطر مانگے۔ تمام بلائیں رد ہو جائیں گی۔

عمل قضائے حاجت مجرّب

شیخ یافعی فرماتے ہیں۔ کہ یہ عمل عظیم البرکات ہے۔ بعد نماز عشا طہارت کاملہ کے ساتھ ایک ہی چلے میں اللہ کا نام لطیف سولہ ہزار چھ سو اکتالیس بار پڑھے۔ شمار میں ایک کا بھی فرق نہ ہو۔ ورنہ عمل کامیاب نہ ہوگا۔ آسان ترکیب یہ ہے۔ کہ ایک سو ایک دانوں کی تسبیح بنا لے۔ اور ایک سو انتیس دفعہ پڑھے۔ حساب پورا ہو جائے گا۔ اور ۱۲۹ بار کہے۔ بعد میں کہ لا تدرکہ الابصار کہ ھُو اللطیف الخبیر۔ پھر جا ہے۔ ظالم کے لئے بد دعا مانگے۔ یا اپنے لئے خیر۔ دونوں مقصد پورے ہوتے ہیں۔

حاضرات کی اک اور ترکیب

آسیب زدہ یا مریض کو یہ معلوم کرنے کے لئے کہ کیا مرض ہے۔ یا کوئی جن اور آسیب کا خطرہ ہو۔ تو حاضرات کراؤ۔ پہلے اک کمرہ کو پاک صاف کرا کر لپواؤ۔ اس میں گھی کے ۱۱ چراغ آٹے کے جلواؤ۔ اور ان کے چاروں طرف سیندور بکھیر دو۔ پھولوں کے ہار منگوا کر بکھیر دو۔ مٹھائی عمدہ قسم کی نیاز دے کر وہیں رکھو۔ اور اک جائے نماز سوتی بچھا کر ایک چھری بھی نئی یا چاقو پاس رکھ دو۔

پھر مریض کو نہلا دھلا کر جائے نماز کے سامنے بٹھا دو۔ چاروں طرف چراغ جل رہے ہوں۔ عامل بیٹھ کر بسم اللہ کے بعد آیت الکرسی سورۃ جن اور سورۃ مزمل پڑھے۔ اس کے بعد چاقو یا چھری پر دم کر کر کھڑا ہو کر مریض سے پوچھے۔ کہ بتا تو کون ہے۔ اور کیوں اس مریض کو ستا رہا ہے۔ کہ اگر کچھ نہ بولے۔ تو ذرا سا چاقو کہیں انگلی وغیرہ میں چبھو دے جس سے خون نکل آئے۔ خون کا دھبہ اسی کے ماتھے پر لگا دے۔ اور کہے میں حضرت سلیمان کو شاہد بنا کر تجھے حکم دیتا ہوں۔ کہ تو چلا جا۔ اور کوئلہ دھکا کر ایک کوڑی یا بکری کی خشک مینگن جلا کر سرخ کرلے۔ اگر وہ نہ جائے۔ تو بائیں پاؤں کی ایڑی داغ دے۔ فوراً جن چلا جائے گا۔ اور ساتھ ہی یہ کہہ دے۔ کہ شیخ عبدالقادر جیلانی کے حکم سے میں یہ کہہ رہا ہوں۔

مگر عامل خود مضبوط دل کا ہو۔ ورنہ جان کا خطرہ ہے۔ وہ آیت الکرسی کے حصار کی وجہ سے تمہارا کچھ نہیں بگاڑ سکے گا۔ مگر جب تمہارا ہی دل مضبوط نہ ہوگا۔ تو امر مجبوری ہے۔ جائے نماز خود لے آئے۔ وہاں نہ چھوڑے۔

کسی خطرہ کے وقت یا زیادتی غم کے وقت کہے

غوث الاعظم من بے سر و ساماں مدد دے — قبلۂ دیں مدد دے کعبۂ ایماں مدد دے

حیدریم قلندرم مستم — بندۂ مرتضےٰ علی ہستم

پیشوائے تمام رندانم — کہ سگ کوئے شیر یزدانم

ندارم ذوق رندی نے خیال پاک دامانی — مرا دیوانہ خود کن بہر رنگے کہ میدانی

فوراً خطرہ یا غم دور ہوگا۔ اور سکون کے آثار ظاہر ہوں گے۔

دست غیب کا اک بے نظیر عمل

(میاں راج شاہ صاحب سوہر شریف کے بابا کا عطیہ بے مثال)

چار روپیہ روزانہ

ثابت مہینہ کے پہلے بدھ سے شروع کرے۔ موقعہ کا منتظر رہے۔ تاریخ معینہ پر پاک و صاف جگہ

تنہائی میں ایک مصلیٰ بچھائے جس کے چاروں کونوں کے نیچے چار روپیہ رکھتے ہوں جس پر نام جبریل میکائیل۔ اسرافیل۔ عزرائیل کے لکھے ہوں۔ ایک روپیہ پر حضرت ابراہیم خلیل اللہ لکھا ہو۔ یہ سجدہ کی جگہ مصلے کے نیچے رکھے۔ اور ایک ہفتہ تک مصلیٰ بچھا ہی رہنے دے۔ نہ اٹھاتے۔ نہ اٹھا کر دیکھے۔ روزے سے رہے۔ پہلے ہی دن خواجگان قادریہ کی نیاز دلا کر شیرینی تقسیم کر کے چلہ گاہ میں جا بیٹھے۔ دونوں وقت عمدہ بریانی کھائے۔ حصار کے اندر بیٹھے۔ اور ہر نماز فرض کے بعد سات سو مرتبہ یہ آیت شریف پڑھے۔

واذ انجینکم من آل فرعون یسومونکم سوء العذاب یذبحون ابناءکم ویستحیون نساءکم وفی ذالکم بلاءٌ من ربکم عظیم۔ وقت بچنے پر استغفار اور درود پاک کا ورد رکھے۔ بعد ایک ہفتہ کے انشاء اللہ ملائکہ مقربین والے روپیہ حضرت خلیل کے روپوں سے آملیں گے۔ پس عمل کامیاب ہوا۔ شکر کرو۔ خلیل اللہ والے روپے کی احتیاط کرو۔ گم یا خرچ نہ ہو۔ اس عمل میں ہم آنے روزانہ خیرات کرنا ضروری ہے۔ باقی اپنے جائز خرچ میں لاؤ۔ انشاء اللہ تعالےٰ روزانہ ملتے رہیں گے۔ کسی سے ذکر کر دینے سے یہ عمل ضائع ہو جاتا ہے۔ چنانچہ مولف کتاب یہ زخم کھا چکا ہے۔ گوشت بکری کا استعمال کرو۔

پانی پت والے حضرت مولانا غوث علی شاہ صاحبؒ کا

دستِ غیب کا عمل

کسی مہینے کی نوچندی جمعرات کو بازار سے ایک سیر بکری کا گوشت ہڈیوں سمیت لاؤ۔ اور نئے قلعی شدہ برتن میں مصالحہ ڈال یخنی تیار کرو۔ مگر یہ واضح رہے۔ کہ نہ عورت کا ہاتھ لگے۔ کسی کام میں نہ اس کا سایہ پڑے۔ نہ کوئی پکے ہوئے گوشت میں ہاتھ ڈالے۔ نہ نمک چکھے۔ اور تم پاس ہی مصلے بچھائے وما خلقت الجن والانس لیعبدون ۵، ۱۵ مرتبہ پڑھو۔ یہ اسی آیت شریف کے اعداد ہیں۔ یخنی تیار اور ٹھنڈا ہونے پر با وضو ہی چھری یا ہاتھ سے گوشت ہڈیوں سے صاف کرو۔ ہڈیاں اک اندھیرے کمرے کے اک گوشہ میں کسی طشت میں رکھو۔ اور گوشت خود کھا لو بھون

کریا چاہیے جیسے۔ اٹھارہ دن یہ عمل کرو۔ انیسویں دن گوشت نہ پکاؤ۔ تو کوئی تم سے دریافت کرے گا۔ کہ آج آپ نے گوشت کیوں نہیں پکایا۔ بے خطر کہہ دو۔ کہ پیسے نہیں تھے جو گوشت لاتا۔ وہ پوچھے گا۔ کیا دام صرف ہوتے ہیں۔ اب تم گوشت کی لاگت کے علاوہ پانچ روپیہ اور زیادہ بتا دو۔ وہ جواب دے گا۔ اچھا اب تمہیں یہ دام طشت میں ہی رکھے ہوئے ملا کریں گے۔ خدا کا شکر کرو۔ مگر گوشت روزمرہ پکانا ضرور پڑے گا۔ یہ اک قسم کی ملازمت ہے۔ گویا حسب منشا تنخواہ کی۔

میاں ممتاز علی شاہ صاحب چشتی کا ایک عمل فتوح

الکریم الوہاب فی الطول ۱۳۲۲ مرتبہ روزانہ پڑھے۔ ہر طرف سے فتوحات کے دروازے کھل جاتے ہیں۔ پرہیز اور پابندی بھی کچھ نہیں۔ بڑا آسان عمل ہے۔ اور فوائد کثیر ہیں۔

افیون کے سٹے کا حساب

شائقین تجربہ کریں۔ اور آزمائیں۔ اگر قسمت سیدھی ہو گی۔ تو ضرور کامیابی ہو گی۔ مگر ہماری طرف سے ممانعت ہے۔ ہماری طرف سے کیا۔ خدا تعالےٰ بھی منع فرماتا ہے۔ مگر کوئی عمل کی کتاب کتاب ہی نہیں سمجھی جاتی۔ جب تک اسمیں ایسے عمل درج نہیں ہوتے۔ یہ عمل ہمارے تجربہ میں نہیں آیا۔ لوگ کہتے ہیں۔ اکثر صحیح ہوتا ہے۔ اس لئے درج کیا گیا۔

جو آج آئے۔ اس کی سطری میزان دے لو۔ مثلاً کل ۲۲ آیا تھا۔ تو دو اور دو چار ہوئے۔ یہ چار ۵۴ میں سے کم کئے۔ تو ۵۰ بچے۔ ۵۰ کو پھر چار پر ضرب دیا۔ تو ۲۰۰ ہوئے۔ ان کی پھر سطری میزان دی۔ تو گیارہ ہوئے۔ چوں کہ دو عدد ہیں۔ پھر جمع کیا۔ سطری تو دو ہوتے۔ اسے پانچ پر ضرب دیا۔ تو دس ہوئے۔ گویا آج ۱۰ کھلے گا۔ اسی طرح روز حساب کر لیا کیجئے۔ اگر ٹھیک ہو۔ تو لگا لیا کیجئے۔

ریس کے گھوڑوں کے لئے

کون سا گھوڑا جیتے گا۔ اس کے لئے آپ کو ہر ریس کے لئے یہ دقت کرنی پڑیگی۔ کون

کہ جتنے گھوڑے جس دوڑ میں دوڑ تے ہیں۔ ان کے نام باسم لکھ کر اک جوتے میں رکھئے۔ اور دو آدمی آمنے سامنے بیٹھ جائیں۔ جوتے میں ایک ٹوپی والی کیل گاڑلیں۔ اور دونوں آدمی اپنی انگشت شہادت سے اٹھالیں۔ ایک ایک نمبر ڈالتے جائیں۔ اور یہ شعر پڑھتے جائیں۔

راستی موجب رضائے خدا است　　کس نہ دیدم کہ گم شد از راہ راست

ایک مصرعہ ایک شخص پڑھے۔ دوسرا مصرعہ دوسرا آدمی۔ سات سات مرتبہ۔ ایک ایک نمبر کے لئے پڑھا جائے گا۔ جس نمبر پر جوتا گھوم جائے۔ وہی نمبر جیتے گا۔ مگر حضرت سعدی علیہ الرحمہ کی نیاز دلا کر ضرور بانٹ دیں۔ آخر میں ان دونوں عملوں کے متعلق ہمارا مشورہ یہی ہے۔ کہ مسلمان ان سے گریز کریں۔ تو بہتر ہے۔ خدا رسول کا بھی یہی حکم ہے۔ اور اگر عمل غلط ثابت ہو۔ تو ہم مورد الزام نہیں ہم نے اپنی معلومات کی بنا پر لکھ دیا ہے۔ قدرت کا فیصلہ ہمارے قابو میں نہیں ہے

لاٹری میں کامیابی حاصل کرنیکی ترکیب

آپ کے نام کے جتنے اعداد ہوتے ہیں۔ انہیں جمع کر لیجئے۔ اور پھر سطری میزان دے کر جمع کر لیجئے۔ ایک عدد بن جائیگا۔ جو ایک سے نوتے تک کسی عدد میں سے ہوگا۔ اب آپ یہ کیجئے۔ کہ جو عدد آپ کے نام کا ہو اسی عدد کا لاٹری نمبر خرید لیجئو۔ انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔ مثلاً آپ کے نام کے اعداد کی جمع ایک ہوتی ہے۔ اب آپ لاٹری کا نمبر ۰۰۱ خرید لیجئے۔ یا ۴۲ نمبر خرید لیجئے۔ کیوں کہ اس کی میزان بھی ایک ہی ہوتی ہے۔ یا ۶۴ نمبر خرید لیجئے۔ اس کی جمع بھی ایک ہی ہوتی ہے۔ علےٰ ہذا اسی طرح حساب لگا لیجئے۔ کامیابی ہوگی۔

اگر جنگل میں کہیں شیر مل جائے

اور پناہ کی جگہ میسر نہ ہو۔ تو حضرت دانیال علیہ السلام کا نام لے۔ اور کہے جب قنبر غلام کے لئے شیر مطیع ہو سکتا ہے۔ تو میں تو محمدی غلام ہوں۔ الٰہی مجھے بھی محفوظ رکھ۔ خدا نے چاہا۔ تو شیر کی نظر ہی نہیں پڑے گی۔ اور وہ بلا تعرض کئے گزر جائے گا۔ وہاں سے آکر فوراً حضرت مولا علی کی نیاز دلا دے۔

سورۂ فاتحہ میں ف نہیں

مگر فائدے بے انتہا ہیں۔ اور صوفیا اس کی بڑی تعریفیں لکھتے ہیں۔ بسم اللہ کی میم سے وصل کر کے پڑھنا تو ایک خاص بھیدوں میں ہے صحت اور فتوحات کے لئے شفائے عظیم اس میں مضمر ہے۔ پانی پر دم کر کے مریض کو پلاؤ۔ ام القرآن بھی اسی صورت کا نام ہے۔ سوائے موت کے ۲۲ آفتوں سے محفوظ رہتا ہے۔ اس کا پڑھنے والا نماز اس کے بغیر نہیں ہوتی عامل اس کی خوبیاں پڑھنے سے ہی مشاہدہ کرے گا۔

کھٹملوں کے لئے

اگر ایک مٹھی خاک لوس۔ دوس، الوس۔ اندروس دربار بالکیف وارقیم بالسب بالملک العظیم اُخرج بہا بحق ہذا الاسما پڑھ کر چارپائی پر چھڑک دے۔ تو کھٹملوں کا نام و نشان بھی نہ رہے گا۔

حضرت خواجہ خضر علیہ السلام

فرماتے ہیں۔ کہ نقطہ جس شے کا نام ہے۔ اس میں عجیب راز پنہاں ہے۔ تمام کائنات کو اول بدل کر رکھ سکتا ہے۔ نیچے اور اوپر کے تغیر سے خدا جدا ہو جاتا ہے۔ تمام عاملین و کاملین اس امر پر متفق ہیں۔ کہ جو کچھ قرآن پاک میں ہے۔ وہ سورۂ فاتحہ میں ہے۔ اور جو سورۂ فاتحہ میں ہے۔ وہ بسم اللہ میں ہے۔ اور جو کچھ بسم اللہ میں ہے۔ وہ صرف ب کے نقطہ میں ہے۔ گویا ساری کائنات ایک نقطے میں سمٹ آتی ہے۔ جس پر یہ راز کھلا۔ وہ بڑا خوش قسمت ہے۔ اور نقطہ کی تعریف کرتے کرتے عمریں ختم ہو جائیں۔ مگر نقطے کے اوصاف تحریر نہیں ہو سکتے۔

کون کون سے مہینے میں کس کس کام کا عمل کرنا چاہئے

عاملین کا یہ بھی قول ہے۔ کہ حسب ذیل مہینوں میں یہ کام کرنے چاہئیں۔

محرم جمادی الاول و رمضان شریف	برائے ہلاکت و تخریب اعداد	عمل آتشی

عمل خاکی	برائے محبت و عقد اللسان عقد النوم	صفر جمادی الثانی و شوال
عمل بادی	برائے تفریق و خلاصی محبوب	ربیع الاول رجب ذیقعد
عمل آبی	برائے شفا و خلاصی حاملہ	ربیع الثانی شعبان ذوالحجہ

مثلث قاضی الحاجات

۱۸	۲۱	۶
۳	۱۵	۲۷
۲۴	۹	۱۲

یہ نقش کسی پتے پر لکھو۔ اور لوٹے لکھو۔ بوقت طلوع آفتاب اور پشت پر اپنا مطلب لکھو۔ پاک جگہ دفن کر دو۔ اللہ مقصد بر لائے۔ انشاء اللہ اسی دن نصاب اس کا دو لاکھ چالیس ہزار نقش لکھنے کا ہے۔

یا باسط کا دو پایہ نقش برائے تصرف خود

اس نقش کے موکل بھی مسخر ہو جاتے ہیں۔ دریا کے کنارے ترک حیوانات جلالی و جمالی کے ساتھ حمام پوش ہو کر روزانہ غسل کرے۔ اور روزانہ افطار سبزی سے کرے۔ دال مونگ کی کھائے۔ بات چیت ضرورت پر لکھ کر کرے۔ عطر ملے۔ خوشبو سلگائے۔ نہ کسی کی شکل دیکھے۔ آم کی لکڑی کی راکھ پر انار کی لکڑی سے ہر روز دو دو ہزار چھ سو نقش روز لکھے۔ اور مٹائے۔ ۴۰ روز تک ایسا کرے۔ اور زبان سے یہ پڑھتا رہے۔ رجب یا جبرائیل یا اسرافیل یا ہمواکیل یا اسماعیل یا باسط بعد ختم بکری کا پلاؤ پکوائے۔ بارواح بزرگان ایصال ثواب کرے۔ پھر روزانہ ۷۲ نقش ۷۲ بار زبان سے مع موکلان کے پڑھے۔ تمام عمر پڑھے۔ تصرف میں رہیگا۔ اگر اتفاق سے کسی روز ناغہ ہو جائے۔ دوسرے روز دوگنا کرے۔ بہرحال جب نقش لکھے گا۔ اور بہتر مرتبہ یا باسط مع موکلان کے پڑھے گا۔ اسی ساعت میں مقصد پورا ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۸	۴۸	۶
۱۲	۲۴	۳۶
۴۲		۳۰

برائے فتوح سورۃ اذا جاء

۵۰ بار اذا جاء۔ ۴۱ بار قل پڑھے۔ ۸۹۰۴ بار تعویذ لکھے ۴۱ دن تک۔ تو یہ کرے عمل میں آجائے گا۔ فتوحات کے دروازے کھل جائینگے۔ ۴۱ نقش روز لکھے۔ اور صبح کے وقت اذا جاءٗ پڑھو۔ نقش یہ ہے۔

۴	۳۲۶	۲۳
۲۲۴	۱۶۳	۸۲
۲۰۴		۲۸۵

مسافر کو لوٹانے مال مسروقہ ملنے کا عمل اور مریض کو اچھا کرنے کیلئے

ماہ ثابت میں عزہ کو از غسل صوم و خلوت و ترک حیوانات خوشبو جلا کر وقت مقررہ پر ۹۷ نقش سلیٹ پر نقش لکھے۔ پھر چاروں نام پڑھے۔ اسی تعداد پر پھر یہ مثلث لکھ کر آبخورہ آب نارسیدہ پر مصلے کے سامنے دفن کرے۔ اور اس پر آگ جلائے۔ اس میں لوبان جلائے۔ ۹۷۰ بار یہ اسماء پڑھے۔ ۱۵ دن تک۔

ملک	۴۲۰	رزاق
۲۸۷		۶۹
فتاح	۲۱	وارث

مثلث خالی القلب مقطعات برائے ہر حاجت

یہ مثلث چہار کاغذوں پر لکھو بساعت سعد و عروج ماہ مگر زعفران و مشک سے لکھو۔ چاروں طرف دیوار سے چسپاں کر دو۔ اور ایک پیالے پر لکھ کر مصلے کے نیچے دفن کر دو۔ اس پر انگیٹھی رکھ کر شہتوت کی لکڑی سہ پایہ کھڑی کر دو۔ ایک پر چاندی کا ورق لٹکا دو۔ پھر بخور جلاؤ۔ دھواں سب سہ پایہ کو لگے۔ اور پڑھو۔ یا مقدم یا ھُوَ یا حق یا سمیعُ بحق کہیعص بحق حمعسق دو ہزار پچاس دفعہ اور شکل خانہ خالی میں مقصد لکھو۔ دس روز ایسا کرو۔ یا چالیس دن تک جو کچھ دل میں ہوگا۔ پورا ہوگا۔

۷۸۶

مقدم ہو ۱۹۰	۱۵۳	کہیعص ۱۹۵
۱۳۵		۱۳۵
حمعسق ۲۸۸		حق سمیع ۲۴۴

برائے ہلاکت دشمن

اعداد نام مخالف و بارہ اسمائے الٰہی جلالی مذل مانع ضار جبار۔ قہار۔ قابض۔ خافض۔ ہالک محول مہلک حازم الاخراب کے اعداد بر اسحقرآن مراد لکھے۔ اور ایک پرانی قبر میں رکھ کر بخور جلائے۔ دوسرا رہگذر میں دشمن کے دفن کرے تیسرا مرگھٹ میں دفن کرے۔ ایک ہفتہ میں ہلاک ہو جائے گا۔

۷
۲ ۶
۹ ۵ ۱
۴ ۸
۳

برائے محبت یا ودود کا نقش

ودود کے ساتھ نام طالب و مطلوب کے جیسا ہم لکھ آئے ہیں۔ نام نکالے۔ اور ساعت مشتری یا زہرہ میں عمل کرے۔ اور ناموں کی مقدار کے موافق یا ودود کا پڑھے۔ یا ودود دائیل بحق جہیوش یا ودود فلاں سخر لی اور بخور جلائے۔ اس عمل میں رجال الغیب بجانب پشت ہونے چاہئیں۔

نقش برائے زیارت حضور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت شاہ سراج الدین فرماتے ہیں۔ کہ بسم اللہ لکھ کر اور پڑھ کر، ۷ مرتبہ یا ذا انزتیل کے ساتھ پڑھو۔ اور لکھو۔ اور ساتھ ہی یہ نقش علیحدہ لکھو۔ اور زیر سر رکھو۔ پھر سر بقبلہ کر کے متوجہ بحضور سو جاؤ۔ مگر نماز عشا پڑھ کر غسل سے۔ نقش یہ ہے۔

۳۳۲	۳۳۵	۳۳۸	۳۲۵
۳۳۷	۳۲۶	۳۳۱	۳۳۶
۳۲۷	۳۴۰	۳۳۳	۳۳۰
۳۳۴	۳۲۹	۳۲۸	۳۳۹

نماز برائے تسخیر دشمن

حضرت شیخ غوث گوالیاری فرماتے ہیں۔ کہ دو رکعت نماز پڑھنے کے بعد فاتحہ اخلاص تین بار پڑھے۔ بعد سلام مصلے پر ہی ہزار دفعہ پڑھے۔ یا بدیع العجائب اعید برحمتک الی یوم الدین۔ اور دعائے تسخیر دشمن مانگے۔ پوری ہو گی۔

نقش حُب شرطیہ

رفتار نقش لکھنے کی یہ ہے۔

اعداد نام طالب والدہ نام مطلوب و والدہ جمع کر کے ۱۰۵۰ کا اضافہ کرو۔ اتوار کے دن بساعت ہشتم مربع بناؤ۔ اور لوبان جلاؤ۔ اور اس وقت موم کی بتی بھی جلاؤ۔ موم کی بتی میں نقش لپیٹ کر بازو پر باندھ لو۔ عورت اسے الٹے بازو پر باندھے مگر نقش زرد کاغذ پر لکھو۔ مربع نقش لکھنے اور بنانے کی ترکیب گذشتہ صفحات میں درج ہے۔

کسی کی ہیبت اگر دل پر طاری ہوتی ہو اس سے بچنے کیلئے

اپنے اور اس کے نام اعداد جمع کر لے۔ اور ۹۸۴ اور اضافہ کر لے پھر بوقت طلوع آفتاب طلوع ہوتے وقت ہرن کی کھال پر مربع پُر کرو۔ اور موم لپیٹ کر اس شخص کے گھر میں دفن کر دو۔ وہ مطیع ہو جائے گا۔ رفتار نقش یہ ہے۔

۷	۱۲	۹	۶
۱۴	۱	۴	۱۵
۲	۱۳	۱۶	۳
۱۱	۸	۵	۱۰

خواب بندی کا نقش

رفتار نقش

۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰
۱	۱۲	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳

بر سر اعداد نام معمول ۲۶۰۰ کا اضافہ کرو جمعہ کے دن بساعت عطارد لکھو۔ لکھتے وقت کہو بستم خواب فلاں بن فلاں بحق فلاں بن فلاں اور لکھنے کے بعد کسی سے بات نہ کرو۔ اور سر کے نیچے رکھ کر سو جاؤ۔

عمل شجرۃ الزر

نایاب زمانہ عمل ہے۔ قدر کرنے والے ہی جانتے ہیں۔ برائے حصول و دولت نعمت

اکسیر ہے۔ تعریف نہیں کی جاسکتی۔ تانبہ کے چار گوشوں کے چراغ پر یہ نقش کندہ کرالو۔ پھر چار مربع کاغذ پر لکھو۔ اور چار فتیلے بنا کر چراغ میں جلاؤ۔ مگر تیل میں شہد بھی ملالو۔ اور فتیلے جلاتے وقت پڑھو۔ احبب یا غقصدیل بحق یا غنی یا قیوم یا صمد یا دائم ایک ہزار ایک سو چورانوے بار پڑھو۔

فتیلوں میں یہ لکھو۔ یا کلکائیل۔ یا جیوشش یا علزاوائیل۔ اجیبو دعائی یا عزیز یا طیک۔ چالیس روز تک ایسے ہی کرو۔ فلیتے سب جلادو۔ اگر باقی رہیں۔ صبح کو روٹی میں پکوا کر کسی صالح کو کھلادو۔ ترکیب حلالی وجمالی لازمی ہے۔ پان کھاسکتا ہے۔ اور حقہ خاص استعمال کرسکتا ہے۔ تمباکو خانہ ساز ہو۔ کھانے پینے میں احتیاط لازم ہے۔ عامل باوضو رہے۔ ورد کے طور پر ہمیشہ احبب یا غقصدیل بحق یا غنی یا قیوم یا صمد یا دائم ۱۱۱ بار اور یا کلکائیل ۱۱۴ بار پڑھتا رہے۔

نقش یہ ہے

۳۰۱	۲۹۸	۲۹۱	۳۰۴
۲۹۲	۳۰۳	۳۰۲	۲۹۷
۳۰۶	۲۹۳	۲۹۶	۹۹۹
۲۹۵	۳۰۰	۳۰۵	۲۹۴

احبب یا غقصدیل بحق یا غنی یا قیوم یا صمد یا دائم یہ عبارت چاروں طرف تعویذ کے لکھے

عمل دست غیب دوسو روپیہ روزانہ کا

ہر مہینہ کے غرہ کو غرہ ۳۰ تاریخ کو ہوتا ہے۔ یا منعم ۴۴۰۰ بار پڑھے۔ پھر وقت طلوع آفتاب شرق رو ہو کر ایک نقش لکھے۔ اور سیدھے ہاتھ میں لے کر دو انگشت شہادت و وسطیٰ سے پکڑ کر ۲۰۰ بار یا منعم پڑھے۔ اول وآخر ۱۱-۱۱ بار درود پھر سر میں باندھ لے۔ علی الصباح اُسے کھالے۔ دوسرا لکھ لے۔ اور ایسے ہی کرے۔ خالی جگہ میں ایک سال تک دو کہ لکھا جاتا ہے پھر دو روپیہ پھر دو اشرفی۔ اگر کبھی ناغہ ہو۔ تو بدستور اول کرے۔ ملتے رہیں گے۔

نقش یہ ہے۔

۴۲	۶۰	۹۸	ذوالکریم
۹۲	۶	۳۶	۶۶
۱۲	۱۱۰	۴۸	۳۰
۵۴	۲۴	۱۸	۰۴

برائے مہربانی حکام وافسران

اپنے نام کے اعداد میں اک کے اعداد بڑھا کر، کم کر کے نصف کرے۔ پھر اسم مطلوب کے اعداد میں روز کے اعداد بڑھائیے۔ اور، کم کر کے نصف کرے پھر مشک وزعفران سے اتوار کے دن ۱۱ بجے دوپہر کے نقش مربع کھینچے۔ کہ خانہ اول کے بر بنت ار مربع پر کرے اعداد اسم طالب سے اور آٹھ خانے اعداد اسم مطلوب سے۔ اگر اعداد طالب میں کسر ہو۔ تو خانہ پنجم میں پورے کرے۔ اور مطلوب کی کسر تیرھویں خانے میں زیادہ پورے کرو۔ لکھنے کے وقت میٹھا منہ ہو کر۔ بخور صندل جلاؤ۔ اور زیر نقش لکھو۔ الٰہی بحرمت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم اس نقش رکھنے والے کو فلاں کی نظر میں معظم ومکرم کر۔

طالب خانہ عدد ۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	مطلوب خانہ عدد ۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

اور سبز کپڑے میں لپیٹ کر بازو پر باندھ لو۔ اور اتوار کو کافور کے دھونی دیا کرو۔ اگر بیوی یا میاں کے لئے لکھنا ہو۔ یا کسی اور کے لئے۔ تو جمعہ کو لکھو مجرب المجرب ہے۔

حب شرطیہ کا نقش

اعداد سورۃ الم نشرح کے نقش کو گیارہ عدد لکھ کر فتیلے بنا لے۔ اور بسوئے خانہ مطلوب فتیلہ کا منہ کر کے چنبیلی کے تیل میں جلائیے۔

۱	۷۵۴۸۶	۱۰۰۴	۴۳۱۸۴۹
۱۰۰۵	۴۳۱۸۱۸ — الحب — فلاں بن فلاں علے حضور بحق ہذا ۱۵ اسم بحق العزیز گرفتار شد العلق العریق	۲۰	۷۵۴۸۵
۴۳۱۸[illegible]	۱۰۰۲	۷۵۴۸۸	۳
۷۵۴۸۹	۴	۴۳۱۸۴۶	۱۰۰۳

النار النار النار الساعۃ الساعۃ الساعۃ الساعۃ

العجل العجل العجل الوحا

دس ناموں کا عمل

ان ناموں کی عظمت دائرہ تحریر میں نہیں آسکتی۔ نہ ظاہر کرنی مقصود ہے۔ اس لئے کہ نااہلوں کے سامنے رکھئے اپنے بھی نہیں کھوئیے۔ العاقل تکفیتہ الاشارہ عقلمندوں کو اشارہ کافی ہے۔ یہ عمل کرنے سے پہلے مشق کر لو۔ تاکہ غلط اور بے ترتیب نہ ہو جائے۔ اور ہلاکت ہو جاتے۔ شریعت کی پابندی۔ پابندی نماز راست گوئی شروع عمل بساعت سعید۔ خلوت کسی سے نہ ملے نہ جلے۔ مگر بشرط قضائے حاجت کم کھائیے۔ نامحرم کو نہ دیکھے۔ ہر وقت آنکھ بند رکھتے۔ پاک کپڑے ہوں۔ پاک جگہ خطرات سے دل صاف ہو۔ دعائے نیک کرے۔ رو بقبلہ بیٹھے۔ اور مربع بیٹھے۔ مراقبہ کرے تصفیہ قلب کے لئے ذکر کی مداوت ہو۔ جو کچھ دیکھے۔ کسی سے نہ کہے۔ انشاء اللہ کامیابی۔ عمل پر جمیع حاجتیں پوری ہوں گی۔ مطلوب آئے گا۔ فتوحات ہو گی۔ مارگزیدہ کو دم کر دو۔ پانی صحت دے گا۔ جادو دور ہو گا۔ مریض صحت پائیگا۔ کشف قبور ہو گا۔

بعد عمل قاضی حمیدالدین ناگوری اور شاہ محمد غوث گوالیاری کی نیاز دلاؤ۔ انہیں سے یہ عمل روایت ہے۔ صبح اٹھتے ہی پہلے دس بار پڑھ کر آنکھوں پر ملے۔ مابین سنت و فرض فجر اہم بار پڑھے۔ اہم بار یا اسرافیل یا طاطائیل یا وردائیل بحق یا اللہ الرفیع جلالہٗ یا اللہ پڑھے وہ نام جو درج تھے۔ جن کا یہ سب کرشمہ ہے۔ وہ یہ ہیں۔ شراہُو لِذِعی جوسناً منوعاً عالماً طیوسونا سلیماً ملیخاً ملقوماً یاقیوماً بحق کہیعص وبحق حمعسق

مریض کو کیا مرض ہے؟

یہ اس طرح معلوم ہوتا ہے۔ کہ مریض کے نام کے اعداد دوگنے کرے۔ اور اعداد روز دریافت جمع کر کر تاریخ کے اعداد بھی جمع کرے۔ ۳ پر تقسیم کرے۔ ایک بچے آسیب ہے۔ دو بچیں سحر ہے۔ تین بچیں مرض جسمانی ہے۔

آسیب زدہ کیلئے گنڈا

کچے سوت کے سات تار مطابق قد آسیب زدہ لے کر ان الذین فتنوا المومنین والمومنات ثم لم یتوبوا فلھم عذاب جھنم ولھم عذاب الحریق ۱۱ بار پڑھو۔ ۳ بار کلمہ تمجید ۳ بار دمار میت اذا رمیت ولکن اللہ رمی ۳ بار واذا بطشتم جبارین ۳ بار یا بدوح احب یا جبرائیل یا دردائیل یا افتمائیل یا منکفیل ۳ بار یا فہما قہرب یا جبار یا الجبروت ۳ بار الم ترکیف ۳ بار لا یلاف ۳ بار آیۃ الکرسی ۳ بار الحمد اس تاگے پر پڑھو۔ اور تین تین بار درود پڑھ کر تو گرہ لگا دو۔ اور دفن کرادو۔ سحر اُتر جائے۔ مرض سے شفا ہو گی۔

برائے اولاد

سات چھوہاروں پر باوضو سورۃ مزمل شریف پڑھو۔ سات بار۔ اور ہر جمعہ کو ایک ایک چھوہارہ عورت کو کھلاؤ۔ انشاء اللہ ثمر ور ہو گی۔

کسی قسم کی کہیں درخواست منظور کرانی ہو

تو اس پر مضمون لکھ کر باریک سے کسی کونے پر ۹۰ ہم لکھ دو۔ انشاء اللہ درخواست منظور ہو گی۔

خون حیض کہ بے انتہا جاری ہو اُسے بند کرنے کیلئے

جامن کے پتوں پر یہ تعویذ لکھ کر جوش دے کر پلاؤ۔ فوراً بند ہو گا۔

۶۹۵	۶۹۸	۱۰۱	۶۸۸
۷۰۰	۶۷۹	۶۹۴	۶۹۹
۱۹۰	۷۰۲	۶۹۶	۶۹۳
۶۹۷	۶۹۲	۶۹۱	۷۰۱

مرض سوکھا کے لئے

کبل سے گھٹنے پر لکھے۔ علیقاً ملیقاً طلیقاً انت تعلم ما فی قلوبھم ملیقاً بحق یا بدوح

مرض مسان در وجود این بچہ آزار رساند دفع شود بحق خدا و رسول بحق سلیمان بن داؤد علیہ السلام و اصحاب کہف من قطمیر برحمتک یا ارحم الراحمین

بچہ کے کرتے میں یہ تعویذ بتی بنا کر رکھ دو۔ اس میں ڈال کر اہم روز گلے میں پہناؤ۔ اگر بچہ میں قوت برداشت نہ ہو۔ اس کی ماں پہنے۔ اور سوتے وقت سرہانے رکھ لے۔ اہم دن کے بعد الگ کر کے شہر سے باہر دفن کرا دے۔ زکوٰۃ سوا پانچ آنے اصحاب کہف کا تحفہ کرے۔

۷۸۶

۱۸	۱۱	۱۶
۱۳	۱۵	۱۷
۱۴	۱۹	۱۲

جس عورت کے حمل گر جاتے ہوں اس کا گنڈہ

سوت کے اہم تار سپاری میں سوراخ کر کے ڈالے۔ اور سورۂ مزمل پڑھے۔ اور اہم گرہ چھالیہ پر دے۔ اور عورت کے گلے میں پہنائے۔ کہ ناف پر لٹکے۔ حلوے پر خواجگانِ چشت کی نیاز دلائے۔

نئے آسیب زدہ کی چارپائی کیلئے

بسم اللہ بابنا تبارک حیطانا تنا یٰس سقفنا کہیعص کفاتینا حمعسق فسیکفیکہم اللہ وھو السمیع العلیم کیلوں پر پڑھ کر چاروں پایوں میں ٹھوک دے۔ اور آیت الکرسی دم کر دے۔

برائے حفاظت مکان آسیب

حق لکھ کر لگا۔ نقش سامنے ہے۔

عظمت بر بکم یا		باقی	عظمت بر بکم یا
۸	۶	۴	۲
۲	۴	۶	۸
۶	۸	۲	۴
۴	۲	۸	۶
بحق یا بدوح			بحق یا بدوح

برائے دھونی آسیب زدہ

سات بار لایلاف پڑھ کر لکھو۔

(نقش سورۂ مزمل)

۷۸۶

۱۷۴۹۱	۱۷۴۹۴	۱۷۴۹۸	۱۷۴۸۴
۱۷۴۹۷	۱۷۴۸۵	۱۷۴۹۰	۱۷۴۹۵
۱۷۴۸۶	۱۷۵۰۰	۱۷۴۹۲	۱۷۴۸۹
۱۷۴۹۳	۱۷۴۸۸	۱۷۴۸۷	۱۷۴۹۹

یہی نقش چنبیلی کے تیل سے بتی بنا کر روشن کرو۔ مکان آسیب زدہ میں

فلیتہ آسیب کو حاضر کرنے کیلئے

ایک فتیلہ جانب راست ایک بجانب چپ اور ایک سامنے نئے چراغ میں جلائے۔ فتیلہ روئی میں لپیٹ لو۔ فتیلہ سے فتیلہ روشن نہ کرو۔ ایک تعویذ مریض کے گلے میں باندھو۔ اور فتیلہ دوسرا نقش ایک ایک لکھ کر پاس رکھو۔ اور مریض کو بھی لکھ کر پلاؤ۔ اور مریض کے کھانے پر بھی یہ دعا پڑھو قُلْ اُوْحِیَ اِلَیَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ و الانس و سحران فی ذالک

برائے حاضری آسیب بھی یہی لکھو۔ اور لکھو۔ ششہارا ششہارا ششہارا وہ علیقا علیقا علیقا۔ ملیقا ملیقا ملیقا۔ طلیقا طلیقا۔ طلیقا انت تعلم ما فی قلوبھم مشروق مشروق مشروق۔ بحق سلیمان بن داؤد علیہ السلام مریض ہذا (نام مریض) حاضر شو۔ حاضر حاضر شو بحکم ہر سہ شاہان جنات و ساحران جن و انس و خبیث بھوت دیو چڑیل سحر جادو سفلی و علوی

بحکم شاہ یکنانوش

۷۸۶

۱۵	۲۰	۱۳
۱۴	۱۶	۱۸
۱۹	۱۲	۱۷

بحکم شاہ زنانوش

۷۸۶

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

بحکم شاہ ہربانوش

۷۸۶

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

۸	۹	۳
۲	۷	۱۱
۱۰	۴	۶

۸	۹	۴
۲	۷	۱۱
۱۰	۴	۶

۸	۹	۳
۳	۷	۱۱
۱۰	۴	۶

۸	۹	۲
۲	۷	۱۱
۱۰	۴	۶

۸	۹	۳
۲	۷	۱۱
۱۰	۴	۶

۸	۹	۳
۲	۷	۱۱
۱۰	۴	۶

۸	۹	۳
۲	۷	۱۱
۱۰	۴	۶

۸	۹	۳
۲	۷	۱۱
۱۰	۳	۶

۸	۹	۳
۲	۷	۱۱
۱۰	۴	۶

برائے درد سر مجرب

یا مبوح یا بوح یا سبوح لکھ کر باندھے۔

نقش بینائی کو تقویت دینے کیلئے

نہایت جلی قلم سے لکھ کر تنہائی میں تھوڑی دیر روزانہ دیکھنے کا ورد کرے۔
انشاء اللہ بینائی روز بروز بڑھے گی۔ الحمد

الحمد للہ علی احسانہ

کہ کتاب موسومہ عملیاتِ جہانگیری آج پوری ہو گئی۔ آخر میں فرض جو مجھ پر ہے۔ اُس سے بھی سبکدوش ہوتا ہوں۔ اور عند اللہ طالبان پرخلوص کو ان تمام عملیات اور تعویذات کی اجازت دیتا ہوں۔ جو مجھ کو اولیائے عظام اور عاملین کرام سے دور دراز کی سفر کی صعوبتیں برداشت کرنے کے بعد حاصل ہوئے تھے۔ کاش اس خزینہ بے بہا کی لوگ قدر کریں۔ اور یہ کتاب کسی نااہل کے ہاتھ نہ پڑے۔ اگر کسی امر کے متعلق کوئی بات سمجھ میں نہ آئے تو بذریعہ جوابی خط مجھ سے دریافت کر لی جائے۔ الحمد للہ کہ میں ابھی بقید حیات ہوں۔ وہ لوگ جو میرے سلسلے میں مجھ سے وابستہ ہیں۔ اُن سے میں یہ امید رکھتا ہوں وہ ضرور ان چیزوں سے فائدہ اٹھائیں گے۔

الراجی اللہ رحمت الصمد

صوفی شرف الدین احمد وارثی عفی عنہ (رہبر بھٹی) وارد حال لاہور

پولٹری فارمنگ رنگین باتصویر
اس کتاب میں مرغیوں کی نسلیں۔ اُن کے نام جماعت بندی۔ عمر اور وزن کا تعلق اور پہچان
مثالی فارم تعمیر کرنے کیلئے ہدایات۔ پانی اور خوراک کے ذریعہ ادویات کھلانا۔ مُردہ مرغیوں اور
چوزوں کا تلف کرنا۔ ننھے چوزوں کی مثالی پرورش۔ متوازن خوراک، پانی اور خوراک کے مختلف
برتن۔ خوراک کا سائنسی تجزیہ، مختلف وٹامنز۔ خوراک تیار کرنے کے طریقے۔ انڈے دینے
والی مرغیوں کیلئے خوراک کی تیاری۔ چوزوں کی پرورش۔ مرغیوں کی پرورش۔ بیماریوں سے
بچنے کی تدابیر۔ زیادہ گرمی اور زیادہ سردی سے بچانا۔ سانس کی بیماریاں۔ سرسام۔ پیچش
دماغ اور حرام مغز کی سوزش کی بیماریاں۔ فاؤل پلیگ۔ فاؤل پاکس یعنی چیچک۔ میرک بیماریاں
سرطانی رسولیاں اور جراثیم سے پیدا ہونے والی امراض۔ بیماریوں سے بچاؤ کی احتیاطی تدابیر۔ بیماریوں
کی روک تھام کے بنیادی اصول۔ غرضیکہ یہ کتاب اُن دوستوں کیلئے بھی مفید ہے جو شوقیہ
طور پر مرغیاں پالتے ہیں اور اُن دوستوں کیلئے تو ایک نعمت سے کم نہیں جو تجارتی مقاصد کیلئے
اس تجارت میں آنا چاہتے ہیں یا آ چکے ہیں۔ بڑے سائز کی بڑی کتاب قیمت صرف ساٹھ روپے ۶۰/
مشہور و معروف طبّی کتب
① دل کی بیماریاں
② شوگر اور اس کا علاج
③ یاد داشت بہتر بنایئے
④ سر درد کا علاج
⑤ اعصابی تناؤ دُور کریں
⑥ موٹاپا خود ایک بیماری ہے۔
⑦ نزلہ زکام سے بچاؤ۔
⑧ بلڈ پریشر کا علاج۔

بیماریوں کا روحانی علاج
اس کتاب میں بچوں، جوانوں، مردوں، عورتوں اور عمر رسیدہ بوڑھے افراد کی ہر قسم کی تکالیف اور بیماریوں کا علاج
بذریعہ آیات قرآنی دیا گیا ہے۔ مختلف بیماریاں جن کا علاج تحریر کیا گیا ہے اِن میں سے چند ایک درج ذیل ہیں۔
بچوں کی بیماریاں: بخار، چیچک، نظرِ بد، کان کا درم، آنکھ درد، پیٹ درد، مرگی کا علاج ہیضہ، تعویذ برائے
دفع قے، خونی دست، کالی کھانسی، دانتوں کا نکلنا اور بچے کا رونا وغیرہ وغیرہ
عورتوں کی بیماریاں: پیدائش میں آسانی۔ عورتوں کے مخصوص ایام، دودھ بڑھانے کے لئے
پیٹ درد، ناف کا درد، دردِ زہ، اولاد کا نہ ہونا، لڑکا پیدا ہو
دیگر بیماریاں: سکونِ قلب، پاگل پن، بلغم کی زیادتی، دمہ، درد جگر، احتلام کا علاج، بواسیر، خارش، ہیضہ، لکنتِ زبان
داڑھ درد، درد قولنج، خوف السر، جریان، یرقان، امساک کا نقش، نامردی، ذیابیطس وغیرہ
علاوہ ازیں چور کو پکڑنا، دعائے ادائے قرض، آیاتِ شفا برائے حاجات، استخارہ حضرت نظام الدین اولیاءؒ
برائے محبت نافرمان اولاد کی اصلاح، نقشِ محبت برائے میاں بیوی، زیارت نبی کریمؐ، حافظہ کو قوی کرنا، جن کو حاضر کرنا
ردِ بلا، مقدمہ میں بریت، قیدی کی رہائی، کھیتوں فصلوں کی حفاظت۔ اسکے علاوہ بیشمار نقش عملیات و تعویذات دیئے گئے ہیں
فائدہ: اس کتاب کے پڑھنے سے ثواب، قلب کو تسکین اور طبیعت کو راحت ملتی ہے
ھدیہ صرف ۱۲/ روپے علاوہ ڈاک خرچ
جہانگیر بک ڈپو، اردو بازار، لاہور۲

ہر قسم کی معلومات کیلئے
جہانگیری جنتری
آفتاب عالم
معرکہ کربلا
رسول پاک کے حالات زندگی
امہات المومنین
شہید اکبر
حضرت ابوبکر صدیقؓ کے حالات زندگی
حضرت عمر فاروقؓ کے حالات زندگی
حضرت عثمانؓ کے حالات زندگی
حضرت علیؓ شیر خدا کے حالات زندگی
سوانحیات حضرت داتا گنج بخشؒ
سوانحیات حضرت سلطان باہوؒ
سوانحیات حضرت بابا فرید گنج شکرؒ
فلاح دارین
مسلمان خاوند
مسلمان بیوی
مسلمان خاوند اور بیوی
اعمال قرآنی
عملیات مقدس
عملیات جہانگیری
تعویذات جہانگیری
گنجینہ عملیات قادری
کتاب تعویذات
طلسمات جہانگیری
جہانگیری جادو
وظائف پیران پیر
وظائف حل مشکلات
لوح سلیمانی
عملیات ربانی
تسخیر قلوب
عملیات فاروقی
قرآنی عملیات
وظائف حقانی عملیات
وظائف سبحانی عملیات
قیافہ شناسی
کمالات مسمریزم
علم جوتش
نقش سلیمانی
کنز الحسین
HAKEEM
جہانگیر بک ڈپو اردو بازار لاہور ۲/

محافظِ جوانی
کثیر التعداد نوجوانوں کی زندگیاں ایسی خراب صحت حالت میں بسر ہوتی ہیں کہ عالمِ جوانی میں کمزور اور نحیف ہو جاتے ہیں، یہ ایک بے بہا تحفہ ہے قیمت
کوک شاستر
تحفۃ العاشقین یہ کتاب صرف ان لوگوں کیلئے شائع کی گئی ہے جن کی شادی ہونے والی ہے یا ہو چکی ہے۔ جوانی کا پورا لطف اٹھائیں قیمت
حکمت کے راز
اس کتاب میں تجربہ شدہ نسخے درج ہیں معمولی بیماریوں سے کر نہایت خطرناک بیماریوں تک سر سے لیکر پاؤں تک ہر بیماری کا علاج
جہانگیری خزانہ
نقلی سونا، چاندی، نکل کرنا صابن وارنش ربڑ کی مہریں ہر قسم کا رنگ سیاہیاں بسکٹ کیک پیسٹری بنانے کے طریقے
جنگلی بوٹیاں
ہر قسم کی بوٹیوں کے نام، خواص، شناخت رنگ فائدے سے شناخت اور استعمال کے طریقے تباہ کن بیماریوں کا علاج کشتہ جات سنیاسیوں کے تجربات کا مجموعہ
رنگائی دھلائی
سوتی ریشمی رنگدار گرم اونی کپڑے دھونے کے طریقے کچی پکی رنگائی، داغ دھبے دور کرنے ڈرائی کلین کرنے صابن بنانے کے طریقے
کالا جادو
ایسے ایسے نادر اور تیر بہدف منتر تنتر عملیات تعویذات ہمزاد کو قابو کر کے سنگدل سے سنگدل بیوفا سے بیوفا معشوق آپکا فرمانبردار اور مطیع بن سکتا ہے قیمت
علمِ جوتش
یہ کتاب آنے والے حالات سے باخبر ہونے میں مدد دیتی ہے ستاروں کی گردش سعد و نحس کی کیفیات نچھتروں کی مجموعی تقسیم سورج اور چاند گرہن کا اثر قیمت
آئینہ مسمریزم
جسے چاہو اپنا مطیع بنا لو، جو کام چاہو کرا لو، دوسروں کو اپنے ماتحت کر لو۔ تصویریں دے کر دکھایا گیا ہے کہ کس طرح مسمریزم کے ذریعے سے کام لیا جاتا ہے
صنعت و حرفت کے راز
بیروزگاروں اور کم مایہ والوں کا تحفہ بناسپتی گھی اگربتی صابن خوشبودار تیل پوڈر عطریات سیاہیاں بوٹ پالش منجن مربہ خضاب معجون وغیرہ
قیمت روپے
تیل عطر
ہر قسم کے تیل عطر روغنیات خوشبوئیں بنانے کے آسان اور سہل نسخہ جات درج ہیں۔ بیروزگار بھی تھوڑی سی رقم خرچ کر کے اپنی زندگی کامیاب بنا سکتے ہیں
قیمت
علمِ قیافہ
آپ پر کیسا زمانہ آنے والا ہے اور کیا فائدہ اور نقصان ہونے والا ہے زندگی کے ہر دور کے راز معلوم کرنا انسان کے اعضا میں کیا خوبیاں ہیں اور آپکی قسمت سے کیا وابستہ ہے
عربی بول چال
عربی زبان سے ناواقفیت کی وجہ سے حرمین شریف میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے بحرین کویت مسقط اردن وغیرہ جانے کیلئے اکسیر کا کام دیگی
قیمت
درزی خانہ
جہانگیری
ہر قسم کے لباس بچوں سے لے کر بوڑھوں تک صحیح پیمائش نقشہ جات تصویریں نئے ڈیزائنوں کے ساتھ شریف مستورات کے لئے بہترین مددگار ثابت ہوگی۔
عملیات فاروقی
دولت اولاد تندرستی روزگار کوئی مشکل نہیں جو مانگو گے مل جائے گا یہ کتاب ہر مشکل آپکی مشکل کشائی کرے گی۔
قیمت روپے
جہانگیر بک ڈپو۔ اردو بازار۔ لاہور
محصول ڈاک بذمہ خریدار ہوگا

ہماری خوبصورت اور معیاری کتب
کیرو پامسٹری ۱۳/۰
سٹیل فکسنگ
آسان کراٹے
سکوٹر ہینڈ بک
باڈی بلڈرز پاکٹ بک
قسمت ہاتھ کے آئینہ میں
ہم اور ہمارے ہاتھ
کمالات مسمریزم
موٹر سائیکل ہینڈ بک
مکمل جوڈو
کلرٹی وی میکینک
جوڈو سیکھئے
ٹیلرز کٹنگ اینڈ ڈیزائننگ بک
گیس کٹنگ اینڈ گیس ویلڈنگ
الیکٹریکل سپروائیزر
۱۸/۰
علم قیافہ شناسی
کراٹے سیکھئے
موٹر وائینڈنگ
عملی ٹرانسسٹر
سبزیاں کاشت
بروس لی
سمارٹ بنیئے
پلمبرز پاکٹ بک
پائپ ورکس اور ویلڈنگ
باغبانی
یوگا ہم سب کیلئے
ہینڈ بک خراد
آٹو الیکٹریشن
پائپ فٹنگ
کھیتی باڑی
عجیب و غریب شعبدے
ریفریجریٹر گائیڈ
جہانگیر بک ڈپو، چوک اردو بازار لاہور